58

بانی صوفی غلام محمد

سرینگر ٹائمز



واشنگٹن سندر سیریز سے باہر

[illegible] (ایجنسیاں اندر)

سیواچ نے انتظار ختم کیا

[illegible] (ایجنسیاں اندر)

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 271 | صفحات : 08 | ۲ اکتوبر ۲۰۲۶ء بروز جمعۃ المبارک بمطابق ۱۹ ربیع الثانی ۱۴۴۸ھ | Friday 02nd October 2026 | جلد نمبر 58

میراتھن جموں وکشمیر یونین ٹریٹری کے امن اور ترقی کی علامت/منوج سنہا

لیفٹیننٹ گورنر کا جموں وکشمیر پولیس کی 'کشمیر میراتھن۔رن فار یونٹی' کی اختتامی تقریب سے خطاب

سرینگر/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے 'کشمیر میراتھن۔رن فار یونٹی' کی اختتامی تقریب میں شرکت کی۔ انہوں نے اس ایونٹ میں حصہ لینے والے نوجوانوں کے جوش وخروش اور توانائی کی سراہنا کی، تمام دوڑنے والوں کو مبارک باد دی اور میراتھن کے انعقاد پر جموں وکشمیر کی ستائش کی۔ یہ میراتھن اب یونین ٹیریٹری میں امن، اتحاد اور ترقی کی علامت بن چکی ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے اپنے خطاب میں کہا کہ "رن فار یونٹی" کی دوڑ محض رفتار یا برداشت کا نام نہیں بلکہ اجتماعی عزم اور یقین کی طاقت کا نام ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس دوڑ نے چیلنجوں پر قابو پانے کے لئے عزم اور اتحاد کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا، "رن فار یونٹی کی دوڑ محض ہمارے قدموں کی رفتار نہیں ہے۔ یہ ہمارے عزم کی رفتار ہے اور اس یقین کی رفتار ہے جو ہمیں بتاتا ہے کہ جب لوگ ایک ساتھ چلتے ہیں تو کوئی منزل ناممکن نہیں رہتی۔" لیفٹیننٹ گورنر نے ہندوستان کے تنوع کو اس کی سب سے بڑی پہچان قرار دیتے ہوئے کہا کہ زبان، روایات، کھانے اور لباس میں فرق کے باوجود ہندوستان کی دھڑکن ایک ہی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اتحاد ہندوستان کی طاقت ہے اور جب لاکھوں قدم ایک ہی سمت میں بڑھتے ہیں تو بلند ترین پہاڑ بھی عبور کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا، "کشمیر میراتھن۔رن فار یونٹی" کے ذریعے نوجوانوں نے یہ پیغام دیا ہے کہ متحد ہندوستان کے لئے کوئی بھی ہدف/1

کمرشیل LPG سلنڈر مہنگا

گھریلو سلنڈر کی قیمت جوں کی توں

نئی دہلی/یو این آئی/ تیل کی مارکیٹنگ کرنے والی کمپنیوں نے جمعرات سے کمرشیل ایل پی جی سلنڈر کی قیمتوں میں اضافہ کردیا ہے، حالانکہ گھریلو سلنڈر کی قیمت میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ دہلی میں ریستوران، ہوٹل وغیرہ میں استعمال ہونے والا 19 کلوگرام کا ایل پی جی سلنڈر آج سے 2810 روپے کا ہوگیا ہے۔ ستمبر میں اس کی قیمت 2747.50 روپے تھی۔ اس طرح یہاں 62.50 روپے کا اضافہ کیا گیا ہے/2

صاف، سستی اور موسمیاتی لحاظ سے مضبوط الیکٹرک موبلٹی کا روڈ میپ

وزارتی کونسل کی منظوری، وزیر ٹرانسپورٹ ستیش شرما کو وزیر اعلیٰ کی مبارک باد

سرینگر/ جموں وکشمیر حکومت نے بے ایجنڈ کے الیکٹرک وہیکل پالیسی۔2026 کی منظوری دی ہے جس کی منظوری وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی سربراہی میں وزراء کی کونسل نے دی جس میں جموں وکشمیر میں صاف، سستی اور موسمیاتی لحاظ سے مضبوط الیکٹرک موبلٹی کو بڑھانے کے لئے چھ سالہ روڈ میپ طے کیا گیا ہے۔ یہ پالیسی جو 2026ء تا 2032ء کے دوران نافذ ہوگی، کا مقصد الیکٹرک گاڑیوں کو اپنانے میں تیزی لانا، چارجنگ بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کرنا اور جموں وکشمیر کے تمام 20 اضلاع میں الیکٹرک موبلٹی کے لئے ایک معاون ماحول تیار کرنا ہے۔ یہ پالیسی 2032ء تک 1.40 لاکھ الیکٹرک گاڑیوں کا ہدف رکھتی ہے جس کے لئے مانگ بڑھانے والی مراعات، موسم کے مطابق بنیادی ڈھانچے، پاور گرڈ سے انضمام، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ، ہنر کی ترقی اور روزگار پیدا کرنا شامل ہے۔ سٹرٹیجک انفراسٹرکچر روڈ میپ کے تحت پالیسی میں 900 پبلک چارجنگ سٹیشنز کے قیام کی تجویز ہے جن میں شہری کوریڈورز اور ہائی ویز کوریڈورز پر 140 فاسٹ چارجنگ ہب بھی شامل ہیں۔ پالیسی میں ای وی کے لئے تیار پارکنگ کی بھی فراہمی شامل ہے جس میں عمارتوں کے بائی لاز کے مطابق پارکنگ کی 20 فیصد گنجائش ای وی کے لئے تیار ہوگی۔ پالیسی میں جموں وکشمیر کے مخصوص موسمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے "سپیشلائزڈ ونٹر ویلیڈیشن پروٹوکول" متعارف کیا گیا ہے جس کے تحت الیکٹرک گاڑیوں (ای ویز) کی سرمائی کارکردگی کی جانچ بالخصوص برفباری اور نقطہ انجماد سے کم درجہ حرارت میں کی جائے گی۔ یہ فریم ورک ای وی چارجنگ ڈیمانڈ کو پاور سسٹم کے ساتھ منظم طریقے سے مربوط کرنے کی کوشش بھی کرتا ہے۔ پالیسی میں ای وی کو اپنانے کی حوصلہ افزائی کے لئے ای وی قرضوں/4

شری ماتا ویشنو دیوی روایتی یاترا روٹ کی بحالی کو منظوری

15 کروڑ روپے کی لاگت آنے کا تخمینہ، وزیر اعلیٰ کا اعلان

سرینگر/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی قیادت میں حکومت نے شری ماتا ویشنو دیوی روایتی یاترا روٹ کی بحالی کے لئے انتظامی منظوری دی ہے جس کی تخمینہ لاگت 15 کروڑ روپے ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ روایتی راستے کی بحالی کا مقصد اس کی تاریخی اہمیت کو محفوظ رکھنا اور پرُ سفر پر آنے والے یاتریوں کے لئے سہولیات اور بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانا ہے۔ شری ماتا ویشنو دیوی مندر، جموں وکشمیر کے اہم مذہبی زیارتی مقامات میں شامل ہے جہاں ہر برس ملک بھر اور بیرون ملک سے لاکھوں عقیدت مند حاضری کے لئے آتے ہیں۔ اس منصوبے کے تحت روایتی یاترا روٹ/3

انسانی اسمگلنگ اور سائبر فراڈ نیٹ ورک کے خلاف کریک ڈاؤن

SIA کے جنوبی کشمیر کے کولگام اور قاضی گنڈ میں کئی مقامات پر چھاپے

سرینگر/ یو پی آئی/ ریاستی تحقیقاتی ایجنسی (ایس آئی اے) نے بین الاقوامی انسانی اسمگلنگ اور سائبر فراڈ نیٹ ورک کے خلاف کارروائی تیز کرتے ہوئے جنوبی کشمیر کے کولگام اور قاضی گنڈ میں دو مقامات پر چھاپے مار کر اہم دستاویزات اور دیگر مواد ضبط کرلیا ہے۔ ایس آئی اے کے مطابق یہ تلاشی کارروائیاں کولگام کے بیگم چیگام میں غلام نبی کھانڈے عرف چاربی، عرف محسن، عرف جیری خان اور قاضی گنڈ کے باغ پورہ یار خوشی پورہ میں عاشق حسین شیخ کے رہائشی مکانات پر کی گئیں۔ ایجنسی کے مطابق یہ کارروائی آج علی الصبح مجاز عدالت سے حاصل کیے گئے تلاشی وارنٹ کی بنیاد پر پولیس اسٹیشن ایس آئی اے کشمیر میں درج ایف آئی آر نمبر 01/2026 کے سلسلے میں انجام دی گئی۔ تلاشی کے دوران موبائل فون، شناخت سے متعلق دستاویزات، بینک کارڈز، پاسپورٹ اور ملازمت کے معاہدوں سمیت متعدد اہم مواد ضبط کیا گیا، جس کی جانچ پڑتال جاری ہے۔ ایس آئی اے کا کہنا ہے کہ ابتدائی تحقیقات میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ مقامی سہولت کار بیرون ملک موجود مبینہ ہینڈلرز کے ساتھ رابطے میں رہتے ہوئے جموں وکشمیر سمیت ملک کے دیگر علاقوں کے کمزور اور بے روزگار نوجوانوں کو بیرون ملک ملازمت دلانے کا جھانسہ دیتے تھے/6

جموں وکشمیر میں کوئی بھی اہل ووٹر اندراج سے محروم نہ رہ جائے/CEO

سرینگر/ چیف الیکٹورل آفیسر (سی ای او) جموں وکشمیر سنجیو ورما نے آج ڈسٹرکٹ الیکشن افسران (ڈی ای اوز) اور الیکٹورل رجسٹریشن افسران (ای آر اوز) کے ساتھ ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ اس میٹنگ کا مقصد مسلسل اپ ڈیٹ کرنے کے عمل کے تحت ان اہل ووٹروں کا اندراج کرنا تھا جو اب تک فہرست میں شامل نہیں ہوسکے ہیں یا جو نئے اہل ووٹرز نوجوان/پہلی بار ووٹ دینے والے/5

محکمہ ایگریکلچر کے ڈپٹی ڈائریکٹر اور معاون 50 ہزار روپے "رشوت" لیتے ہوئے گرفتار

پودوں کے بیج فروخت کرنے کی اجازت دینے کیلئے 2 لاکھ روپے کا "مطالبہ" تھا

سرینگر/ یو این آئی/ جموں وکشمیر کے انسداد بدعنوانی بیورو (اے سی بی) سری نگر نے زراعت کے ایک ڈپٹی ڈائریکٹر اور اس کے معاون کو بیج فروش سے مبینہ طور پر 50000 روپے رشوت طلب کرنے اور قبول کرنے کے الزام میں گرفتار کیا ہے۔ حکام نے یہ اطلاع دی۔ ملزم سرکاری ملازم کی شناخت زراعت کے ڈپٹی ڈائریکٹر، قانون نافذ کرنے والے شعبے، نصیر احمد خان کے طور پر ہوئی ہے، جبکہ اس کے مبینہ بیچ لینے والے کی شناخت سری نگر کے قمرواڑی کے محمد اویس بھٹ کے طور پر کی گئی ہے۔ اے سی بی کے مطابق، اسے ایک تحریری شکایت موصول ہوئی تھی، جس میں الزام لگایا گیا تھا کہ خان نے ایک بیج فروش سے اس کی دکان پر پودوں کے بیج فروخت کرنے کی اجازت دینے کے لیے 2 لاکھ روپے کا مطالبہ کیا ہے۔ شکایت کنندہ پہلے ہی مجبوری میں ایک لاکھ روپے ادا کرچکا تھا، جبکہ باقی رقم 50000 روپے کی 2 قسطوں میں ادا کرنے پر مبینہ طور پر اتفاق ہوا تھا۔ شکایت موصول ہونے کے بعد اے سی بی نے تصدیق کی، جس میں ابتدائی طور پر غیر قانونی رقم کے مطالبے کے الزامات درست پائے گئے۔ 30 ستمبر کو اے سی بی نے ایک جال بچھانے والی ٹیم تشکیل دی۔ جال بچھانے کی کارروائی کے دوران خان اور بھٹ کو مبینہ طور پر شکایت کنندہ سے 50000 روپے کا مطالبہ کرتے اور قبول کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا گیا۔ اے سی بی نے بتایا کہ رشوت کی رقم ان کے قبضے سے برآمد کرلی گئی، جس کے بعد دونوں کو موقع پر ہی گرفتار کرلیا گیا۔ بعد ازاں ملزمین کا طبی و قانونی عمل مکمل کیا گیا اور انہیں محفوظ حراست کے لیے سری نگر کے شہید گنج پولیس اسٹیشن میں رکھا گیا ہے۔ معاملے کی مزید تفتیش جاری ہے۔

اندرون شہر منشیات سپلائی کی زنجیر کا انکشاف، 8 گرفتار/SSP

تقریباً 1.52 کروڑ روپے مالیت کے 108 سونے کے سکے اور سونے کے بسکٹ برآمد

سرینگر/ جے کے این ایس/ سرینگر پولیس نے شہر میں سرگرم منشیات کے ایک بڑے منظم نیٹ ورک کا پردہ فاش کیا ہے۔ تفتیش کے دوران ایک ایسی بین ریاستی منشیات سپلائی چین کا انکشاف ہوا ہے جو ممنوعہ دواؤں (فارماسیوٹیکل ڈرگز) کی خریداری، نقل وحمل، ذخیرہ اندوزی، تقسیم اور مالی معاونت میں ملوث تھی۔ جے کے این ایس کے مطابق ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ایس ایس پی سری نگر ڈاکٹر جی وی سندیپ چکرورتی نے بتایا کہ تھانہ صفا کدل میں درج ایف آئی آر نمبر 135/2026 کی تفتیش کے دوران اب تک 8 ملزمان کو گرفتار کیا جاچکا ہے، جبکہ پولیس نے اس نیٹ ورک کے روابط کا سراغ چنڈی گڑھ، پنچکولہ اور انبالہ تک لگایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تفتیش سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ یہ معاملہ/7



ہانجی پورہ کولگام میں ریچھ کا حملہ

دو خواتین سمیت 4 افراد کی چیر پھاڑ

سرینگر/ اے پی آئی نیوز کے مطابق جنوبی کشمیر کے پہاڑی ضلع تندی مرگ کولگام میں اس وقت سنسنی اور خوف ودہشت کا ماحول پھیل گیا جب ریچھ نے 4 افراد پر حملہ کرکے انہیں شدید طور پر زخمی کردیا۔ ضلع انتظامیہ نے اس بات کی تصدیق کی کہ ریچھ کے حملے میں دو خواتین سمیت 4 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ انتظامیہ کے مطابق دونوں خواتین کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے جبکہ دو زخمی ہوئے مردوں کی حالت مستحکم ہے۔ ریچھ کے حملے میں زخمی افراد کی شناخت آر پورہ کی شفیقہ بانو زوجہ بشیر احمد ڈار، عائشہ بانو زوجہ عبدالسلام/8

پبلک سروس کمیشن کو بھرتی کا عمل مستقبل کی ضروریات کے مطابق تبدیل کرنے کی ضرورت/مودی

نئی دہلی میں بھارت منڈپم میں یونین پبلک سروس کمیشن کی صدسالہ تقریب سے خطاب

نئی دہلی/ یو این آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ یونین پبلک سروس کمیشن اور ریاستی سلیکشن کمیشنوں کو مستقبل کی ضروریات کے مطابق انتخاب کے معیار اور بھرتی کے عمل میں تبدیلیاں کرنی چاہئیں۔ وزیر اعظم نے جمعرات کے روز یہاں بھارت منڈپم میں یونین پبلک سروس کمیشن کی صدسالہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انتخابی عمل میں صرف تعلیمی قابلیت ہی نہیں، بلکہ عوام کی خدمت کا جذبہ، پیچیدہ مسائل کو حل کرنے کی صلاحیت اور مستقبل کے چیلنجوں کو سمجھنے کی صلاحیت کو بھی پرکھا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ 21ویں صدی کے نظم ونسق کی بنیاد عوام دوست، متحرک اور گڈ گورننس (اچھا نظام حکومت) ہونا چاہیے۔ "ناگرک دیو بھو" کو نظم ونسق کی بنیاد بتاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شہریوں کی خدمت اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ انہوں نے بھرتی کے عمل میں ایسے افسران کے انتخاب پر زور دیا جو مسائل کا پہلے سے اندازہ لگائیں، ان کے حل تلاش کریں اور قوانین کے اثرات کو شہریوں کے نقطہ نظر سے سمجھیں۔ وزیر اعظم نے امتحانات منعقد کرانے میں لگنے والے وقت کو کم کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ یہ ایک انتہائی اہم موضوع ہے۔ وزیر اعظم نے کہا، "ہمیں امتحان کو صرف ایک تقریب (ایونٹ) کے طور پر نہیں دیکھنا ہے۔ یہ ایونٹ سے کہیں زیادہ نوجوانوں کے مستقبل سے، ان کی زندگی سے جڑا ہوا موضوع ہے۔ امتحانات/9

LG کے جعلی لیٹر ہیڈ اور دستخط کے الزام میں فرد جرم داخل

اننت ناگ ضلع پولیس انتظامیہ کے کام کاج کو غیر قانونی طریقے سے متاثر کرنا تھا

سرینگر/ یو این آئی/ جموں وکشمیر پولیس کی جرائم شاخ کی اقتصادی جرائم اکائی (ای او ڈبلیو) نے پلوامہ کے ایک باشندے کے خلاف جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر کے جعلی لیٹر ہیڈ اور دستخط استعمال کرنے کے الزام میں فرد جرم داخل کی ہے۔ حکام نے جمعرات کو بتایا کہ ملزم پولیس کے کام کاج کو متاثر کرنے کی کوشش کرتا تھا۔ اس سال درج کی گئی ایک ایف آئی آر کے معاملے میں پلوامہ کے ڈیری کے رہنے والے اشفلین مشتاق ڈار کے خلاف سری نگر کی سب جج عدالت میں فرد جرم داخل کی گئی۔ جرائم شاخ کے مطابق، ڈار نے مبینہ طور پر اننت ناگ کے سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ایس ایس پی) کے نام ایک جعلی خط تیار کیا اور اسے اس طرح پیش کیا گیا جیسے وہ لیفٹیننٹ گورنر کی جانب سے جاری کیا گیا ہو۔ ایجنسی نے بتایا کہ یہ پیغام جعلی سرکاری لیٹر ہیڈ پر تیار کیا گیا تھا اور اس پر جعلی دستخط کیے گئے تھے۔ تفتیش کاروں کا الزام ہے کہ اس جعلی پیغام کا مقصد اننت ناگ ضلع پولیس انتظامیہ کے کام کاج کو غیر قانونی طریقے سے متاثر کرنا تھا۔ ای او ڈبلیو نے کہا کہ تفتیش کے دوران جمع کیے گئے شواہد سے الزامات ثابت ہوئے اور ہندوستانی نیائے سنہتا/10

پرواز کے دوران زخمی

کیپٹن مچھار کی حالت مستحکم

نئی دہلی، یکم اکتوبر (یو این آئی) سعودی عرب کے ریاض میں ہندوستانی سفارتخانہ اور جدہ میں واقع ہندوستانی قونصل خانہ فلائی دبئی کی پرواز کے دوران زخمی ہوئے پائلٹ کیپٹن اسمت مچھار کی صحت پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔ ہندوستانی سفارتخانے نے ایکس پر کہا/13

دبئی سے تل ابیب جانے والی فلائٹ میں پائلٹ پر چاقو سے حملہ

کاک پٹ میں جھگڑے کے بعد طیارے کا رخ سعودی عرب کی جانب موڑ دیا گیا

دبئی/ یو این آئی/ متحدہ عرب امارات (یو اے ای) نے دبئی سے تل ابیب جانے والی فلائی دبئی کی پرواز میں پائلٹ پر چاقو سے حملے کی تحقیقات کا حکم دیا ہے۔ حکام اس بات کا جائزہ لے رہے ہیں کہ آیا یہ واقعہ "دہشت گردانہ سرگرمی" سے منسلک تھا یا پہلے سے اس کی منصوبہ بندی کی گئی تھی۔ متحدہ عرب امارات کے اٹارنی جنرل حمد سیف الشمسی نے بدھ کو فلائٹ ایف زیڈ 1073 میں پیش آنے والے واقعے کی تحقیقات کا حکم دیا۔ کاک پٹ میں جھگڑے کے بعد طیارے کا رخ سعودی عرب کے تبوک کی جانب موڑ دیا گیا تھا۔ متحدہ عرب امارات کی سرکاری خبر رساں ایجنسی نے جمعرات کو بتایا کہ تحقیقات میں واقعے کے حالات اور محرکات کا جائزہ لیا جائے گا، جس میں یہ بھی معلوم کیا جائے گا کہ آیا اس کا "دہشت گردانہ سرگرمی" سے کوئی تعلق تھا یا اس کے پیچھے پہلے سے کوئی منصوبہ بندی یا ہدایت کارفرما تھی۔ یو اے ای نے کہا کہ طیارہ ملک میں رجسٹرڈ اور اسی کے پرچم کے تحت پرواز کرتا ہے، اس لیے اس کے عدالتی حکام کو تحقیقات کا اختیار حاصل ہے۔ اماراتی حکام کے مطابق ملکی قانون کسی طیارے میں کیے گئے جرائم پر بھی لاگو ہوتا ہے، "خواہ وہ ملک کی سرحدی حدود سے باہر ہی کیوں نہ پیش آئے ہوں۔" فلائی دبئی نے کہا کہ کاک پٹ میں "جھگڑا" ہوا تھا، جس کے بعد طیارے کا رخ تبوک کی جانب موڑ دیا گیا جہاں اس نے بحفاظت/12

وزیر اعظم نے حادثے سے بچانے والے پائلٹ کو ہیرو قرار دیا

اپنی جان پر کھیل کر سینکڑوں جانیں بچا کر سانحہ کو ٹال دیا

سرینگر/ اے پی آئی/ وزیر اعظم نے دبئی طیارے معاملے میں ملک کے پائلٹ کو ہیرو قرار دیتے ہوئے کہا کہ پائلٹ نے بے مثال بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے سینکڑوں جانیں بچائیں اور دنیا میں بھارت کا نام روشن کردیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارتی پائلٹ کیپٹن مچھار کو ہیرو قرار دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنے شریک پائلٹ کی جانب سے دبئی سے تلیب جانے والی فلائی دبئی پرواز کو مبینہ طور پر حادثے کا شکار بنانے کی کوشش ناکام بنا کر سینکڑوں جانیں بچائیں اور ایک بڑے سانحہ کو ٹال دیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ انتہائی سنگین خطرے کا سامنا کرنے اور شدید زخمی ہونے کے باوجود کیپٹن مچھار نے بے مثال بہادری اور دوسروں کی جانیں بچانے کیلئے غیر متزلزل عزم کا مظاہرہ کیا۔ وزیر اعظم نے ایکس پر اپنی پوسٹ میں کہا، "کیپٹن مچھار ایک ہیرو ہیں۔" انہوں نے کہا کہ ان کی بہادری سے سینکڑوں جانیں بچانے اور ایک بڑے سانحے کو ٹالنے میں مدد ملی۔ بھارت کو کیپٹن مچھار پر فخر ہے۔ وزیر اعظم نے پائلٹ کی جلد/11

حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ کے عرس پر ڈاکٹر فاروق عبداللہ کی مبارکباد

سرینگر//صدر جموں و کشمیر نیشنل کانفرنس ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر و وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے برصغیر کے عظیم صوفی بزرگ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ کے 723ویں سالانہ عرس مبارک کے موقع پر فرزندانِ توحید کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے پیغام میں ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا کہ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ نے اپنی پوری زندگی محبت، امن، انسانیت، رواداری، اخوت اور بھائی چارے کے فروغ کیلئے وقف کی۔ انہوں نے انسانوں کو بلا تفریق مذہب و ملت ایک دوسرے کے احترام، خدمتِ خلق اور محبت کا درس دیا اور برصغیر کی روحانی و تہذیبی زندگی پر گہرے نقوش۔۔۔/102

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے

گاندھی جینتی کے موقعہ پر جموں و کشمیر کے لوگوں کو مُبارک باد دی

سری نگر/ یکم اکتوبر// لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے گاندھی جینتی کے موقع پر عوام کو مُبارک باد پیش کی ہے جو کل 2 اکتوبر 2026 کو منائی جائے گی۔ لیفٹیننٹ گورنر نے اپنے مُبارک بادی کے پیغام میں کہا: "ہمارے 'بابائے قوم' مہاتما گاندھی کے 157 ویں یوم پیدائش کے موقع پر میں جموں و کشمیر کے لوگوں کو دلی مُبارک باد پیش کرتا ہوں۔ پوجیہ باپو نے دُنیا کو یہ دکھایا کہ سچائی، عدم تشدد اور خود انحصاری امن کے لئے دائمی راستے ہیں۔ ان کے لازوال نظریات جیسے ستیہ، اہنسا، سودیشی، سوچھتا اور سرودیا آج بھی انسانیت کی رہنمائی کر رہے ہیں اور ہمیں ملک کی مسلسل ترقی اور خوشحالی کے لئے خود کو وقف کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔ اس موقعہ پر آیئے، پوجیہ باپو کے عظیم اصولوں پر کاربند رہنے کا عہد کرتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کریں۔ آیئے، مل کر ایک پُرامن اور خوشحال جموں و کشمیر اور ایک ترقی یافتہ ہندوستان کی تعمیر کریں۔" ادھر وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے 2 اکتوبر کو منائی جانے والی گاندھی جینتی کے موقعہ پر جموں و کشمیر کے لوگوں کو مُبارک باد پیش کی ہے۔ انہوں نے مہاتما گاندھی کو شاندار خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ سچائی، عدم تشدد، امن اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کا ان کا لازوال پیغام آج بھی نسلوں کو متاثر۔۔۔/111

جموں و کشمیر میں مستقبل کی ضروریات سے ہم آہنگ تعلیم کیلئے ملٹی ورسٹی کے قیام کی پیش رفت

چیف سیکریٹری کا بین الجامعاتی تعاون، مشترکہ وسائل، تحقیق اور صنعت سے روابط کو فروغ دینے پر زور

سری نگر، یکم اکتوبر//// چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج جموں و کشمیر میں ملٹی ورسٹی نظام کے قیام کے امکانات کا جائزہ لینے کے لیے خطے کی مختلف جامعات کے وائس چانسلروں اور محکمہ اعلیٰ تعلیم کے سینئر افسران کے ساتھ تفصیلی مشاورت کی۔ اس اقدام کا مقصد خطے کی جامعات اور ممتاز تعلیمی اداروں کی مشترکہ تعلیمی، تحقیقی، تکنیکی اور بنیادی ڈھانچے کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ایک مربوط تعلیمی نظام تشکیل دینا ہے۔ اجلاس میں جموں و کشمیر کی مختلف جامعات کے وائس چانسلرز، محکمہ اعلیٰ تعلیم کے کمشنر سیکریٹری، ڈائریکٹر کالجز جموں و کشمیر اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ مشاورت کے دوران بین الجامعاتی تعاون کو فروغ دینے، مشترکہ تعلیمی وسائل کے استعمال، کثیر الجہتی تعلیم، طلبہ اور تدریسی عملے کی باہمی نقل و حرکت، تحقیقی شراکت داری اور صنعت کے ساتھ مضبوط روابط کے لیے ادارہ جاتی۔۔۔/101

ڈاکٹر سید درخشاں نے سری نگر میں میگا بلڈ ڈونیشن کیمپ کا افتتاح کیا

بے لوث خدمت اور عزم مصمم وزیر اعظم کے سنکلپ ابھیان کا مشن ہے/ڈاکٹر اندرابی

سری نگر، 01 اکتوبر////چیئرپرسن، جموں و کشمیر وقف بورڈ و وزیر مملکت ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے آج پولو گراؤنڈ پارک، سری نگر میں منعقدہ میگا بلڈ ڈونیشن کیمپ کا بحیثیت مہمان خصوصی افتتاح کیا۔ یہ بلڈ ڈونیشن کیمپ یونائیٹڈ ویلفیئر فیڈریشن آف انڈیا کی جانب سے وزیر اعظم مودی جی کے سنکلپ ابھیان کے تحت منعقد کیا گیا، جس میں سیوا، سمرپن اور رضاکارانہ خون کے عطیے کے ذریعے ایک صحت مند ہندوستان کے جذبے کو اجاگر کیا گیا۔ کیمپ کا مقصد رضاکارانہ خون کے عطیے کی حوصلہ افزائی کرنا اور انسانی جانیں بچانے میں خون کے عطیے کی اہمیت۔۔۔/103

فلاحی اسکیموں کے فوائد آخری مستحق تک پہنچانے کیلئے بی جے پی پرعزم/ست شرما

جموں میں 'سیوا اسپتو - سرکار آپ کے دوار' کیمپ کا انعقاد

جموں، یکم اکتوبر// عوامی خدمت کو محض نعرہ نہیں بلکہ آخری مستحق تک فلاحی فوائد پہنچانے کے مسلسل عزم کا مظہر قرار دیتے ہوئے بھارتیہ جنتا پارٹی جموں ضلع نے صدر ایڈوکیٹ راجیش گپتا کی قیادت میں 'سیوا سنکلپ ابھیان' کے تحت جموں کے گجی چھاؤنی واقع بی جے پی ضلعی دفتر میں 'سیوا اسپتو ابھیان - سرکار آپ کے دوار' کے عنوان سے ایک کیمپ منعقد کیا۔ بی جے پی جموں و کشمیر کے صدر اور راجیہ سبھا رکن ست شرما نے بی جے پی جموں و کشمیر کی جنرل سیکریٹری سنیتا ڈوگرا، ضلعی انچارج برجیشور رانا اور دیگر سینئر رہنماؤں کی موجودگی میں کیمپ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ست شرما نے کہا کہ 'سیوا سنکلپ' کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ سرکاری اسکیموں کے فوائد لوگوں تک غیر ضروری مشکلات کے بغیر پہنچیں اور اہل خاندانوں کو ان کے لیے دستیاب سہولیات سے آگاہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ۔۔۔/104

نوائے صبح کمپلیکس میں یوتھ نیشنل کانفرنس کا استقبالیہ اجلاس

نوجوانوں کے مسائل کا حل عمر عبداللہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل/مشتاق میر

سرینگر//عمر عبداللہ کی سربراہی والی حکومت جموں و کشمیر کے نوجوانوں کے مستقبل، روزگار کے مواقع، بہتر تعلیمی سہولیات، بھرتی عمل میں تیزی اور ریزرویشن سمیت عوامی مسائل کے حل کیلئے سنجیدگی سے کام کر رہی ہے۔ محدود اختیارات اور یونین ٹی نظام کی جانب سے پیدا کی جانے والی رکاوٹوں کے باوجود نوجوانوں کو زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرنے اور ان کے مسائل کے ازالے کیلئے مسلسل اقدامات کئے جارہے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار یوتھ نیشنل کانفرنس۔۔۔/105

ستیش شرما کی گاندھی جینتی پر عوام کو مبارکباد

سچائی، عدم تشدد اور صفائی کے اصول اپنانے کی اپیل

سری نگر، یکم اکتوبر//// وزیر برائے خوراک، شہری رسد و امور صارفین، اطلاعاتی ٹیکنالوجی، یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس اور سائنس و ٹیکنالوجی ستیش شرما نے 2 اکتوبر کو ملک بھر میں منائی جانے والی گاندھی جینتی کے موقع پر جموں و کشمیر کے عوام کو دلی مبارکباد پیش کی۔ نے مہاتما گاندھی کے 157ویں یوم پیدائش پر انہیں شاندار خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے تحریک آزادی میں ان کی گراں قدر خدمات کو یاد کیا۔ انہوں نے سچائی، عدم تشدد، خود انحصاری، سودیشی، صفائی اور سرودیا کے ان کے اصولوں کی موجودہ دور میں اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔ اپنے پیغام میں ستیش شرما نے کہا کہ مہاتما گاندھی کی زندگی اور فلسفہ آج بھی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہے اور موجودہ معاشرے کو درپیش چیلنجوں سے نمٹنے کے حوالے سے ان کے نظریات کی اہمیت برقرار ہے۔ انہوں نے کہا کہ گاندھی جی نے دنیا کو دکھایا کہ سچائی اور عدم تشدد محض نظریات نہیں بلکہ پائیدار امن، سماجی ہم آہنگی اور مثبت تبدیلی کے حصول کے موثر ذرائع ہیں۔ ان۔۔۔/107

ڈی سی بڈگام نے سی ایم او ڈاکٹر گلزار احمد کو سبکدوشی پر تہنیت پیش کی

ضلع میں طبی خدمات کے فروغ میں نمایاں کردار کو سراہا

بڈگام، یکم اکتوبر////ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے آج چیف میڈیکل آفیسر بڈگام ڈاکٹر گلزار احمد کو ملازمت سے سبکدوش ہونے پر تہنیت پیش کی۔ موقع پر ڈپٹی کمشنر نے ڈاکٹر گلزار احمد کو 27 سالہ وقف خدمت مکمل کرنے پر مبارکباد پیش کی اور بڈگام ضلع میں صحت کی خدمات کو مضبوط بنانے اور ان میں بہتری لانے کے لیے ان کی قیمتی خدمات اور مخلصانہ کوششوں کو سراہا۔ کمشنر نے عوامی خدمت کے تئیں ڈاکٹر گلزار احمد کی وابستگی اور ضلع کے لوگوں تک طبی سہولیات کی بہتر فراہمی میں ان کے کردار کو بھی تسلیم کیا۔ انہوں نے ڈاکٹر گلزار احمد کے لیے۔۔۔/106

جے اینڈ کے اِی وِی پالیسی۔2026 کو نوٹیفائی کیا گیا

اور صاف موبلٹی کیلئے چھ سالہ روڈ میپ طے کیا گیا/وزیر اعلیٰ



سری نگر/یکم اکتوبر// جموں و کشمیر حکومت نے جے اینڈ کے الیکٹرک وہیکل پالیسی۔2026 کی منظوری دی ہے جس کی منظوری وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی سربراہی میں وزراء کی کونسل نے دی جس میں جموں و کشمیر میں صاف، سستی اور موسمیاتی لحاظ سے مضبوط الیکٹرک موبلٹی کو بڑھانے کے لئے چھ سالہ روڈ میپ طے کیا گیا ہے۔ یہ پالیسی جو 2026 تا 2032ء کے دوران نافذ ہوگی، کا مقصد الیکٹرک گاڑیوں کو اپنانے میں تیزی لانا، چارجنگ بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کرنا اور جموں و کشمیر کے تمام 20 اضلاع میں الیکٹرک موبلٹی کے لئے ایک معاون ماحول تیار کرنا ہے۔ یہ پالیسی 2032 تک 1.40 لاکھ الیکٹرک گاڑیوں کا ہدف رکھتی ہے جس کے لئے مانگ بڑھانے والی مراعات، موسم۔۔۔/112

ڈی سی کولگام نے وی بی۔جی رام جی کے نفاذ میں پیش رفت کا جائزہ لیا

منصوبہ بندی میں عوامی شمولیت اور موثر نگرانی یقینی بنانے پر زور

کولگام، یکم اکتوبر////ضلع ترقیاتی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے آج منی سیکریٹریٹ کولگام میں ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ضلع میں 'وکست بھارت۔ گارنٹی فار روزگار اینڈ اجیویکا مشن گرامین' (وی بی۔جی رام جی) کے نفاذ اور پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اجلاس میں افرادی دنوں کی تخلیق، اخراجات کے مقابلے میں اجرت اور تعمیراتی مواد کے لیے جاری کی گئی رقم، ماسٹر رولز کی صورتحال، ترقیاتی کاموں کی طبعی پیش رفت، تاخیر کی نگرانی، ہنرمند روزگار اور سماجی آڈٹ سے متعلق امور سمیت مختلف اہم اشاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ سالانہ 14 لاکھ افرادی دنوں کے ہدف کے مقابلے میں اب تک 4 لاکھ 60 ہزار 781 افرادی دن پیدا کیے جا چکے ہیں، جو سالانہ ہدف کا 32.91 فیصد اور پچھلی سہ ماہی کے ہدف کا 98.74 فیصد ہے۔ ڈی ڈی سی نے اجرتوں کی بروقت ادائیگی، ایف ٹی اوز اور ماسٹر رولز کی فوری کارروائی، فنڈز کے مناسب استعمال اور ترقیاتی کاموں کی تیز رفتار تکمیل پر زور دیا۔ انہوں نے اسکیم کے نفاذ میں شفافیت اور جواب دہی کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت دی۔ اجلاس میں 'ضلعی پلان مہم' اور 'ریفارم آسنو' کی تیاریوں کا بھی جائزہ لیا گیا، جو 2 اکتوبر سے 31 دسمبر تک جاری رہیں گے۔ اس سلسلے میں ہر حلقہ پنچایت میں خصوصی گرام سبھاؤں کا انعقاد کیا جائے گا۔ ڈی ڈی سی نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ عوام کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنائیں اور اہم اصلاحات، مختلف اسکیموں کے۔۔۔/108

عرس حضرت نظام الدین اولیاءؒ پر میر واعظ ہمدانی کی مبارکباد

سرینگر//جموں و کشمیر جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ میر واعظ کشمیر مولانا ریاض احمد ہمدانی نے برصغیر کے بلند پایہ ولی کامل، صوفی بزرگ اور عارف باللہ حضرت نظام الدین اولیاءؒ کے 723ویں سالانہ عرسِ مبارک کے موقع پر تمام اہلِ اسلام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ حضرت نظام الدین اولیاءؒ نے اپنی پوری زندگی محبت، انسانیت، اخوت اور رواداری کے فروغ کے لئے وقف کی اور ان کی تعلیمات آج بھی ہمارے لئے مشعلِ راہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حضرت نے برصغیر میں تبلیغ اشاعت دین اسلام میں کلیدی رول ادا کیا اور انہیں محبوب الٰہی کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے۔ اُن کی تعلیمات ہمیں نفرت، تعصب اور تقسیم سے بالاتر ہو کر انسانیت کی خدمت، ضرورت مندوں کی مدد اور معاشرے میں محبت و بھائی چارے کو فروغ دینے کا درس دیتی ہیں۔ آج کے دور میں ان کے۔۔۔/109

اقبال پبلک ہائی اسکول صورہ میں سرکاری اور پرائیویٹ طلباء کا علمی اجتماع

مضمون نویسی کا مقابلہ، تحریری امتحان کا اہتمام، کوئز اور کئی تعلیمی سرگرمیاں

اقبال پبلک ہائی اسکول صورہ کی انتظامیہ کو ایسا جاندار پروگرام منعقد کرانے پر مبارکبادی

سرینگر/اقبال پبلک ہائی اسکول صورہ کی جانب سے آج ایک انٹر اسکول مقابلے کا اہتمام کیا گیا جس میں اچھی خاصی تعداد میں سرکاری اور پرائیویٹ اسکولوں کے بچوں نے شرکت کی۔ یہ بین اسکولی مقابلہ دو حصوں پر مشتمل تھا۔ مقابلے کے پہلے دور میں اسکولی بچوں نے ایک تحریری امتحان میں حصہ لیا جبکہ دوسرا مرحلہ کوئز مقابلے پر مشتمل تھا۔ ان دونوں مقابلوں کا عنوان علامہ اقبال کی حیات اور شاعری تھا۔ اس تقریب پر کشمیر یونیورسٹی کے شعبہ بائیو ٹیکنالوجی کے ہیڈ آف دی ڈیپارٹمنٹ پروفیسر احتشام الحق مہمان خصوصی کے طور شریک رہے جبکہ جموں کشمیر اردو کونسل کے صدر ایڈوکیٹ عبدالرشید ہانجورہ مہمان ذی وقار تھے۔ دیگر مہمانوں میں ڈاکٹر نثار احمد قادری، ڈاکٹر مشتاق احمد گنائی، پرنسپل فردوس علی، ڈاکٹر سید مجید اندرابی، ڈاکٹر جوہر قدوسی، ڈاکٹر معروف شاہ، جی۔ این۔ وار، بشیر احمد شاہ، حکیم جاوید، شبیر احمد ماگی، ایم ڈی گوجواری، صوفی علی محمد، پیر نجم الدین، ڈاکٹر حافظ شہباز، شہباز ہاکباری، عبدالسلام کوثری مقابلے میں شریک اسکولوں کے پرنسپل اور اساتذہ صاحبان، شرکا طلاب کے والدین، عمائدین علاوہ اور اقبالیات کے شیدائی شامل تھے۔ تقریب کا آغاز الاہیا اسکول کے ایک۔۔۔/110

HANFIA MODEL SCHOOL S. A. ROOMI[RA]

HARDU ABOORA

RESOLUTION/ELECTION OF MANAGING BODY

An essential meeting was held under the chairman GH NABI PANDITH of HANFIA MODEL SCHOOL S. A. ROOMI[RA] HARDU ABOORA On TUESDAY 29/09/2026 to elect a managing body for the smooth functioning and running of the above mentioned institution. The managing body is here by authorized to inspect and check the academic and multi system progress of the institution. The managing body selected by the chairman for the institution is as under

S.No	NAME, PARENTAGE, AGE, CONTACT NO.	RESIDENCE	QUALIFICATION	OCCUPATION	DESIGNATION	AADHAAR NO	PHOTO GRAPH
1	GH NABI PANDITH S/O AB AZIZ PANDITH AGE=[illegible] YEARS CONTACT:[illegible]	HARDU ABOORA Tehsil : KAWARHAMA DISTRICT : BARAMULLA Police station kunzer.	8TH	BUSINESS	CHAIRMAN	[illegible]	
2	RUBEENA BANO D/O BASHIR AHMAD AGE=[illegible] YEARS CONTACT [illegible]	HARDU ABOORA Tehsil : KAWARHAMA DISTRICT : BARAMULLA Police station kunzer.	BSC	TEACHER AT HMS H. ABOORA	SECRETARY	[illegible]	
3	IRSHAD AHMAD MIR S/O ABDUL AHAD MIR AGE=[illegible] YEARS CONTACT:[illegible]	HARDU ABOORA Tehsil : KAWARHAMA DISTRICT : BARAMULLA Police station kunzer.	MA BCOM	RETD. GOVT EMPLOYEE	MEMBER	[illegible]	
4	SOBIA AHAD D/O ABDUL AHAD PANDITH AGE=[illegible] YEARS CONTACT:[illegible]	HARDU ABOORA Tehsil : KAWARHAMA DISTRICT : BARAMULLA Police station kunzer.	BSC	PRINCIPAL OF HMS H. ABOORA	PRINCIPAL	[illegible]	
5	KULSOOMA BASHIR D/O BASHIR AHMAD AGE=[illegible] YEARS CONTACT:[illegible]	HARDU ABOORA Tehsil : KAWARHAMA DISTRICT : BARAMULLA Police station kunzer.	BA	TEACHER AT HMS H. ABOORA	TEACHER	[illegible]	
6	SHABIR AHMAD MIR S/O GH MOHAMMAD MIR AGE=46 YEARS CONTACT:[illegible]	HARDU ABOORA Tehsil : KAWARHAMA DISTRICT : BARAMULLA Police station kunzer.	BSC B.Ed	BUSINESS	PARENT MEMBER	[illegible]	
7	MAKSOOD AHMAD CHOPAN S/O AB AHAD CHOPAN AGE=44YEARS CONTACT:[illegible]	HARDU ABOORA Tehsil : KAWARHAMA DISTRICT : BARAMULLA Police station kunzer.	BSC	BUSINESS	PARENT MEMBER	[illegible]	

Further it is certified that the above-mentioned managing body is best of my knowledge well charactered and are belonging to local vicinity.

Sd/- Chairman

walnut ads

کشمیر ٹرانسپورٹ فیڈریشن کی ویسٹرن بس اسٹینڈ کے نو منتخب عہدیداروں سے ملاقات

مشتاق احمد لسہ اور جاسم خان کو چیئرمین اور سینئر وائس چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد

سرینگر//مورخہ 1 اکتوبر 2026 بروز جمعرات کو کشمیر ٹرانسپورٹ فیڈریشن کے ایک وفد نے زیر قیادت پریذیڈنٹ میر محمد شفیع کی قیادت میں ویسٹرن بس اسٹینڈ پارمپورہ مشتاق احمد لسہ اور جاسم خان کو حال ہی میں ان کے چیئرمین اور وائس چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی۔ ویسٹرن بس اسٹینڈ پارمپورہ کے ہیڈ آفس میں ایک بڑے اجلاس میں نئے منتخب چیئرمین مشتاق احمد لسہ اور سینئر وائس چیئرمین جاسم خان کو مبارکبادی کا ایک اہم اجلاس ہوا۔ جس میں ٹرانسپورٹرس کے ڈسٹرکٹوں سے آئے عہدیداران اور دوسرے ٹرانسپورٹروں نے بھی چیئرمین اور وائس چیئرمین کو مبارکباد پیش کیا اور اپنے بھرپور تعاون کا اظہار کیا۔ نئے منتخب چیئرمین اور سینئر وائس چیئرمین نے تمام عہدیداروں کو یقین دہانی کرائی کہ ٹرانسپورٹروں کے فلاح و بہبود کیلئے ہر ممکن کوشش کی جائیگی اور تمام اکائیوں کے شانہ بشانہ کام کرینگے۔ مبارکبادی کے اس پُررونق مجلس میں اور لوگوں کے علاوہ محمد یوسف خان، عبدالمجید غازی، MD، KMDA اور دیگر عہدیداروں نے بھی شرکت کی اور ٹرانسپورٹروں کے مفادات کے حصول کیلئے اتحاد اور اتفاق پر زور دیا۔ آخر میں آفاق خان نے تمام عہدیداروں کو مبارکبادی دی اور اجلاس میں شرکت کیلئے شکریہ کیا اور امید ظاہر کی کہ ٹرانسپورٹروں کیلئے یکجا ہو کر کام کرینگے۔

المشتہر: آفاق خان

PUBLIC NOTIC

ETRANSFER OF ELECTRIC SUPPLY CONNECTION

This is to inform the general public that Nisar Ahmad Bhat, S/o Mohammed Subhan Bhat, R/o Androosa, Pampore, owner of the electricity supply connection bearing Consumer No. 0201040006843 installed at his shop located at Panthachowk, Srinagar, has applied for the transfer of the said electric connection/meter to the name of Waheeda Jan, W/o Malik Mohd Amin, R/o 179 Sector B, Indra Nagar, Srinagar .If any person, authority, or organization has any objection to the transfer of the aforementioned electric supply connection, they may submit their objection in writing to the Executive Engineer / Concerned Authority of the Power Development Department(PDD) within 7days from the date of publication of this notice.If no objections are received within the stipulated period, the connection will be transferred to the applicant's name without further notice.

Nisar Ahmad Bhat

PUBLIC NOTIC

I, Shariff Ahmad Wagay, S/o Gh Qadir Wagay, R/o Pomposh Mohalla, Bijbehara, Anantnag, holding Aadhaar No. 781366787110,declare that my name and DOB are incorrectly recorded as SHAREEF AHMAD NAGAY and 12/02/1978 on my Driving Licence (No: JK-0320060004941).My correct name is Shariff Ahmad Wagay and DOB is 12/02/1977 as per my Aadhaar Card. Both names refer to the same person. I have applied to ARTO Anantnag for correction. Objections, if any, may be conveyed to ARTO Anantnag within 7days

Shariff Ahmad Wagay

سرینگر ٹائمز

2 اکتوبر 2026ء بروز جمعہ

پرانی گاڑیاں تازہ قانون اور دھواں

جموں وکشمیر سرکار کے سٹیٹ ٹرانسپورٹ کی اتھارٹیز نے ایک تازہ بیان میں خبردار کیا ہے کہ جن افراد کے پاس 25 سال سے زائد عمر کی گاڑیاں ہیں وہ سرکاری ہدایات کا انتظار کئے بغیر ان گاڑیوں کی توڑ پھوڑ کر کے ناکارہ بنادیں۔ بصورت دیگر خلاف ورزی کے مرتکب افراد کو قانونی شکنجے میں لانے سے پس وپیش نہیں کیا جائے گا۔ ٹرانسپورٹ اتھارٹیز نے اس سلسلہ میں اپنے ماتحت ملازمین اور اہلکاروں کو بھی سخت ہدایات دی ہیں کہ وہ اس طرح کی خستہ پرانی اور زائد المعیاد گاڑیوں کی تلاش کیلئے اپنے فرائض کو تیز کریں۔ حکام نے انتباہ کیا ہے کہ سڑکوں پر اس طرح کی غیر تسلیم شدہ گاڑیوں کو غائب یا نیست ونابود کرنے کیلئے مہم کو تب تک جاری رکھا جائے گا جب تک کہ مقصد پورا نہیں ہوتا ہے۔

جموں وکشمیر سرکار کے متعلقہ محکمہ کی طرف سے جاری اس ہدایت پر کسی بھی شہری کو کوئی اعتراض نہیں ہوسکتا ہے کیونکہ اس کے پیچھے ایک اچھا مقصد ہے۔ دور حاضر میں گاڑیاں جہاں انسان کی سہولیات کا جیتا جاگتا ثبوت ہیں وہاں ان کی بھرمار سے پیدا شدہ صورتحال دن بدن بد سے بدتر ہورہی ہے۔ ماحولیات کے بُری طرح اثر انداز ہونے کے نتیجہ میں صحت عامہ کو خطرات لاحق ہوگئے ہیں۔ آج دنیا بھر کی سڑکوں شاہراہوں گلی کوچوں میں گاڑیاں سیلاب کی طرح گھس گئی ہیں۔ اس کے سبب پارکنگ کے مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ ٹریفک جام سے زندگی کی رفتار سست پڑ گئی ہے۔ ان چلتی پھرتی گاڑیوں میں جلتا ہوا ایندھن جب دھواں بن کر ہوا میں تحلیل ہوتا ہے تو کثیف ہوا کا اکثر حصہ ہمارے جسم کے اندر جذب ہورہا ہے، ہوا میں پولیوشن کی مسلسل موجودگی سے انسانوں کے بدن میں لگ بھگ سارے اعضاء کمزور اور تشویشناک حد تک ناکارہ بنتے جارہے ہیں۔

سڑکوں پر دوڑتی ہوئی بے شمار اقسام کی گاڑیوں سے نکلتا ہوا دھواں سیدھے ہوا میں تحلیل ہو کر انسانوں کے جسم میں داخل ہو کر جان کو خطرے میں ڈال دیتا ہے۔ گو اس دھوئیں کو کم کرنے یا ہوا میں تحلیل ہونے سے روکنے کیلئے کچھ اقدامات کئے جاچکے ہیں مگر پھر بھی بے پناہ رش کے سبب صورت حال پر مکمل طور قابو نہیں پایا جاسکتا ہے۔ اس سنگین مسئلہ سے نمٹنے کی کوششوں کے دوران اب پرانی گھسی پٹی اور خستہ حالت میں پڑی پرانی گاڑیوں کی آمد ورفت سے بھی ماحولیات کی بگڑتی ہوئی صورت حال میں اضافہ ہورہا ہے۔ اس کو دیکھتے ہوئے حکام نے 25 سال سے زائد پرانی گاڑیوں کو سڑکوں سے ہٹانے اور ان کا وجود بھی مٹانے کیلئے قانونی کارروائی عمل میں لانے کی ٹھان لی ہے۔ متعلقہ حاکموں کا یہ اقدام واقعی وقت کی پکار اور عام لوگوں کی فریاد ہے۔ اس طرح کی گاڑی کے ختم ہونے سے کئی اچھی شروعات ہوسکتی ہیں۔ مگر حکام کو اس بات کا بھی خیال رکھنا ہوگا کہ پرانی گاڑیوں کے متاثرین اور مالکان کو مالی بدحالی سے بچانے کیلئے ان کی مدد کرنی ہوگی۔

کڑھائی (Embroidery) فن، تاریخ اور اہمیت

محسن جیلانی

کڑھائی ایک قدیم اور خوب صورت فن ہے جس میں کپڑے، ریشم، اون یا دیگر ٹیکسٹائل پر رنگ برنگے دھاگوں، سوئی، موتیوں، ستاروں اور دیگر آرائشی اشیا کی مدد سے مختلف نقش ونگار بنائے جاتے ہیں۔ یہ فن صرف لباس کو خوب صورت بنانے کا ذریعہ نہیں بلکہ مختلف معاشروں کی ثقافت، روایات، تاریخ اور تخلیقی صلاحیتوں کی عکاسی بھی کرتا ہے۔ دنیا کے تقریباً ہر خطے میں کڑھائی کی اپنی مخصوص روایات اور انداز موجود ہیں۔

کڑھائی کی تاریخ بہت قدیم ہے۔ ماہرین کے مطابق انسان نے لباس تیار کرنے کے ابتدائی دور ہی میں اسے سجانے کے لیے دھاگے اور سوئی کا استعمال شروع کر دیا تھا۔ قدیم تہذیبوں میں کپڑوں پر پھول، پتے، جانور، پرندے اور مختلف ہندسی اشکال بنائی جاتی تھیں۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ کڑھائی کے طریقوں میں ترقی ہوئی اور مختلف علاقوں نے اپنے مخصوص انداز پیدا کیے۔ شاہی درباروں میں بھی کڑھائی والے ملبوسات کو خاص اہمیت حاصل رہی، جہاں قیمتی دھاگوں اور موتیوں سے مزین لباس دولت اور مرتبے کی علامت سمجھا جاتا تھا۔

برصغیر میں کڑھائی کی روایت خاص طور پر قدیم اور متنوع ہے۔ ہندوستان کے مختلف علاقوں میں کڑھائی کے منفرد انداز پائے جاتے ہیں۔ کشمیر کی کڑھائی اپنی نفاست، رنگوں اور پیچیدہ نقش ونگار کی وجہ سے دنیا بھر میں مشہور ہے۔ کشمیری شالوں، فیرن، سوٹ اور دیگر کپڑوں پر پھولوں، بیل بوٹوں اور قدرتی مناظر کے نقش بنائے جاتے ہیں۔ اسی طرح پنجاب میں پھلکاری، سندھ میں مختلف روایتی کڑھائیاں اور دیگر علاقوں میں مخصوص دستکاری کے انداز نسل در نسل منتقل ہوتے رہے ہیں۔

کڑھائی کی کئی اقسام ہیں۔ ہاتھ کی کڑھائی سب سے روایتی شکل ہے، جس میں کاریگر سوئی اور دھاگے کی مدد سے کپڑے پر مختلف ڈیزائن بناتا ہے۔ اس کے علاوہ مشینی کڑھائی بھی عام ہے، جس میں جدید مشینوں اور کمپیوٹرائزڈ ٹیکنالوجی کے ذریعے پیچیدہ اور یکساں ڈیزائن تیار کیے جاتے ہیں۔ ہاتھ کی کڑھائی میں کاریگر کی محنت، مہارت اور تخلیقی صلاحیت نمایاں ہوتی ہے، جبکہ مشینی کڑھائی کم وقت میں بڑی تعداد میں مصنوعات تیار کرنے کے لیے مفید ثابت ہوتی ہے۔

کڑھائی کے ڈیزائن میں بھی بہت تنوع پایا جاتا ہے۔ پھولوں، پتوں اور بیلوں کے نقش سب سے زیادہ مقبول ہیں۔ اس کے علاوہ پرندوں، جانوروں، قدرتی مناظر اور ہندسی اشکال کو بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ بعض علاقوں میں مذہبی اور ثقافتی علامات بھی کڑھائی کے ذریعے کپڑوں پر نمایاں کی جاتی ہیں۔ رنگوں کا انتخاب بھی اس فن کا ایک اہم حصہ ہے۔ مختلف رنگ ایک دوسرے کے ساتھ مل کر لباس کی خوب صورتی اور کشش میں اضافہ کرتے ہیں۔

کڑھائی کی اہمیت صرف خوب صورتی تک محدود نہیں۔ یہ بہت سے لوگوں کے لیے روزگار کا ذریعہ بھی ہے۔ خصوصاً دیہی علاقوں میں خواتین گھر بیٹھے کڑھائی کا کام کر کے اپنی آمدنی میں اضافہ کرتی ہیں۔ اس طرح کڑھائی نہ صرف ایک روایتی ہنر کو زندہ رکھتی ہے بلکہ خواتین کو معاشی طور پر خود مختار ہونے کے مواقع بھی فراہم کرتی ہے۔ بہت سے مقامی اور بین الاقوامی بازاروں میں ہاتھ سے تیار کردہ کڑھائی والی مصنوعات کی مانگ موجود ہے۔

موجودہ دور میں فیشن کی صنعت میں بھی کڑھائی کو خاص مقام حاصل ہے۔ ڈیزائنرز مختلف روایتی کڑھائیوں کو جدید لباس کے ساتھ ملا کر نئے انداز متعارف کرا رہے ہیں۔ شادی کے لباس، دلہن کے جوڑے، شالیں، قمیصیں، دوپٹے، جیکٹس اور گھریلو سجاوٹ کی اشیا میں کڑھائی کا استعمال عام ہے۔ جدید ٹیکنالوجی نے اس فن کو مزید وسعت دی ہے، کیونکہ کمپیوٹر کی مدد سے پیچیدہ ڈیزائن تیار کر کے انہیں کڑھائی کی مشینوں کے ذریعے کپڑے پر منتقل کیا جاسکتا ہے۔

اگرچہ مشینی کڑھائی نے پیداوار کو آسان بنا دیا ہے، لیکن ہاتھ کی کڑھائی کی اپنی خاص قدر اب بھی برقرار ہے۔ ہاتھ سے تیار کیے گئے کام میں کاریگر کی محنت، وقت اور انفرادی تخلیقی صلاحیت شامل ہوتی ہے۔ ہر نمونہ دوسرے سے معمولی طور پر مختلف ہوسکتا ہے، جس کی وجہ سے ہاتھ کی کڑھائی سے تیار ہونے والی اشیا منفرد محسوس ہوتی ہیں۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ کڑھائی کے روایتی فن کو محفوظ کیا جائے اور نئی نسل کو اس کی تعلیم دی جائے۔ اسکولوں، تربیتی مراکز اور دستکاری کے اداروں میں کڑھائی کی تربیت فراہم کی جاسکتی ہے۔ کاریگروں کو مناسب معاوضہ، جدید ڈیزائن کی تربیت اور اپنی مصنوعات کو وسیع بازار تک پہنچانے کے مواقع فراہم کیے جائیں تو یہ فن مزید ترقی کرسکتا ہے۔

کڑھائی صرف دھاگے اور سوئی سے کپڑے کو سجانے کا نام نہیں بلکہ یہ ہماری تاریخ، ثقافت، محنت اور تخلیقی صلاحیتوں کا خوب صورت اظہار ہے۔ اس فن میں ماضی کی روایات بھی محفوظ ہیں اور جدید دور کے تقاضوں کے مطابق جدت کی گنجائش بھی موجود ہے۔ اگر ہم روایتی کڑھائی کو جدید ٹیکنالوجی اور فیشن کے ساتھ جوڑیں تو یہ فن آنے والی نسلوں کے لیے بھی ایک قیمتی ثقافتی ورثہ اور معاشی مواقع کا ذریعہ بن سکتا ہے۔

انڈہ: سادہ غذا سے لذیذ پکوان تک

فہمیدہ فاروق

انڈہ دنیا بھر میں استعمال ہونے والی ایک مقبول اور غذائیت سے بھرپور غذا ہے۔ اسے ناشتے، دوپہر کے کھانے، رات کے کھانے اور مختلف پکوانوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ انڈے میں پروٹین، وٹامنز، معدنیات اور دیگر اہم غذائی اجزا پائے جاتے ہیں، اسی لیے اسے متوازن غذا کا اہم حصہ سمجھا جاتا ہے۔ انڈے کی ایک خاص بات یہ ہے کہ اسے مختلف طریقوں سے پکایا جاسکتا ہے۔ کبھی اسے سادہ نمک اور مرچ کے ساتھ تیار کیا جاتا ہے اور کبھی سبزیوں، پنیر، گوشت یا مختلف مصالحوں کے ساتھ ملا کر ایک مزیدار کھانا بنایا جاتا ہے۔

انڈہ بنانے کا سب سے آسان طریقہ "ابلا ہوا انڈہ" ہے۔ اس کے لیے انڈے کو پانی میں ڈال کر چند منٹ تک ابالا جاتا ہے۔ اگر اسے کم وقت تک ابالیں تو زردی نرم رہتی ہے، جبکہ زیادہ دیر تک ابالنے سے زردی مکمل طور پر پک جاتی ہے۔ ابلے ہوئے انڈے کو نمک اور کالی مرچ کے ساتھ کھایا جاسکتا ہے۔ اسے سلاد، سینڈوچ اور مختلف کھانوں میں بھی شامل کیا جاتا ہے۔ یہ طریقہ خاص طور پر ان لوگوں کے لیے آسان ہے جو کم تیل میں کھانا پسند کرتے ہیں۔

دوسرا مشہور طریقہ فرائی انڈہ ہے۔ اس میں ایک پین میں تھوڑا سا تیل یا مکھن گرم کیا جاتا ہے اور اس میں انڈہ توڑ کر ڈال دیا جاتا ہے۔ اسے اس وقت تک پکایا جاتا ہے جب تک سفیدی اچھی طرح پک نہ جائے۔ بعض لوگ زردی کو بھی مکمل طور پر پکانا پسند کرتے ہیں، جبکہ کچھ افراد نرم زردی کو ترجیح دیتے ہیں۔ فرائی انڈے کے ساتھ نمک، کالی مرچ، لال مرچ یا دیگر مصالحے استعمال کیے جاسکتے ہیں۔ اسے روٹی، پراٹھے یا توست کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔

"اسکرامبلڈ ایگ" بھی انڈہ بنانے کا ایک مقبول طریقہ ہے۔ اس میں انڈے توڑ کر ایک پیالے میں پھینٹے جاتے ہیں اور پھر انہیں گرم پین میں ڈال کر مسلسل ہلایا جاتا ہے۔ انڈے کو نرم اور مزیدار بنانے کے لیے دودھ، مکھن یا پنیر بھی شامل کیا جاسکتا ہے۔ اس میں پیاز، ٹماٹر، شملہ مرچ اور ہری مرچ ڈالنے سے ذائقہ مزید بہتر ہو جاتا ہے۔ یہ ایک آسان اور جلد تیار ہونے والا ناشتہ ہے۔

"آملیٹ" انڈے کی سب سے مشہور ڈشز میں شمار ہوتا ہے۔ آملیٹ بنانے کے لیے انڈے کو پھینٹ کر اس میں نمک، مرچ اور اپنی پسند کی سبزیاں شامل کی جاتی ہیں۔ پھر اسے گرم تیل یا مکھن میں پکایا جاتا ہے۔ سادہ آملیٹ کے علاوہ چیز آملیٹ، سبزیوں کا آملیٹ اور مسالہ آملیٹ بھی بنائے جاتے ہیں۔ برصغیر میں مسالہ آملیٹ خاص طور پر پسند کیا جاتا ہے، جس میں پیاز، ٹماٹر، ہری مرچ، دھنیا اور مختلف مصالحے شامل کیے جاتے ہیں۔

"پوچڈ ایگ" انڈہ بنانے کا نسبتاً منفرد طریقہ ہے۔ اس میں انڈے کو براہ راست گرم پانی میں ڈالا جاتا ہے اور اس طرح پکایا جاتا ہے کہ سفیدی جم جائے جبکہ زردی نرم رہے۔ پوچڈ ایگ کو عموماً توسٹ، سبزیوں یا دیگر ناشتے کی اشیا کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔ اس طریقے میں تیل کی ضرورت نہیں ہوتی، اس لیے یہ کم چکنائی والی غذا کے خواہش مند افراد کے لیے ایک مناسب انتخاب ہوسکتا ہے۔

انڈے کو "ہاف فرائی" اور "فل فرائی" بھی کیا جاتا ہے۔ ہاف فرائی میں سفیدی مکمل طور پر پکائی جاتی ہے جبکہ زردی عموماً نرم رہتی ہے۔ فل فرائی میں انڈے کو زیادہ دیر تک پکایا جاتا ہے تاکہ زردی بھی اچھی طرح پک جائے۔ دونوں طریقے برصغیر میں ناشتے کے لیے بہت مقبول ہیں اور انہیں پراٹھے، روٹی یا بریڈ کے ساتھ کھایا جاتا ہے۔

انڈے سے تیار ہونے والی ایک مشہور ڈش "انڈہ بھرجی" ہے۔ اس میں انڈوں کو توڑ کر پیاز، ٹماٹر، ہری مرچ، دھنیا اور مختلف مصالحوں کے ساتھ پکایا جاتا ہے۔ اسے روٹی یا پراٹھے کے ساتھ کھایا جاسکتا ہے۔ انڈہ بھرجی کی خاص بات یہ ہے کہ اسے بہت کم وقت میں تیار کیا جاسکتا ہے اور اس میں مختلف سبزیاں شامل کر کے ذائقے اور غذائیت دونوں میں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔

"انڈہ کری" بھی برصغیر کی ایک پسندیدہ ڈش ہے۔ اس میں پہلے ابلے ہوئے انڈے تیار کیے جاتے ہیں اور پھر انہیں پیاز، ٹماٹر، دہی اور مختلف مصالحوں سے بنی ہوئی گریوی میں پکایا جاتا ہے۔ بعض علاقوں میں ناریل، کری پتے یا دیگر مقامی اجزا بھی استعمال کیے جاتے ہیں۔ انڈہ کری کو چاول، روٹی یا نان کے ساتھ کھایا جاتا ہے۔

انڈے کو "سینڈوچ" اور "برگر" میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ ابلے ہوئے انڈے کو مایونیز، سبزیوں اور مصالحوں کے ساتھ ملا کر انڈہ سینڈوچ تیار کیا جاسکتا ہے۔ اسی طرح فرائی یا آملیٹ انڈے کو بریڈ، پنیر، ٹماٹر اور سلاد کے ساتھ ملا کر مزیدار سینڈوچ بنایا جاسکتا ہے۔ یہ طریقہ خاص طور پر سفر یا اسکول اور دفتر کے لیے آسان کھانے کی صورت میں مفید ہے۔

انڈہ صرف نمکین کھانوں تک محدود نہیں بلکہ اسے مختلف میٹھوں اور بیکری کی اشیا میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ کیک، بسکٹ، کسٹرڈ، پڈنگ اور کئی دوسری ڈشز میں انڈہ ساخت، ذائقے اور نرمی پیدا کرنے میں مدد دیتا ہے۔ اس طرح ایک ہی غذائی چیز مختلف قسم کے کھانوں میں استعمال ہوسکتی ہے۔

انڈہ ایک نہایت ہمہ گیر غذا ہے جسے بے شمار طریقوں سے تیار کیا جاسکتا ہے۔ ابلا ہوا انڈہ، فرائی انڈہ، آملیٹ، اسکرامبلڈ ایگ، پوچڈ ایگ، انڈہ بھرجی اور انڈہ کری اس کی چند مشہور مثالیں ہیں۔ ہر طریقے کا ذائقہ، ساخت اور انداز مختلف ہوتا ہے۔ یہی تنوع انڈے کو دنیا بھر کے کھانوں میں ایک اہم مقام دیتا ہے۔ مناسب مقدار میں اور متوازن غذا کے حصے کے طور پر استعمال کیا جائے تو انڈہ روزمرہ خوراک میں ایک آسان، مفید اور مزیدار اضافہ ثابت ہوسکتا ہے۔

خبرونظر

ستمبر میں GST وصولی 14.7 فیصد بڑھ گئی
وصول شدہ رقم 2.03 لاکھ کروڑ روپے سے تجاوز کرگئی

ٹی ای این / ملک میں اشیا اور خدمات ٹیکس یعنی جی ایس ٹی سے حاصل ہونے والی مجموعی آمدنی میں ستمبر کے دوران نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ ستمبر 2026 میں مجموعی جی ایس ٹی وصولی 14.7 فیصد بڑھ کر 2.03 لاکھ کروڑ روپے سے تجاوز کرگئی۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق ستمبر میں ملکی سرگرمیوں سے حاصل ہونے والی جی ایس ٹی آمدنی 10.1 فیصد اضافے کے ساتھ تقریباً 1.38 لاکھ کروڑ روپے رہی۔ اسی دوران درآمدات سے حاصل ہونے والی جی ایس ٹی آمدنی میں 26 فیصد کا نمایاں اضافہ ہوا اور یہ بڑھ کر 65,525 کروڑ روپے ہوگئی۔ اعداد وشمار کے مطابق ستمبر کے دوران جی ایس ٹی ریفنڈ یعنی ٹیکس کی واپسی کی رفتار میں معمولی کمی ریکارڈ کی گئی۔ اس ماہ مجموعی طور پر 27,001 کروڑ روپے کے جی ایس ٹی ریفنڈ جاری کیے گئے، جو گزشتہ سال اسی مہینے کے مقابلے میں تقریباً 3 فیصد کم ہیں۔ ریفنڈ کی رقم کو نکالنے کے بعد ستمبر میں خالص جی ایس ٹی وصولی 18.1 فیصد بڑھ کر 1.76 لاکھ کروڑ روپے سے تجاوز کرگئی۔ اس طرح مجموعی وصولی کے ساتھ ساتھ خالص ٹیکس آمدنی میں بھی نمایاں اضافہ دیکھا گیا۔ رواں مالی سال کے پہلے چھ ماہ یعنی اپریل سے ستمبر کے دوران مجموعی جی ایس ٹی وصولی میں بھی مضبوط اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

SSP اننت ناگ کی سربراہی میں میٹنگ
جرائم سے نمٹنے کیلئے اٹھائے گئے اقدامات کا جائزہ

اے پی آئی / ایس ایس پی اننت ناگ نے پالیسی سے نمٹنے اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف اٹھائے جانے والے اقدامات کا اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران جائزہ لیا۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق اننت ناگ میں ایس ایس پی امود اشوک ناگپورے (آئی پی ایس) نے ڈی پی او اننت ناگ میں آپریشنز اور جرائم سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کی جس میں ضلع بھر کی مجموعی سیکورٹی صورتحال اور جرائم سے متعلق سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا۔ پولیس کی جانب سے جاری کئے گئے بیان کے مطابق اجلاس میں ضلع کے سینئر پولیس افسران اور نگران افسران نے شرکت کی۔ اس دوران ایس ایس پی نے موجودہ امن وقانون کی صورتحال، جرائم کے رجحانات، اہم مقدمات کی تحقیقات، زیر التواء تفتیش اور آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا۔ ایس ایس پی اننت ناگ نے تمام آفیسران پر زور دیا کہ وہ امن وقانون کی صورتحال کو برقرار رکھنے، لوگوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے، شرپسند عناصر کی کارروائیوں پر کڑی نگاہ رکھیں اور کسی بھی ملک دشمن سرگرمی میں ملوث افراد کو آہنی ہاتھوں سے نمٹیں۔

میراتھن کا افتتاح منشیات اور شراب کو
معاشرے سے اکھاڑ پھینکنے کی کارروائی / نتیش کمار

اے پی آئی / آنے والے دنوں کے دوران جموں وکشمیر پولیس کی جانب سے کھیلوں اور تفریحی سرگرمیوں کا انعقاد کرنے کا عندیہ دیتے ہوئے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل نے کہا کہ نوجوانوں کا کھیلوں اور تعمیراتی سرگرمیوں کی طرف متوجہ ہونا ایک خوش آئند اقدام ہے۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق جموں وکشمیر پولیس کی جانب سے آنے والے دنوں کے دوران سائیکل ریس، جشن ڈل اور جھیل ڈل میں آبی کھیلوں کا انعقاد کرنے کا ارادہ ظاہر کرتے ہوئے اے ڈی جی پی (آرمڈ پولیس کشمیر) نے کہا کہ جموں وکشمیر پولیس کی جانب سے منعقدہ کشمیر میراتھن 2026 رن فار یونٹی کو ہری جھنڈی دکھانے کے بعد ذرائع ابلاغ کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پولیس نوجوانوں کو کھیلوں اور دیگر تعمیراتی سرگرمیوں سے جوڑنے کے مقصد سے ایسی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ بہت جلد سائیکل ریس منعقد کی جائے گی۔ سب سے زیادہ متوقع پروگرام جشن ڈل ہے جبکہ ڈل جھیل میں آبی کھیلوں کا مقابلہ بھی چند دنوں میں منعقد کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ میراتھن کو توقعات سے بڑھ کر رسپانس ملا جس میں معاشرے کے مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والے افراد کے علاوہ جموں وکشمیر سے باہر رہنے والوں نے بھی شرکت کی۔

لیفٹیننٹ جنرل نے وائٹ نائٹ کور کے
جی او سی کا عہدہ سنبھالا

یو این آئی / لیفٹیننٹ جنرل موہت سیٹھ نے جمعرات کو جموں کے نگروٹا میں قائم وائٹ نائٹ کور کی کمان سنبھال لی۔ وائٹ نائٹ کور نے ایکس پر ایک پوسٹ میں بتایا کہ "لیفٹیننٹ جنرل موہت سیٹھ نے لیفٹیننٹ جنرل پی۔ کے۔ مشرا سے وائٹ نائٹ کور کی کمان سنبھال لی ہے۔" کمان سنبھالنے کے بعد نئے کور کمانڈر نے تمام رینک کے اہلکاروں پر زور دیا کہ وہ آپریشنل تیاری، پیشہ ورانہ مہارت اور ٹیم کے جذبے کے اعلیٰ ترین معیار کو برقرار رکھیں اور خطے میں امن، سلامتی اور استحکام کو فروغ دینے کا سلسلہ جاری رکھیں۔

25 سالہ عمر کی گاڑیوں کو
سڑکوں سے ہٹانے کا حکم جاری

جے کے این ایس / جموں وکشمیر محکمہ ٹرانسپورٹ نے 25 سال کی عمر مکمل کر چکی کمرشل گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت دی ہے۔ ٹرانسپورٹ کمشنر نے فیلڈ دفاتر اور عملے کو ایسی گاڑیوں کو سڑکوں پر چلتے پائے جانے کی صورت میں ضبط کرنے اور ایف آئی آر درج کرنے کی ہدایت کی ہے۔ جے کے این ایس کے مطابق جموں وکشمیر کے ٹرانسپورٹ کمشنر وشیش پال مہاجن نے کمرشل گاڑیوں کے مالکان پر زور دیا ہے کہ وہ 25 سال کی مدت پوری کرنے والی گاڑیوں کو ختم کر کے سڑکوں سے ہٹادیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر ایسی گاڑیاں سڑکوں پر چلتی پائی گئیں تو کارروائی کی جائے گی۔ سماجی رابطہ گاہ ایکس پر ایک پوسٹ میں ٹرانسپورٹ کمشنر وشیش پال مہاجن نے کہا کہ تمام کمرشل گاڑیوں کے مالکان سے درخواست ہے کہ وہ ان گاڑیوں کو اسکریپ کر دیں جو آج 25 سال کی عمر (مدت) کو پہنچ چکی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم نے فیلڈ دفاتر کو لکھا ہے کہ اگر ایسی گاڑیاں سڑکوں پر چلتی پائی جائیں تو انہیں ضبط کیا جائے اور ایف آئی آر درج کی جائے۔

سوڈان میں یونیورسٹی ہاسٹل پر آر ایس ایف کا ڈرون حملہ، پانچ ہلاک

لاایبض، یکم اکتوبر (یو این آئی) سوڈان کے وسطی شہر لاایبض میں کوردوفان یونیورسٹی کے ہاسٹل پر نیم فوجی دستے ریپڈ سپورٹ فورسز (آر ایس ایف) کے ڈرون حملے میں کم از کم پانچ شہری ہلاک اور 47 زخمی ہو گئے۔ سوڈان ڈاکٹرس نیٹ ورک کے مطابق حملہ بدھ کو ہوا۔ طبی تنظیم نے اسے شہریوں اور بنیادی شہری ڈھانچے کے خلاف آر ایس ایف کے جاری حملوں کا حصہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ طلبہ کی رہائش اور تعلیمی مراکز کو نشانہ بنانا بین الاقوامی انسانی قانون کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ تنظیم نے اقوام متحدہ اور بین الاقوامی انسانی حقوق و امدادی اداروں سے حملے کی مذمت، ذمہ داروں کے احتساب اور زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کرنے کا مطالبہ کیا۔ شمالی کوردوفان ریاست کے دارالحکومت لاایبض میں حالیہ مہینوں کے دوران ڈرون حملوں میں اضافہ ہوا ہے۔ 20 ستمبر کو بھی آر ایس ایف کے ڈرون حملوں میں شہر کے رہائشی علاقوں کو نشانہ بنایا گیا تھا، جس میں دو افراد ہلاک اور 20 زخمی ہوئے تھے۔ سوڈانی حکام اور انسانی حقوق کی تنظیمیں آر ایس ایف پر شہری تنصیبات کو نشانہ بنانے کے الزامات عائد کرتی رہی ہیں۔ آر ایس ایف نے انفرادی الزامات پر عموماً براہ راست ردعمل نہیں دیا، تاہم اس کا کہنا ہے کہ وہ شہریوں کے تحفظ کے لیے کام کر رہی ہے۔ سوڈان میں اپریل 2023 سے فوج اور آر ایس ایف کے درمیان جنگ جاری ہے۔ انسانی امدادی اداروں کے مطابق تنازع میں دسیوں ہزار افراد ہلاک اور لاکھوں بے گھر ہو چکے ہیں۔

ٹرمپ کی معاشی پالیسیوں کی منظوری 26 فیصد کی نئی کم ترین سطح پر

واشنگٹن، یکم اکتوبر (یو این آئی) امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی معیشت سے نمٹنے کی کارکردگی کی منظوری کی شرح 26 فیصد کی نئی کم ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔ ایسوسی ایٹڈ پریس۔ نورک کے تازہ سروے کے مطابق صرف 26 فیصد امریکی بالغوں نے صدر کی معاشی کارکردگی کو منظور کیا۔ سروے میں صرف 17 فیصد افراد نے مہنگائی اور روزمرہ اخراجات سے نمٹنے کے ٹرمپ کے طریقہ کار کی تائید کی، جبکہ 65 فیصد نے کہا کہ مسلسل بلند قیمتوں کی زیادہ ذمہ داری ٹرمپ کی پالیسیوں پر عائد ہوتی ہے۔ ٹرمپ کی معاشی منظوری مارچ 2025 کے مقابلے میں 14 فیصد پوائنٹس کم ہوئی ہے۔ تقریباً نصف امریکیوں نے پٹرول کی قیمت برداشت کرنے کے حوالے سے شدید تشویش ظاہر کی، جبکہ تقریباً اتنی ہی تعداد نے غذائی اشیا کی قیمتوں پر بھی تشویش کا اظہار کیا۔ تقریباً 70 فیصد نے کہا کہ مہنگائی سے نمٹنے میں ٹرمپ کی کارکردگی توقعات سے خراب رہی۔ ٹرمپ کی اپنی ریپبلکن جماعت میں بھی مہنگائی سے متعلق عدم اطمینان پایا گیا، تاہم 67 فیصد ریپبلکنز نے بلند قیمتوں کی زیادہ ذمہ داری صدر کے دائرہ اختیار سے باہر عوامل پر عائد کی۔ سروے کے مطابق 69 فیصد امریکیوں کا کہنا ہے کہ ایران کے ساتھ سات ماہ کی جنگ قابل جواز نہیں رہی، جبکہ صرف 28 فیصد نے اس معاملے سے نمٹنے کے ٹرمپ کے طریقے کی منظوری دی۔ تجارت کے حوالے سے بھی صرف 30 فیصد نے ان کی کارکردگی کو منظور کیا، جبکہ 64 فیصد نے دوسرے ممالک پر عائد ٹیرف کو حد سے زیادہ قرار دیا۔ دوسری جانب امریکی معیشت نے 2026 کی دوسری سہ ماہی میں سالانہ بنیاد پر 2.2 فیصد کی شرح سے ترقی کی۔ محکمہ تجارت کے نظرثانی شدہ اعداد و شمار کے مطابق صارفین کے اخراجات اور کاروباری سرمایہ کاری بھی مضبوط رہی۔

Government Of Jammu and Kashmir

Jal shakti department

Office of the Executive Engineer Flood Control Division Anantnag

Phone Fax: 01932464212, 225119

D.C Office Complex Anantnag192101

RENTENDER CORRIGENDUM

Subject: This office e-NIT No. 16 of 2026-27 Dated: -07-09-2026

Reference: -01. Issued under this office No. FCD/Ang/2026/3662-84.07-09-2026

Due to "Nil response" against S. No. 20 and non-qualification of the bid against S. No. 21 of the subject e-NIT, the works are hereby retendered as detailed below:

S. No.	Description	Date			Time
		DD	MM	YYYY	
1	Publishing date of NIT	01	10	2026	09:00 AM
2	Download start date	01	10	2026	09:00 AM
3	Bid submission start date	01	10	2026	09:00 AM
4	Bid submission end date	05	10	2026	06:00 PM
5	Bid opening date	06	10	2026	10:00 AM

All other terms and conditions will remain unchanged.

Sd/- Executive Engineer,
Flood Control Division Anantnag

DIPK-6315/26
Dated: 01/10/2026

Office of the child Development Project officer Mission Poshan Sopore

The Provisional Merit/Selection List is put in Public Domain for invitation of objections if any. In this context, if any person has any objection regarding the Merit/ Selection List, the same should in writing reach the office of Child Development Project Officer Mission Poshan Sopore within 10 Days from the publication of this Notice.

Office Of the Child Development Project Officer Mission Poshan Sopore Provisional Merit list of candidates who have applied for the Post of Sangini (AWW) against the location AWC Dewandabad Adipora PR-Adipora Panch Ward No. 07

Subject: - Publication of Provisional Merit/Selection list for filling of objections, if any within 10 days

S. No	Index No.	Name of Candidate	D/O, W/O	Residence	Ward No.	D.O.B	Marital Status	Quali-fication	Marks obtained in 10+2 / out of	Percentage	Weightage	Whether any relation with retired AWW or AWH	Additional 5 Points	Total Merit
1	01	Jahida Farooq	D/O Farooq Ahmad Lone	Adipora	07	09-07-2001	Un-Married	12th	336/500	67.20	67.20	Nil	Nil	67.20
2	02	Saima Jan	W/o Javid Ahmad Malik	Adipora	07	25-03-1999	Married	12th	375/500	75.00	75.00	Nil	Nil	75.00
3	03	Nusrat Habib	W/o Ajaz Ahmad Paru	Adipora	07	04-03-1992	Married	12th	262/500	52.40	52.40	Nil	Nil	52.40
4	04	Shakeela Akhtar	W/o Zahoor Ahmad Mir	Adipora	07	15-03-1990	Married	12th	411/750	54.80	54.80	Nil	Nil	54.80
5	05	Arifa Bashir	W/O Zubair Rashid	Adipora	07	22-11-1989	Married	12th	307/750	40.93	40.93	Nil	Nil	40.93
6	06	Shagufta Begum	W/o Nadeem Rashid Paru	Adipora	07	07-06-1993	Married	12th	372/750	49.60	49.60	Nil	Nil	49.60
7	07	Rifat Feyaz	W/o Nayeem Ahmad Paru	Adipora	07	28-06-1995	Married	12th	237/500	47.40	47.40	Nil	Nil	47.40
8	08	Ishrat Rasool	W/o Mohammad Ibrahim Shah	Adipora	07	27-07-1990	Married	12th	196/500	39.20	39.20	Nil	Nil	39.20
9	09	Ubaida Bashir	D/o Bashir Ahmad War	Adipora	07	06-11-2001	Un-Married	12th	309/500	61.80	61.80	Nil	Nil	61.80

Provisional Selection list of candidates who have applied for the Post of Sangini (AWW) against the location AWC Dewandabad Adipora PR-Adipora Panch Ward No. 07

S. No	Index No.	Name of Candidate	D/O, W/O	Residence	Ward No.	D.O.B	Marital Status	Quali-fication	Marks obtained in 10+2 / out of	Percentage	Weightage	Whether any relation with retired AWW or AWH	Additional 5 Points	Total Merit
1	02	Saima Jan	W/o Javid Ahmad Malik	Adipora	07	25-03-1999	Married	12th	375/500	75.00	75.00	Nil	Nil	75.00

Office Of the Child Development Project Officer Mission Poshan Sopore

Provisional Merit list of candidates who have applied for the Post of Sangini (AWW) against the location AWC Towheedbagh B MC-Towheedbagh Ward No. 06

Subject: - Publication of Provisional Merit/Selection list for filling of objections, if any within 10 days

S. No	Index No.	Name of Candidate	D/O, W/O	Residence	Ward No.	D.O.B	Marital Status	Quali-fication	Marks obtained in 10+2 / out of	Percentage	Weightage	Whether any relation with retired AWW or AWH	Additional 5 Points	Total Merit
1	03	Hena Bano	W/o Waseem Mehmood Dar	Towheed Bagh	06	14-03-1990	Married	12th	362/750	48.26	48.26	Nil	Nil	48.26
2	05	Nahida Nabi	W/o Khalid Mehraj Shiekh	Towheed Bagh	06	01-03-1990	Married	12th	339/750	45.20	45.20	Nil	Nil	45.20
3	06	Shaista Rashid	W/o Fayaz Ahmad Bhat	Towheed Bagh	06	05-11-1990	Married	12th	313/750	41.73	41.73	Nil	Nil	41.73
4	07	Ishrat Shawkat	W/o Tajamul Mushtaq	Towheed Bagh	06	22-03-1992	Married	Graduation	283/500	56.60	56.60	Nil	Nil	56.60
5	08	Muskaan Javed	D/o Javed Ahmad Dar	Towheed Bagh	06	18-03-2000	Unmarried	12th	371/500	74.20	74.20	Nil	Nil	74.20
6	10	Shagufta Rasool Lone	W/O Faizan Ahmad Sheikh	Towheed Bagh	06	18-03-1991	Married	Graduation	406/750	54.13	54.13	Nil	Nil	54.13
7	15	Shaista Amin	W/O Mohammad Yusuf Bhat	Towheed Bagh	06	05-03-1994	Married	12th	382/750	50.93	50.93	Nil	Nil	50.93

Provisional Selection list of candidates who have applied for the Post of Sangini (AWW) against the location AWC Towheedbagh B MC-Towheedbagh Ward No. 06

S. No	Index No.	Name of Candidate	D/O, W/O	Residence	Ward No.	D.O.B	Marital Status	Quali-fication	Marks obtained in 10+2 / out of	Percentage	Weightage	Whether any relation with retired AWW or AWH	Additional 5 Points	Total Merit
1	08	Muskaan Javed	D/o Javed Ahmad Dar	Towheed Bagh	06	18-03-2000	Unmarried	12th	371/500	74.20	74.20	Nil	Nil	74.20

Office Of the Child Development Project Officer Mission Poshan Sopore Provisional Merit list of candidates who have applied for the Post of Sangini (AWW) against the location AWC New Colony B MC-New colony Ward No. 11

Subject: - Publication of Provisional Merit/Selection list for filling of objections, if any within 10 days

S. No	Index No.	Name of Candidate	D/O, W/O	Residence	Ward No.	D.O.B	Marital Status	Qualification	Marks obtained in 10+2 / out of	Percentage	Weightage	Whether any relation with retired AWW or AWH	Additional 5 Points	Total Merit
1	02	Saliha Sultan	D/O Mohammad Sultan Dar	New Colony	11	18-03-2000	unmarried	Graduation	286/500	57.20	57.20	Nil	Nil	57.20
2	04	Misma Rasheed	D/O Abdul Rasheed Dar	New Colony	11	19-06-2005	unmarried	12th	493/500	98.60	98.60	Nil	Nil	98.60

Provisional Selection list of candidates who have applied for the Post of Sangini (AWW) against the location AWC New Colony B MC-Newcolony Ward No. 11

S. No	Index No.	Name of Candidate	D/O, W/O	Residence	Ward No.	D.O.B	Marital Status	Qualification	Marks obtained in 10+2 / out of	Percentage	Weightage	Whether any relation with retired AWW or AWH	Additional 5 Points	Total Merit
1	04	Misma Rasheed	D/O Abdul Rasheed Dar	New Colony	11	19-06-2005	unmarried	12th	493/500	98.60	98.60	Nil	Nil	98.60

Office Of the Child Development Project Officer Mission Poshan Sopore Provisional Merit list of candidates who have applied for the Post of Sangini (AWW) against the location AWC Khan Mohalla Maqam PR-Pathka Maqam Panch Ward No. 01

Subject: - Publication of Provisional Merit/Selection list for filling of objections, if any within 10 days

S. No	Index No.	Name of Candidate	D/O, W/O	Residence	Ward No.	D.O.B	Marital Status	Qualification	Marks obtained in 10+2 / out of	Percentage	Weightage	Whether any relation with retired AWW or AWH	Additional 5 Points	Total Merit
1	12	Shaziya Mohiuddin	D/O Ghulam Mohiudin Khan	Pathka Maqam	01	15-03-2005	Un-married	Graduation	383/500	76.6	76.60	Nil	Nil	76.60
2	11	Gowsar Mohiuddin	D/O Ghulam Mohiudin Khan	Pathka Maqam	01	06-03-1999	Un-married	Graduation	383/500	76.6	76.60	Nil	Nil	76.60
3	09	Hilal Jan	W/O Tahir Muzaffar	Pathka Maqam	01	15-03-1990	Married	12th	424/750	56.53	56.53	Nil	Nil	56.53
4	01	Insha Sultan	D/O Mohammad Sultan Khan	Pathka Maqam	01	15-01-2004	Un-married	12th	298/500	59.60	59.60	Nil	Nil	59.60

Provisional Selection list of candidates who have applied for the Post of Sangini (AWW) against the location AWC Khan Mohalla Maqam PR-Pathka Maqam Panch Ward No. 01

S. No	Index No.	Name of Candidate	D/O, W/O	Residence	Ward No.	D.O.B	Marital Status	Qualification	Marks obtained in 10+2 / out of	Percentage	Weightage	Whether any relation with retired AWW or AWH	Additional 5 Points	Total Merit
1	11	Gowsar Mohiuddin	D/O Ghulam Mohiudin Khan	Pathka Maqam	01	06-03-1999	Un-married	Graduation	383/500	76.6	76.60	Nil	Nil	76.60

Child Dev. Project Officer
Mission Poshan Sopore

DIPK-6307/26
Dated: 01/10/2026

Union Territory of Jammu and Kashmir

Office of the Relief & Rehabilitation Commissioner (M) J&K

(E-mail id: relief-comm@jk.gov.in)

Phone No. 0191-2586218 (Jammu), 0194-4030100 (Srinagar)

Subject: Special Awareness Programme at different location in Kashmir for PM Package employees -reg.

Public Notice

Relief Organisation (M) J&K, is organizing special outreach programmes in collaboration with Social Welfare Department in different Migrant Camps, for facilitation PM Package Employees to avail various social schemes for creating awareness about various schemes and facilitation in filling of the requisite forms, as per the schedule below.

S. No.	Date	Venue/Transit camp	Name of Nodal officers/Camp incharges at transit camps
1	05-10-2026	Wandhama Transit Camp	Mirnal Koul
2	06-10-2026	Odina Transit Accommodation	Arvind Dhar
3	07-10-2026	Hall Transit Camp	Sanjay Kumar
4	09-10-2026 & 10-10-2026	Pandit Colony, Sheikhpora, Budgam	Shivan Hukhoo
5	12-10-2026	Fatehpora, Baramulla	Sunil Kumar Pandita
6	13-10-2026	Nutnusa Transit Camp, Kupwara	Anil Kumar
7	14-10-2026 & 15-10-2026	Vessu Transit Camp	Vinod Tickoo
8	16-10-2026	Mattan Transit Camp, Anantnag	Vinod Tickoo
9	17-10-2026 & 19-10-2026	Indira Nagar, DC Office / Relief Office	Rahul Khair

Sd/- (Dr Arvind Karwani) JKAS
Relief & Rehabilitation commissioner (M) J&K.

DIPK-6299/26
Dated: 01/10/2026

Government of Jammu & Kashmir

OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER (R&B) DIVISION PULWAMA

NOTICE INVITING E-TENDER

NIT No: 139/EEP/RNB of 2026-2027/ 7231-41 Dated: 01 /10/2026

For and on behalf of the Lt. Governor Union Territory of J&K, e-tenders are being invited on an item rate basis/percentage age basis (as applicable) from approved and eligible Contractors registered with the J&K Government, CPWD, Railways, and other State/Central Governments for the following works:

S. No	Name of Work	Major Head of Account	Est. Cost (Rs. in Lacs)	EMD in shape of CDR/ FDR/BG	Class of Contractor	Time of Completion (in days)	Cost of T/Doc. (Rs.)
1	Restoration /Upgradation Interior roads of Pulwama Town.	MH: SASCII -I	39.04 lacs	2% of Adv cost	BEE/ AYY	05 Days	1100/
2	Restoration /UpgradationLitter Naina road.	MH: SASCII -I	48.33 lacs	2% of Adv cost	BEE/ AYY	05 Days	1100/
3	Restoration of Pahoo Checkpora Road.	MH: SASCII -I	24.93 lacs	2% of Adv cost	CEE/BEE	05 Days	800/
4	Restoration of interior roads Rahmoo.	MH: SASCII -I	29.70 lacs	2% of Adv cost	BEE/ AYY	05 Days	1100/
5	Restoration /Upgradation of Bellow Arabal Nikas road.	MH: SASCII -I	39.73 lacs	2% of Adv cost	BEE/ AYY	05 Days	1100/

Project Authority= PW(R&B) Department Kashmir

The bidding documents, which would include qualifying information, eligibility criteria, specifications/drawings, a bill of quantities (B.O.Q), a set of contract terms and conditions, and other details, can be viewed/downloaded from the departmental website www.jktenders.gov.in on the dates listed below: -

1	Date of Issue of Tender Notice	01 /10/2026
2	Period of downloading of bidding documents	01 /10/2026 from 04.00 PM.
3	Bid submission Start Date	01 /10/2026 from 04.00 PM.
4	Bid Submission End Date	07 /10/2026 upto 4.00 PM.
5	Date & time of opening of Bids (Online)	08 /10/2026 at 11:00 AM in the office of EXECUTIVE ENGINEER (R&B) DIVISION PULWAMA.

In light of Circular issued by Finance department Vide No:FD-code/290/2026 Dated 22.05.2026 and circular issued by worthy Chief Engineer PW(R&B)Department South Kashmir Vide order No:CE/R&B/SK/WS/2095-2111 Dated: 05.06.2026 ,the following conditions are mentioned below:-

1.Bids must be accompanied with cost of Tender document/Tender Fee to be deposited in Cash in Centralized Designated Pooling JK Bank Account Bearing No: 0470010200000099, IFSC: JAKA0LALANG) .

2.All the bidders must deposit Earnest money /Bid security equal to 2% of advertised cost in Cash in Centralized Designated Pooling JK Bank Account Bearing No: 0470010200000099, IFSC: JAKA0LALANG)

3. The Successful bidder will have to provide performance security @ 5% of contract value to be deposited in Cash in Pulwama MC Holding Account Executive Engineer R&B Pulwama Bearing Account no. 0054010200003470 ,IFSC: JAKA0GOLDEN), which shall be released after successful completion of DLP /maintenance period.

The date and time of opening of Bids shall be notified on Web site www.jktenders.gov.in and conveyed to the bidders automatically through an e-mail message on their e-mail address. The bids of responsive bidders shall be opened online on same Web Site in the office of Executive Engineer R&B Div. Pulwama

The bids for the work shall remain valid for a period of 120 days from the date of opening of bids.

Executive Engineer,
R&B Division Pulwama

DIPK-6312/26
Dated: 01/10/2026

The Jammu & Kashmir Forest Development Corporation.

(South Extraction Circle Harnag Anantnag)

ABBREVIATED TENDER NOTICE INVITING e-TENDERS

e-NIT No. 09 of 2026-27/South Dated 01.10.2026.

For and on behalf of Managing Director J&K Forest Development Corporation Ltd., General Manager South Extraction Circle J&K Forest Development Corporation Ltd., invites e-Tenders from Contractors registered with the J&K Forest Development Corporation Ltd. for execution of various Timber logging operations, viz., Extraction, Off Road Transportation and Road Transportation activities in advertised coupes as per details in Annexure-1 to the General Tender Notice (SBD & BOQ) issued vide this office e-NIT endorsed vide No.1481-1500/GM/S/Hrg dated 01.10.2026.The Tenders shall be submitted online on J&K e-Procurement portal www.jktenders.gov.in. The calendar of events shall be as under:

#	Activity	Date & Time
01	Publishing Date	03.10.2026 from 1600 Hrs
02	Document Download start Date	03.10.2026 from 1700 Hrs
03	Bid Submission Start Date	03.10.2026 from 1800 Hrs
04	Document Download End Date	16.10.2026 at 1800 Hrs
05	Bid Submission End Date	16.10.2026 at 1800 Hrs
06	Technical Bid Opening Date	17.10.2026 at 1100 Hrs
07	Uploading of Technical Bid Evaluation Sheet	Immediately after the completion of evaluation of technical Bid.
08	Financial Bid Opening Date	Immediately after the completion of technical evaluation
09	Uploading of Financial Bid Evaluation Sheet	Immediately after the completion of financial evaluation
10	Declaration of the Successful bidder	To be Notified Later

The tenders (Technical Bids) will be opened online in the office of Managing Director, J&K Forest Dev. Corporation, Forest Complex, Rajbagh Srinagar. In case of un-foreseen circumstances, the date of opening will be next working day or else notified separately. The detailed tender documents (SBD) with terms and conditions are available on www.jktenders.gov.in.

Mudasir Mehmood, DCF
General Manager South
Extraction Circle Harnag Anantnag

DIPK-NB-1773/26
Dated: 01/10/2026

Annexure – I to the Tender Notice issued vide office No. 1481-1500 /S/GM/FDC/Hrg dated 01.10.2026 for extraction and transportation up to Transit Depot.

Division	Compt.	Volume (lakh Cft)		Brief of activities envisaged in execution of the Contract/Project	Name of Transit Depot	Norms rate for all activities upto TD (Rs per cft)	Estimated Contract Value (Rs)	EMD required (Rs in Lakhs)	Working Period	Class of registered contractors eligible for tenders.
		Standing	Converted							
01	02	03	04	05	06	07	08	09	10	11
PP West Division Budgam	Ri-29	0.632	0.411	Extraction including conversion of trees into Logs, Debranching, Debarking, Carving, Passing, Rolling of Logs upto predetermined Forest Loading points, including loading unloading and road transportation uptoTD.	Yusmarag	54.22	2229442.00	0.446	9/2026	A & B
	Ri-30	0.278	0.181			49.14	8893434.00	0.178	09/2026	B & C
	S-06	0.051	0.036		Arizal	131.42	473112.00	0.095	06/2027	Small & D
	65-a/Gul	0.468	0.326		Gogaldara	69.84	1957304.00	0.392	09/2026	A & B
	65-b/Gul	0.128	0.089			75.22	669567.00	0.134	06/2027	Small, D& C
Total		1.555	1.043							

خوراک کو سلامتی، استحکام اور باہمی تعاون کا ذریعہ بنائے رکھنا ضروری۔ پیوش گوئل

بھارت 20 کے رکن ممالک کے ساتھ مل کر ایسے کثیر ملکی تجارتی نظام کو آگے بڑھانے کی کوشش کرے گا جو قواعد پر مبنی، کھلا، جامع، شفاف اور غیر امتیازی ہو

نئی دہلی، یکم اکتوبر (ایم این این)

مرکزی وزیر تجارت وصنعت پیوش گوئل نے کہا ہے کہ خوراک کو سلامتی، استحکام اور باہمی تعاون کا ذریعہ بنائے رکھنا ضروری ہے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ غذائی سپلائی چین کو سیاسی یا تجارتی دباؤ کے لیے استعمال کرنے اور ممالک کی جانب سے اپنی داخلی پالیسی اور غذائی تحفظ کی ضروریات پوری کرنے کے لیے اٹھائے جانے والے جائز تجارتی اقدامات کے درمیان واضح فرق کیا جانا چاہیے۔ پیوش گوئل نے یہ بات واشنگٹن کے علاوہ کی میں جی 20 کے وزرائے تجارت کے اجلاس کے دوران "زبردستی تجارتی اقدامات کے ذریعے خوراک کو ہتھیار بنانا" کے موضوع پر منعقدہ سیشن میں کہی۔ دو روزہ وزارتی اجلاس 30 ستمبر اور یکم اکتوبر کو منعقد ہو رہا ہے۔ گوئل نے ایکس پر اپنی پوسٹ میں کہا، "ہم سب کا مشترکہ مقصد یہ ہونا چاہیے کہ خوراک سلامتی، استحکام اور تعاون کا ذریعہ بنی رہے۔ ساتھ ہی ہمیں غذائی سپلائی چین کو ہتھیار بنانے اور ان جائز اقدامات کے درمیان واضح فرق کرنا ہوگا جو ممالک اپنی داخلی پالیسی کے مقاصد حاصل کرنے اور غذائی تحفظ کی ضروریات پوری کرنے کے لیے اختیار کرتے ہیں۔" یہ اجلاس امریکی تجارتی نمائندے کی میزبانی میں طواکی میں ہو رہا ہے۔ امریکہ نے وزارتی اجلاس کے ایجنڈے میں خوراک کی تجارت، عالمی سپلائی چین، عالمی تجارتی تنظیم (ڈبلیو ٹی او) کے "موسٹ فیورڈ نیشن" اصول اور ساختی اضافی پیداواری صلاحیت جیسے موضوعات شامل کیے ہیں۔ ہندوستان نے کہا ہے کہ وہ جی 20 کے رکن ممالک کے ساتھ مل کر ایسے کثیر ملکی تجارتی نظام کو آگے بڑھانے کی کوشش کرے گا جو قواعد پر مبنی، کھلا، جامع، شفاف اور غیر امتیازی ہو، جس کے مرکز میں ڈبلیو ٹی او ہو۔ ہندوستان نے اس کے ساتھ ترقی پذیر ممالک کے لیے مناسب پالیسی گنجائش برقرار رکھنے کی ضرورت پر بھی زور دیا ہے۔ اجلاس کے موقع پر پیوش گوئل نے یورپی کمیشن کے تجارت اور اقتصادی سلامتی کے کمشنر ماروس سیفکوویچ سے بھی ملاقات کی۔ گوئل نے بتایا کہ ملاقات میں ہندوستان اور یورپی یونین کے آزاد تجارتی معاہدے پر دستخط اور اس کے نفاذ کی سمت میں ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اس کے علاوہ ہندوستان۔ یورپی یونین تجارت و ٹیکنالوجی کونسل، ڈبلیو ٹی او میں باہمی اصلاحات اور جی 20 کی مشترکہ ترجیحات پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ ہندوستان اور یورپی یونین کے درمیان آزاد تجارتی معاہدہ بھی پیوش گوئل کے دورہ امریکہ کے دوران زیر بحث تجارتی امور میں شامل ہے۔ گوئل 29 ستمبر سے 5 اکتوبر تک امریکہ کے دورے پر ہیں اور ہندوستان۔ امریکہ دوطرفہ تجارتی معاہدے کو آگے بڑھانے کے لیے امریکی حکام کے ساتھ بھی بات چیت کر رہے ہیں۔

طلباء ایک صاف، سبز اور صحت مند وکست بھارت 2047 کی تعمیر میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ پرہلاد جوشی

نئی دہلی، یکم اکتوبر (ایم این این)

مرکزی وزیر تعلیم جناب پرہلاد جوشی نے آج دہلی یونیورسٹی کے گارگی کالج میں ملک گیر ایک دن، ایک گھنٹہ، ایک ساتھ مہم کے تحت شرمدان اور صفائی مہم کی قیادت کی۔ انہوں نے کالج کے احاطے میں ایک پیڑ ماں کے نام مہم کے تحت ایک پودا بھی لگایا۔ اس موقع پر طلباء سے بات چیت کرتے ہوئے وزیر موصوف نے اس بات پر زور دیا کہ صفائی کا عوامی صحت اور بہبود سے گہرا تعلق ہے۔ انہوں نے صفائی کو ایک مستقل عادت بنانے میں اجتماعی شرکت کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ صفائی، ماحولیاتی شعور اور ذمہ دار شہریت کو فروغ دینے کے لیے طلباء کے کردار پر زور دیا۔ انہوں نے انہیں نہ صرف تعلیمی اداروں میں بلکہ اپنے گھروں اور محلوں اور عوامی مقامات میں بھی صفائی کو یقینی بنانے کی ترغیب دی۔ انہوں نے ان پر زور دیا کہ وہ صفائی سرگرمیوں میں کم از کم 30 منٹ کا حصہ ڈالیں، اس بات کا اعادہ کرتے ہوئے کہ انفرادی کوششیں اجتماعی عمل کی ترغیب دے سکتی ہیں اور سوچھتا کو عوامی تحریک میں تبدیل کرسکتی ہیں۔ شری پرہلاد جوشی نے نوجوانوں میں جسمانی فٹنس اور بیرونی سرگرمیوں کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی۔ انہوں نے طلباء کو اسکرین پر حد سے زیادہ وقت گزارنے سے گریز اور صحت مند توازن برقرار رکھنے کے لیے کھیلوں میں حصہ لینے اور کھیل کے میدانوں میں وقت گزارنے کی ترغیب دی۔ وزیر موصوف نے طلباء پر زور دیا کہ وہ 2047 تک وکست بھارت کی تعمیر میں وزیر اعظم جناب نریندر مودی کے ویژن میں حصہ ڈالیں کیونکہ وہ ذمہ دار شہریت اور فعال شرکت کے ذریعے اس ویژن کو عملی شکل دینے اور صاف، سبز اور صحت مند ہندوستان کی تعمیر میں کلیدی ستون ہیں۔ اس موقع پر دہلی یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر یوگیش سنگھ، کالج کے فیکلٹی ممبران اور وزارت کے سینئر افسران موجود تھے۔

آسیان۔ہندوستان بحری مشق فلپائن میں شروع، ہندوستانی بحریہ کے 2 جنگی جہاز شامل

نئی دہلی، یکم اکتوبر (یو این آئی)

آسیان ممالک اور ہندوستانی بحریہ کے درمیان بحری مشق (اے آئی ایم ای-2026) کا دوسرا مرحلہ فلپائن کے سوبک بے میں جاری ہے۔ دفاعی وزارت نے بدھ کو بتایا کہ پیر سے شروع ہونے والی اس مشق میں ہندوستانی بحریہ کے جنگی جہاز آئی این ایس سہیادری اور آئی این ایس کلتان کے ساتھ آسیان ممالک کے جنگی جہاز حصہ لے رہے ہیں۔ اس مشق کا مقصد بحری سلامتی کے موضوع پر ہندوستان اور آسیان ممالک کی بحری افواج کے درمیان باہمی سمجھ بوجھ، تعاون اور مل کر کام کرنے کی صلاحیت کو بڑھانا ہے۔ مشق کی افتتاحی تقریب میں فلپائن میں ہندوستان کے سفیر ہرش کمار جین نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی اور انہوں نے تمام ممالک کے بحری اہلکاروں سے خطاب کیا۔ مشق کے بندرگاہی مرحلے میں ماہرین کے درمیان بات چیت، کھیل اور ثقافتی سرگرمیاں، سماجی پروگرام اور کارروائی سے متعلق مشقیں ہوں گی۔ اس کے بعد بحری مرحلہ شروع ہوگا، جس میں شریک بحری افواج مشترکہ بحری مشق اور دیگر کارروائی سے متعلق سرگرمیاں انجام دیں گی۔ مشق میں آئی این ایس سہیادری اور آئی این ایس کلتان کی شرکت آسیان ممالک کی بحری افواج کے ساتھ بحری تعاون کو مضبوط بنانے کے لیے ہندوستان کے عزم کو ظاہر کرتی ہے۔ یہ مشق ہندوستان کی 'ایکٹ ایسٹ پالیسی' اور 'مہاساگر' کے نظریے کے تحت منعقد کی جارہی ہے۔

بھارت کا قابل تجدید توانائی کے لیے 86.1 لاکھ کروڑ روپے کا بڑا منصوبہ

نئی دہلی، یکم اکتوبر (ایم این این)

بھارتی حکومت نے قابل تجدید توانائی کے شعبے کو مزید مضبوط بنانے کے لیے 86.1 لاکھ کروڑ روپے کے بڑے پروگرام کی منظوری دے دی ہے جس کا مقصد بجلی کے ٹرانسمیشن نظام کو بہتر بنانا اور بڑے پیمانے پر توانائی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا ہے۔ منصوبے کے تحت تقریباً 36.1 لاکھ کروڑ روپے ریاستوں کے اندر بجلی کے ٹرانسمیشن نظام کو مضبوط بنانے پر خرچ کیے جائیں گے۔ اس سے تقریباً 135 گیگاواٹ قابل تجدید توانائی کو بجلی کے نظام میں شامل کرنے اور مختلف علاقوں تک منتقل کرنے کی صلاحیت پیدا ہوگی۔ اس کے علاوہ حکومت نے 50 ہزار کروڑ روپے کی ترغیبی اسکیم بھی منظور کی ہے، جس کے ذریعے 50 گیگاواٹ آور بیٹری انرجی اسٹوریج سسٹم نصب کیے جائیں گے۔ یہ بیٹریاں دن کے وقت شمسی اور دیگر قابل تجدید ذرائع سے پیدا ہونے والی اضافی بجلی کو محفوظ کرکے ضرورت کے وقت استعمال کرنے میں مدد دیں گی۔ بھارت میں شمسی اور دیگر صاف توانائی کی پیداواری صلاحیت تیزی سے بڑھ رہی ہے، تاہم ٹرانسمیشن اور اسٹوریج انفراسٹرکچر کو اسی رفتار سے وسعت دینا ایک بڑا چیلنج رہا ہے۔ نئی سرمایہ کاری کا مقصد اسی خلا کو پُر کرنا اور بجلی کے نظام کو زیادہ مستحکم بنانا ہے۔ بھارت نے 2030 تک غیر فوسل فیول ذرائع سے بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت 500 گیگاواٹ تک پہنچانے کا ہدف مقرر کر رکھا ہے، جو اس وقت تقریباً 304 گیگاواٹ ہے۔ نیا پروگرام اس ہدف کے حصول کے لیے بنیادی انفراسٹرکچر کی تیاری میں اہم کردار ادا کرے گا۔

بھارت اور جاپان کے دفاعی تعلقات میں تیزی

نئی دہلی، یکم اکتوبر (ایم این این)

بھارت اور جاپان کے درمیان دفاعی تعاون تیزی سے مضبوط ہو رہا ہے اور حال ہی میں مکمل ہونے والی مشترکہ فضائی مشق ویر گارڈین 2026 کو دونوں ممالک کے فوجی تعلقات میں ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ 22 ستمبر کو ختم ہونے والی یہ مشق ویر گارڈین سلسلے کی دوسری فضائی مشق تھی۔ پہلی مشق جنوری 2023 میں جاپان کے ہیاکوری ایئربیس پر منعقد ہوئی تھی۔ بھارت اور جاپان نے ستمبر 2022 میں ٹو پلس ٹو وزارتی اجلاس کے دوران دفاعی تعاون بڑھانے اور مزید مشترکہ فوجی مشقیں منعقد کرنے پر اتفاق کیا تھا۔ تازہ مشق میں بھارتی فضائیہ نے Su-30MKI، رافیل اور مقامی طور پر تیار کردہ تیجس لڑاکا طیارے تعینات کیے۔ جاپان نے پہلی مرتبہ اپنا جدید ملٹی رول F-2A لڑاکا طیارہ بھارت بھیجا، جسے امریکہ کی لاک ہیڈ کے تعاون سے تیار کیا گیا تھا۔ بھارت اور جاپان کے دفاعی تعلقات ماضی میں بڑی حد تک کوسٹ گارڈ تعاون تک محدود تھے، لیکن اب یہ شراکت داری فضائی، بحری اور دیگر فوجی شعبوں تک وسیع ہو چکی ہے۔ ویر گارڈین 2026 نے دونوں فضائی افواج کو مشترکہ آپریشن، جدید جنگی حکمت عملی اور باہمی تعاون کی صلاحیت بہتر بنانے کا موقع فراہم کیا۔ یہ پیش رفت ایسے وقت ہوئی ہے جب بھارت اور جاپان وسیع تر ہند بحرالکاہل خطے میں دفاعی اور اسٹریٹجک تعاون کو مزید گہرا کر رہے ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان بڑھتی فوجی مشقیں اس بات کی نشاندہی کرتی ہیں کہ بھارت جاپان دفاعی شراکت داری اب محض سیاسی اور سفارتی تعاون سے آگے بڑھ کر عملی فوجی تعاون کی جانب جا رہی ہے۔

بڑھتی ہوئی مانگ پر ہندوستان کی مینوفیکچرنگ کی ترقی 7 ماہ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی



نئی دہلی، یکم اکتوبر (ایم این این)

ہندوستان کے مینوفیکچرنگ سیکٹر میں ستمبر میں تیزی سے توسیع ہوئی جس سے تین ماہ کی سست روی کا خاتمہ ہوا کیونکہ مضبوط مانگ نے سات مہینوں میں فیکٹری کی سرگرمیوں میں سب سے تیزی سے ترقی کی، ملازمتوں کو بحال کیا اور کاروباری اعتماد کو اٹھایا، جمعرات کو ایک نجی سروے نے ظاہر کیا۔ ایس اینڈ پی گلوبل کے ذریعہ مرتب کردہ ایچ ایس بی سی انڈیا مینوفیکچرنگ پرچیزنگ منیجرز انڈیکس، اگست میں 8.52 کے پانچ سال کی کم ترین سطح سے ستمبر میں 1.55 تک پہنچ گیا لیکن یہ 7.55 کے ابتدائی تخمینہ سے کم تھا۔ ریڈنگ فروری کے بعد سب سے زیادہ تھی۔ 0.50 سے اوپر پی ایم آئی پڑھنے سے سرگرمی میں اضافہ ہوتا ہے۔ سروے میں کہا گیا ہے کہ نئے آرڈرز فروری کے بعد سب سے تیز رفتاری سے بڑھے ہیں، جو الیکٹرانک، خوراک، دواسازی اور ٹیکسٹائل مصنوعات کی مضبوط مانگ کی وجہ سے ہیں۔ برآمدی آرڈرز میں بھی تیزی آئی، مینوفیکچررز نے برازیل، یورپ، متحدہ عرب امارات اور امریکہ میں گاہکوں کی بڑھتی ہوئی مانگ کا حوالہ دیا۔ پیداوار میں تیزی سے اضافہ ہوا جس میں توسیع کی شرح مئی کے بعد سے اپنی مضبوط ترین سطح پر پہنچ گئی جس کی حمایت نئے کاروباری آرڈرز اور زیادہ مانگ سے ہوئی۔ ایچ ایس بی سی کے چیف انڈیا اکانومسٹ پرانجل بھنڈاری نے کہا کمپنیوں نے متوقع فروخت کی تیاری کے لیے مزید مواد خریدا اور اسٹاک تیار کیا۔ تیار شدہ سامان کی انوینٹریوں نے تقریباً 12 سالوں میں ان کا دوسرا سب سے بڑا اضافہ ریکارڈ کیا، جو کہ کمزور اسٹاک کی سطح سے واضح تبدیلی کا اشارہ ہے۔ بڑھتی ہوئی مانگ نے بھی ملازمتیں بحال کرنے کا سلسلہ شروع کیا۔ مئی کے بعد سے اپنی مضبوط ترین شرح پر روزگار میں اضافہ ہوا۔

براہموس میزائل سسٹم کی برآمدات 600 ملین امریکی ڈالر سے تجاوز کر جائیں گی

یہ بھارت کی ابھرتی ہوئی برآمدی کہانی کے لیے ایک سنگِ میل ہے۔ سیکرٹری دفاع

نئی دہلی، یکم اکتوبر (ایم این این)

سیکرٹری دفاع راجیش کمار سنگھ نے کہا ہے کہ براہموس میزائل سسٹم بھارت کی ابھرتی ہوئی برآمدی کہانی کے لیے ایک سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے اور اس کی برآمدات 600 ملین امریکی ڈالر سے تجاوز کر جائیں گی۔ انہوں نے بتایا کہ انڈونیشیا اور ویتنام سمیت جنوب مشرقی ایشیا کے تین ممالک کو اس جدید ترین اسٹریٹجک سسٹم کی فروخت کے لیے معاہدے طے پا چکے ہیں۔ ایک انٹرویو میں راجیش سنگھ نے کہا کہ اس میزائل کا ایئر لانچڈ (ہوا سے داغا جانے والا) ورژن بھی موجود ہے اور حتمی طیاروں پر اس کا استعمال زبردست کامیابی رہا ہے۔ فلپائن کو تقریباً 330 ملین امریکی ڈالر مالیت کا براہموس میزائل سسٹم فراہم کیا جا چکا ہے۔ سیکرٹری دفاع نے کہا کہ ویتنام کے لیے ابتدائی برآمدات تقریباً 100 ملین امریکی ڈالر اور انڈونیشیا کے لیے تقریباً 200 ملین امریکی ڈالر ہونی چاہئیں۔ انہوں نے کہا، براہموس ہماری ابھرتی ہوئی برآمدی کہانی کے لیے ایک طرح کا سنگ میل ہے۔ یہ ان جدید ترین اسٹریٹجک سسٹمز میں سے ایک ہے جنہیں ہم برآمد کرنے کے قابل ہوئے ہیں۔ ہمارے پاس جنوب مشرقی ایشیا کے تین ممالک کو اسے فروخت کرنے کے معاہدے موجود ہیں، جن کی شروعات فلپائن سے ہوئی اور اب اس میں انڈونیشیا اور ویتنام بھی شامل ہیں۔" انہوں نے مزید کہا، اس سسٹم نے آپریشن سندور کے دوران جنگی حالات میں اپنی افادیت ثابت کی ہے۔۔۔۔ اس میزائل کا ہوا سے داغا جانے والا ورژن بھی موجود ہے اور حتمی طیاروں پر اس کی کارکردگی انتہائی کامیاب رہی ہے۔ اس مخصوص سسٹم میں بے پناہ صلاحیت موجود ہے اور مجھے امید ہے کہ یہ ہماری برآمدی رفتار کو برقرار رکھنے والے اہم ستونوں میں سے ایک رہے گا۔" اس سے قبل وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے براہموس کو محض ایک میزائل نہیں بلکہ قوم کی بڑھتی ہوئی مقامی صلاحیتوں کی علامت قرار دیا تھا۔ اس میزائل میں روایتی وارہیڈ اور جدید گائیڈڈ سسٹم نصب ہے اور یہ سپرسونک رفتار سے طویل فاصلے تک ہدف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ رفتار، درستگی اور طاقت کا یہ امتزاج براہموس کو دنیا کے بہترین سسٹمز میں سے ایک بناتا ہے۔ بھارتی دفاعی ساز وسامان اب 80 سے زائد ممالک تک پہنچ رہا ہے۔ مالی سال 26-2025 میں دفاعی برآمدات 38424 کروڑ روپے کی ریکارڈ سطح پر پہنچ گئیں، جو گزشتہ مالی سال کے 23622 کروڑ روپے کے اعداد و شمار کے مقابلے میں 14802 کروڑ روپے (66.62 فیصد) کا نمایاں اضافہ ہے۔

بھارت اور برازیل کی نظریں اقتصادی معاہدے اور دفاعی تعلقات پر

نئی دہلی، یکم اکتوبر (ایم این این)

امریکہ میں جی-20 تجارتی مذاکرات کے موقع پر برازیل کے وزیر صنعت و تجارت مارسیو فرینڈ والیاس روزا نے بھارت کے مرکزی وزیر تجارت وصنعت پیوش گوئل سے ملاقات کی۔ اس ملاقات میں بھارت کی اہم عالمی اقتصادی حیثیت کو اجاگر کیا گیا اور بتایا گیا کہ دونوں ممالک نے باہمی تعلقات کو مضبوط بنانے، دفاعی تعاون کو گہرا کرنے اور حکمت اقتصادی معاہدوں کی تشکیل کے لیے ٹھوس بات چیت کی ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری پر روشنی ڈالتے ہوئے، دورہ کرنے والے وزیر نے کہا، بھارت برازیل کے لیے ایک انتہائی اہم تجارتی شراکت دار ہے۔ یہ ایک ایسی معیشت ہے جو پوری دنیا کے لیے اہمیت رکھتی ہے۔ ہماری بات چیت کا محور دونوں معیشتوں کے درمیان حکمت معاہدے کا قیام تھا۔" مستقبل کے اشتراک عمل کے دائرہ کار کی وضاحت کرتے ہوئے، وزیر الیاس روزا نے خاص طور پر ایرو اسپیس (ہوابازی و خلائی صنعت) میں حکمت شراکت داری اور سیکیورٹی تعلقات کی جانب اشارہ کیا۔ انہوں نے مزید کہا، ہم نے دفاعی تعاون اور بھارت میں ایمبریئر طیاروں سے متعلق سرمایہ کاری کے امکانات پر بات کی۔ مین اعلیٰ سطحی مذاکرات کو آگے بڑھاتے ہوئے، پیوش گوئل جو بھارت کے مرکزی وزیر تجارت وصنعت ہیں اور اس اجتماع میں نئی دہلی کی اقتصادی مصروفیات کی قیادت کر رہے ہیں، نے دنیا کی بڑی معیشتوں کے وزرائے تجارت کے ساتھ طواکی میں شروع ہونے والے دو روزہ اعلیٰ سطحی مذاکرات میں شرکت کی۔ یہ اجلاس ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب امریکہ اسٹیل کی عالمی سطح پر ضرورت سے زیادہ پیداواری صلاحیت اور بین الاقوامی تجارتی قوانین میں مجوزہ تبدیلیوں کے خلاف مربوط کارروائی کے لیے کوشاں ہے۔ امریکی تجارتی نمائندے جیمیسن گریر کی میزبانی میں ہونے والا جی-20 وزرائے تجارت کا اجلاس بدھ (مقامی وقت) کو شروع ہوا۔ اس اجلاس کا پس منظر ٹیرف (محصولات) کے تناؤ، صنعتی پیداواری صلاحیت کی زیادتی پر تشویش اور عالمی تجارتی نظام کے مستقبل کے حوالے سے بڑی معیشتوں کے درمیان مختلف آراء پر مشتمل ہے۔ افتتاحی دن کی سب سے نمایاں پیش رفت اسٹیل کی زائد پیداواری صلاحیت پر عالمی فورم کے اجلاس سے سامنے آئی، جہاں شریک ممالک نے زائد پیداوار کو روکنے کے لیے ایک نئے فریم ورک کی توثیق کی۔

بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان دفاعی تعاون مزید مضبوط

دونوں افواج کے روابط بڑھانے پر اتفاق

نئی دہلی، یکم اکتوبر (ایم این این)

بھارت اور آسٹریلیا نے دوطرفہ دفاعی تعاون کو مزید مضبوط بنانے اور دونوں ممالک کی بری افواج کے درمیان روابط کا دائرہ وسیع کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان آرمی ٹو آرمی اسٹاف مذاکرات کا 13 واں دور نئی دہلی میں منعقد ہوا۔ تین روزہ مذاکرات 28 سے 30 ستمبر تک جاری رہے، جن میں بھارتی اور آسٹریلوی فوجی حکام نے مشترکہ دلچسپی کے مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ مذاکرات کے دوران دونوں افواج کے درمیان مضبوط شراکت داری اور باہمی اعتماد کا اعادہ کیا گیا، جبکہ دفاعی تعاون کو مزید مستحکم کرنے اور فوجی روابط کے دائرے اور سطح کو بڑھانے پر خصوصی توجہ دی گئی۔ دورے کے دوران آسٹریلوی وفد نے نئی دہلی میں سینٹر فار لینڈ وارفیئر اسٹڈیز کا بھی دورہ کیا، جہاں موجودہ علاقائی اور عالمی سلامتی کے مسائل پر بات چیت ہوئی۔

آئی ایم سی 2026 ڈیپ ٹیک کو اسٹارٹ اپ پروگرام ایسپائر کے مرکز میں رکھے گا

نئی دہلی، یکم اکتوبر (ایم این این)

انڈیا موبائل کانگریس 2026 ڈیپ ٹیک اور فرنٹیئر ٹیکنالوجیز کو اپنے اسٹارٹ اپ پروگرام ASPIRE کے مرکز میں رکھے گا، جس میں اسٹارٹ اپس کو پروٹو ٹائپس سے مارکیٹ کے مواقع، سرمایہ کاری اور پیمانے پر منتقل کرنے میں مدد کرنے پر توجہ دی جائے گی۔ آئی ایم سی کا 10 واں ایڈیشن 7 سے 10 اکتوبر تک نئی دہلی کے یشوبھومی کنونشن سینٹر میں منعقد ہوگا۔ محکمہ ٹیلی کمیونیکیشن اور سیلولر آپریٹرز ایسوسی ایشن آف انڈیا کے زیر اہتمام یہ تقریب اسٹارٹ اپس، سرمایہ کاروں، صنعت کے لیڈروں اور ایکو سسٹم کے قابل بنانے والوں کو اکٹھا کرے گی۔ ایسپائر جس کا آغاز 2023 میں کیا گیا تھا توقع ہے کہ 500 سے زیادہ اسٹارٹ اپس اور ایم ایس ایم ایز اور 300 سے زیادہ وینچر کیپیٹل فرموں، اینجل نیٹ ورکس، انکیوبیٹرز اور کارپوریٹ انوویشن فرموں کو اکٹھا کرے گی۔ یہ پروگرام اسٹارٹ اپس اور سرمایہ کاروں کے درمیان 700 سے زیادہ کیوریٹڈ ون آن ون ملاقاتوں کی سہولت بھی فراہم کرے گا۔ ڈیپ ٹیک اس سال ایسپائر کا ایک کلیدی فوکس ہوگا، جس میں مصنوعی ذہانت، ڈیزائن ہارڈ ویئر، کنیکٹیویٹی، سیمی کنڈکٹرز اور اسپیس ٹیک کے سیشن شامل ہوں گے۔ اس پروگرام میں دانشورانہ املاک اور قانونی فریم ورک پر ماسٹر کلاسز بھی شامل ہوں گے، جن میں محکمہ برائے فروغ صنعت اور اندرونی تجارت اور سنٹر فار ڈیولپمنٹ آف ٹیلی میٹکس کے ماہرین شامل ہوں گے۔ منتظمین نے کہا کہ ایک اور توجہ AI اسٹارٹ اپس کو پروٹو ٹائپ سے پروڈکشن کی طرف جانے میں مدد فراہم کرنے پر ہوگی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل ٹیلی کمیونیکیشن ڈیپارٹمنٹ اشوک کمار نے اس موقع پر کہا کہ ہندوستان کی ٹیکنالوجی کی ترقی کا اگلا مرحلہ نہ صرف ہمارے ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کی مضبوطی پر منحصر ہوگا، بلکہ ان کمپنیوں کی پرورش کرنے کی ہماری صلاحیت پر بھی ہوگا جو ہندوستان سے عالمی سطح پر متعلقہ ٹیکنالوجیز تیار کرسکتی ہیں۔

از دیانت مرکل پھلواڑی تحصیلدار سرینگر

Sub : Application of Gulshan D/o Late Abdul Raheem Sheikh for Issuance of One and the Same person Certificate

اشتہار برائے آگاہی ہر خاص وعام

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں درخواست کی نسبت پٹواری حلقہ سے رپورٹ طلب کی گئی ہے کہ رپورٹ پٹواری حلقہ سے عیاں ہے کہ سائلہ گلشن دختر مرحوم عبدالرحیم شیخ ساکنہ ... میں رہائش پذیر ہے۔ سائلہ بابت ... کارپوریشن کی ریکارڈ میں ... اور مورخہ 23-10-30 کو فوت ہوا ہے۔ حلقہ کے آفس سروس ریکارڈ میں رحیم شیخ اندراج ہے جبکہ (Death Certificate) میں عبدالرحیم شیخ اندراج ہے۔ لہذا

Abdul Rahim Sheikhand Rahim Sheikh one and the same person

قبل اس کے کہ معاملہ بحث پر مزید کارروائی کی جائے اول ہر خاص وعام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی شخص کو کوئی اعتراض ہو تو وہ اپنا اعتراض ایک ہفتہ کے اندر اندر دفتر ہذا میں پیش کریں۔ بعد گزرنے میعاد کوئی بھی اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔

Ra

ریل مسافر برائے مہربانی توجہ دیں!

ضروری معلومات

تیوہار سپیشل ریل گاڑی کا سنچالن

ریل مسافروں کی باسہولت آمد و رفت کیلئے سابقہ اعلان تیوہار سپیشل ریل گاڑیوں کے علاوہ مندرجہ ذیل سپیشل ریل گاڑیاں بھی نیچے دیئے گئے نظام اوقات کے مطابق چلائی جائیں گی۔

04081/04082 نئی دہلی۔ شری ماتا ویشنو دیوی کٹڑہ۔ نئی دہلی تیوہار سپیشل ایکسپریس — 6 پھیرے

ریل گاڑی نمبر 04081 آمد	ریل گاڑی نمبر 04081 روانگی	سٹیشن	ریل گاڑی نمبر 04082 آمد	ریل گاڑی نمبر 04082 روانگی
—	23:45	نئی دہلی	10:00	—
00:58	01:00	پانی پت	07:25	07:27
01:50	01:52	کوروکشیتر جنکشن	06:25	06:27
02:30	02:40	انبالہ چھاؤنی	05:40	05:50
04:15	04:20	لدھیانہ جنکشن	03:45	03:50
05:22	05:27	جالندھر چھاؤنی	02:45	02:50
07:15	07:20	پٹھانکوٹ چھاؤنی	00:45	00:50
09:15	09:25	جموں توی	23:00	23:05
11:08	11:10	شہید کیپٹن تشار مہاجن	21:28	21:30
12:00	—	شری ماتا ویشنو دیوی کٹڑہ	—	21:00

چلنے کی دن: 04081 نئی دہلی سے مورخہ 02-10-2026، 03-10-2026 اور 04-10-2026 (شکروار، سنیچروار اور اتوار) کو اور 04082 شری ماتا ویشنو دیوی کٹڑہ سے 03-10-2026، 04-10-2026 اور 05-10-2026 (سنیچروار، اتوار اور سوموار) کو

جگہ: 3 ٹیئر اے سی، سلیپر اور جنرل کلاس

مفصل معلومات کیلئے برائے مہربانی ریل مدد ہیلپ لائن نمبر 139 ڈائل کریں یا ریلوے انکوائری ویب سائٹ www.enquiry.indianrail.gov.in دیکھیں

ریل مدد ویب سائٹ دیکھیں www.railmadad.indianrailways.gov.in

ریل مدد ہیلپ لائن نمبر 139

اتر ریلوے

3427/26

گراہکوں کی خدمت میں مسکان کے ساتھ

باقیات: صفحہ اول سے آگے

بقیہ نمبر 1

دور نہیں ہے۔ تمام دوڑنے والوں نے باور کرایا ہے کہ ان کی شرکت ایک مشترکہ مستقبل میں سرمایہ کاری ہے اور ان کی یہ دوڑ صرف اپنے لئے نہیں بلکہ جموں وکشمیر کی نئی نسل کے لئے بھی ہے جو ایک بہتر ہندوستان کا خواب دیکھتی ہے اور ان نوجوانوں کے لئے بھی جو جموں وکشمیر کو ایک خود کفیل اور ترقی یافتہ یونین ٹیریٹری بنانے کے لئے دن رات کوشاں ہیں۔ لیفٹیننٹ گورنر نے جموں وکشمیر کے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ نظم وضبط، ہمدردی اور بھائی چارے کو اپنائیں اور منشیات سے دور رہیں۔ انہوں نے 100 روزہ "نشہ مکت جموں وکشمیر مہم" کی کامیابی کا ذکر کیا جس نے پدیاتراؤں اور شہری سرگرمیوں کے پروگراموں کے ذریعے ہزاروں نوجوانوں کو بااختیار بنایا۔ انہوں نے نوجوانوں سے کہا کہ وہ "فٹ انڈیا موومنٹ" کے برانڈ ایمبیسڈر بنیں اور قوم کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ میراتھن کی اصل جیت صرف فنش لائن تک پہنچنے میں نہیں بلکہ ایک دوسرے کا ہاتھ تھام کر اور ساتھ مل کر آگے بڑھنے میں ہے۔ انہوں نے کہا، "آیئے یہ عہد کریں کہ اگرچہ ہم مختلف راستوں سے آتے ہیں، لیکن ہماری منزل ایک ہے۔ ہماری شناختیں متعدد ہو سکتی ہیں مگر ہماری قومی شناخت ایک ہے۔ ہماری رفتار مختلف ہو سکتی ہے لیکن ہمارا ہندوستان ایک اور اٹوٹ ہے اور وکست بھارت 2047 کے عزم کے ساتھ یہ مسلسل آگے بڑھ رہا ہے۔" اس برس "کشمیر میراتھن۔ رن فار یونٹی" میں مختلف زمروں میں زائد از 6000 رنروں نے حصہ لیا۔ اعزازی تقریب میں ڈی جی پی نلین پربھات، اے ڈی جی پی آرمڈ پولیس نتیش کمار، اے ڈی جی پی سی آئی ڈی ایم کے سنہا، پولیس اور سول انتظامیہ کے سینئر افسران، کھیلوں کی ممتاز شخصیات اور بڑی تعداد میں نوجوانوں نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 2

منتقی میں تجارتی ایل پی جی سلنڈر 63.50 روپے مہنگا ہو کر اب 2764.50 روپے کا ہو گیا ہے۔ چنئی میں اب یہ 66.50 روپے بڑھ کر 2983 روپے اور کولکاتا میں 70 روپے بڑھ کر 2954 روپے کا ہو گیا ہے۔

بقیہ نمبر 3

کی بحالی اور بہتری پر توجہ مرکوز کی جائے گی تاکہ عقیدت مندوں کے لئے یاترا کے تجربے کو مزید آسان، محفوظ اور آسان بنایا جا سکے جبکہ اس کی تاریخی اور ثقافتی اہمیت کو بھی برقرار رکھا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے اس بات پر زور دیا کہ جموں وکشمیر میں مذہبی زیارت مقامات کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے ساتھ ساتھ ان کے ورثے اور روایتی تشخص کا تحفظ بھی یقینی بنایا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 4

پر 36 ماہ تک 3 تا 5 فیصد سود میں رعایت فراہم کی گئی ہے جس کا مقصد اہل مستفیدین کے لئے ای وی ملکیت کی لاگت کم کرنا ہے۔ اس میں پرانی گاڑیاں سکریپ کرنے سے جڑی مراعات بھی شامل ہیں جن کے لئے پرانی گاڑیوں کی جگہ صاف اور جدید الیکٹرک گاڑیاں لینے کے لئے سالانہ 50 کروڑ روپے کا بجٹ مختص کیا گیا ہے۔ پالیسی میں پہلے 15,800 اہل اپنانے والوں کے لئے ابتدائی اپنانے والوں کی اضافی مراعات بھی رکھی گئی ہیں۔ ان میں پہلی 300 ای بسوں کے لئے 15 لاکھ روپے، پہلی 1,500 ذاتی کاروں کے لئے 1 لاکھ روپے اور پہلی 10,000 دو پہیہ گاڑیوں کے لئے 5,000 روپے شامل ہیں جو پالیسی میں مقررہ اہلیت اور شرائط سے مشروط ہیں۔ اس پالیسی میں گاڑیوں کے بیڑے کو مرحلہ وار برقی نظام پر منتقل کرنے، چارجنگ نیٹ ورکس کو وسعت دینے، نجی شعبے کی زیادہ شرکت اور ابھرتے ہوئے ای وی ایکو سسٹم کی معاونت کے لئے ہنرمند افرادی قوت کی تیاری کا بھی تصور پیش کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے وزیر ٹرانسپورٹ ستیش شرما اور محکمہ ٹرانسپورٹ کو بے ایجز کے الیکٹرک وہیکل پالیسی 2026 کے نوٹیفکیشن پر مبارک باد دی۔ انہوں نے کہا کہ یہ پالیسی جموں وکشمیر کے مخصوص جغرافیائی خطے اور سرد موسم کے حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے کلین ٹرانسپورٹ کو آگے بڑھانے کے لئے ایک منظم فریم ورک فراہم کرتی ہے۔ یہ نوٹیفکیشن عمر عبداللہ کی قیادت میں حکومت کی چھ سالہ حکمت عملی کے باضابطہ نفاذ کی علامت ہے جو کلینر موبلٹی کی طرف منتقلی، معاون انفراسٹرکچر کو مضبوط بنانے اور الیکٹرک موبلٹی سیکٹر میں نئے مواقع پیدا کرنے پر مبنی ہے۔

بقیہ نمبر 5

ہیں بالخصوص ان اہل ووٹروں پر توجہ مرکوز کرنے پر زور دیا گیا جو رجسٹریشن کے لئے اہلیت حاصل کر چکے ہیں۔ چیف الیکٹورل آفیسر نے ہدایت دی کہ بوتھ لیول افسران (بی ایل اوز) گھر گھر جا کر رابطہ کریں اور ایسے اہل ووٹروں کے لئے دستیاب رہیں جنہیں اندراج یا متعلقہ فارم سے متعلق کسی بھی قسم کی مدد درکار ہو۔ انہیں یہ بھی ہدایت دی گئی کہ فارم پر کرنے اور جمع کرنے کے عمل میں بالخصوص ان معاملات میں جہاں ووٹروں کو کسی دشواری کا سامنا ہو، ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے تاکہ کوئی بھی اہل ووٹر اندراج سے محروم نہ رہ جائے۔ چیف الیکٹورل آفیسر جموں وکشمیر نے ایک درست اور جامع انتخابی فہرست کو یقینی بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 6

تحقیقات کے مطابق مبینہ طور پر ان نوجوانوں کو تھائی لینڈ کے راستے میانمار کے میواڈی علاقے منتقل کیا جاتا تھا، جہاں انہیں استحصال کا سامنا کرنا پڑتا تھا اور مبینہ طور پر سائبر فراڈ کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر مجبور کیا جاتا تھا۔

بقیہ نمبر 7

منشیات فروشی کا کوئی الگ تھلگ واقعہ نہیں تھا بلکہ اس میں ایک منظم سپلائی کا نظام ملوث تھا جس کے ذریعے ممنوعہ دوائیں سری نگر لائی جاتی تھیں، ذخیرہ کی جاتی تھیں اور پھر تقسیم کی جاتی تھیں۔ ایس ایس پی سری نگر نے کہا کہ ذریعہ (Source) سے منزل تک، سپلائی سے تقسیم کار تک اور مالیاتی لین دین کے راستے (فائنل ٹریل) تک، ہم اس پورے نظام کی نشاندہی کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نیٹ ورک میں ملوث ہر فرد کے کردار کا تعین کرنے کے لیے تفتیش جاری رہے گی۔ سری نگر پولیس کے مطابق، تفتیش کے نتیجے میں اب تک 2,19,425 ممنوعہ دوائیں (گولیاں/کیپسول)، تقریباً 3.830 کلوگرام کوڈین، ہیروئن جیسا مادہ (تقریباً 40 گرام) اور 85.75 لاکھ روپے نقد ضبط کیے گئے ہیں۔ ایس ایس پی سری نگر ڈاکٹر جی وی سندیپ چکرورتی نے بتایا کہ پولیس نے تقریباً 1.52 کروڑ روپے مالیت کے 108 سونے کے سکے، سونے کے بسکٹ اور سونے کی دیگر اشیاء بھی برآمد کیں؛ اس کے علاوہ دو رولیکس گھڑیاں، ایک 'کریٹن ڈائز'، لیڈیز بیگ، لینس کے ساتھ ایک ڈی ایس ایل آر کیمرہ اور ایک آئی فون 16 پرو بکس بھی قبضے میں لیا گیا۔ ایک 32 ایم ایم پستول (دو خالی میگزین کے ساتھ) اور ایک خنجر بھی قبضے میں لیا گیا، جبکہ گاڑیوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی ہے۔ ایس ایس پی نے بتایا کہ منشیات کے مبینہ کاروبار سے منسلک مالیاتی نیٹ ورک کی بھی تحقیقات کی جا رہی ہیں۔ عدالت کے ضروری احکامات کے بعد، ایکسس بینک (نمبا) میں ملزم محمد وسیم زرگر کے نام پر موجود دو بینک لاکرز کی تلاشی لی گئی۔ پولیس کے مطابق، لاکرز کی تلاشی کے دوران تقریباً 65 لاکھ روپے نقد، سونے کے سکے، بسکٹ اور سونے کی دیگر اشیاء برآمد ہوئیں؛ ان برآمد شدہ اشیاء کی کل مالیت کا تخمینہ تقریباً 2.20 کروڑ روپے لگایا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق، ملزم اور زیر تفتیش دیگر افراد سے منسلک متعدد بینک کھاتوں کی بھی نشاندہی کی گئی اور انہیں قانون کے مطابق منجمد/ضبط کر لیا گیا ہے؛ اب تک تقریباً 1.07 کروڑ روپے کی رقم کی نشاندہی کر کے اسے منجمد کیا جا چکا ہے۔ پولیس نے گرفتار افراد کی شناخت محمد وسیم زرگر ساکن بچی پورہ چھتہ بل، حارث حمید ملا ساکن گنڈ بل چھتہ بل، عاقب سلیم ڈار ساکن رام پورہ چھتہ بل، انعام احمد زرگر ساکن مغلیار صفا کدل، صاحب احمد گنائی ساکن دانا مزار صفا کدل، انصار حسین بٹ ساکن زابر محلہ بڈگام، پیر شکور ساکن پالپورہ نور باغ اور ہارون پنڈت ساکن گنڈ بل چھتہ بل کے طور پر کی ہے۔ پولیس کے مطابق دو ملزمان تاحال مفرور ہیں، جن کی شناخت فیضان فردوس کھانڈے عرف فرزان بیج اور محمد شہور علیم ساکن مظفر نگر، اتر پردیش کے طور پر ہوئی ہے۔ پولیس نے مزید بتایا کہ محمد وسیم زرگر کا بچی پورہ چھتہ بل میں واقع ایک رہائشی مکان اور 2 گاڑیاں، ماروتی بریزا اور سوزوکی ارٹیگا بھی منسلک کی گئی ہیں۔ ایس ایس پی ڈاکٹر سندیپ چکرورتی نے بتایا کہ تفتیشی ٹیموں نے منشیات کی سپلائی چین کے بیک ورڈ لنکیج (یعنی سپلائی کے ابتدائی ذرائع) کا سراغ لگایا اور چندی گڑھ، پنچکولہ اور انبالہ پہنچیں، جہاں دوا ساز اداروں اور ٹرانسپورٹ ایجنسیوں کی جانچ پڑتال کی گئی۔ متعلقہ انوائسز، بل، گڈز رسیدیں اور دیگر دستاویزات حاصل کی گئیں، جبکہ منشیات کے لائسنس، خریدار کی تفصیلات، انوائسز، ادائیگی کی تفصیلات اور بعض اداروں کے استعمال میں پائی جانے والی بے ضابطگیوں کا جائزہ متعلقہ ریگولیٹری حکام کے اشتراک سے لیا جا رہا ہے۔ ایس ایس پی نے کہا کہ اب تفتیش نیٹ ورک کے آگے کی ترسیل کے نیٹ ورک پر بھی مرکوز ہے تاکہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ سری نگر میں منشیات کو کیسے ذخیرہ کیا جاتا تھا، اور انہیں کیسے تقسیم اور وصول کنندگان تک پہنچایا جاتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ تفتیش کے دوران برآمد ہونے والے ڈیجیٹل آلات کا تجزیہ کیا جا رہا ہے تاکہ خریداری، نقل و حمل، تقسیم اور مالیاتی لین دین کے مکمل سلسلے کا تعین کیا جا سکے۔ پولیس کے مطابق تفتیش کے دوران شناخت کیے گئے دو افراد ملک صاحب صفا کدل کے ہاشمی فیضان فردوس عرف فرزان بیج اور محمد شاہور گورنی الحال مفرور ہیں اور انہیں گرفتار کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ گرفتار ملزمان میں سے ایک حارث حمید ملا کا سراغ تکنیکی نگرانی کے ذریعے لگایا گیا اور سری نگر پولیس نے اسے بنگلورو، کرناٹک سے گرفتار کیا۔ نیٹ ورک کے وسیع تر روابط کے بارے میں ایس ایس پی نے کہا کہ تفتیش مختلف سطحوں پر جاری ہے اور پولیس تفتیش کے دوران سامنے آنے والے شواہد بشمول ڈیجیٹل اور مالیاتی تجزیے کی بنیاد پر مزید کارروائی کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ سری نگر پولیس منشیات فروشوں، اسمگلروں اور منشیات کے کاروبار کی مالی معاونت یا سہولت کاری کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائے گی۔ ایس ایس پی نے کہا کہ ہم اس نیٹ ورک میں ملوث کسی بھی شخص کو نہیں بخشیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تفتیش کے آگے بڑھنے کے ساتھ ساتھ مزید گرفتاریاں، برآمدگیاں اور جائیدادیں ضبط کرنے کا عمل بھی جاری رہے گا۔ ایس ایس پی سری نگر کا کہنا ہے کہ تفتیش کا عمل جاری ہے اور یہ شواہد پہنچی ہے۔ تفتیش کے دوران سامنے آنے والے شواہد کی بنیاد پر مزید قانونی کارروائی متوقع ہے۔

بقیہ نمبر 8

ماگرے، محمد اقبال بٹ ولد عبداللہ اور عبدالسلام کے طور پر ہوئی ہے۔ ادھر وائلڈ لائف محکمہ نے ریچھ کی تلاش بڑے پیمانے پر شروع کر دی۔

بقیہ نمبر 9

میں کچھ منٹوں کی تاخیر نوجوانوں کے لیے بڑا بحران بن سکتی ہے۔ کوچنگ کی فیس، کرایہ، ٹرانسپورٹ کا خرچ، یہ اس خاندان پر بہت بڑا بوجھ ہوتا ہے۔ اس لیے، ہمارے امتحانی نظام میں وقت کے تعین کے اصول کو اپنانا انتہائی ضروری ہے۔ اس لیے، ملک کے تمام سلیکشن کمیشنوں کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ معیار میں کمی کیے بغیر، ہمارا ایگزامینیشن سائیکل کس طرح چھوٹا ہو؟" مسٹر مودی نے کہا کہ 2047 تک ملک میں تیزی سے شہر کاری ہوگی اور گاؤں اور شہروں کے درمیان کا فرق کم ہوگا۔ ایسے میں نوجوانوں کی توقعات بڑھیں گی اور اے آئی پر مبنی فوری خدمات کے دور میں نظم و نسق کو بھی اسی رفتار سے بدلنا ہوگا۔ مستقبل کے سول سروسز کو انفارمیشن وار، ڈیپ فیک، الگورزم پر مبنی تعصب اور موسمیاتی انصاف جیسے نئے چیلنجوں سے بھی نمٹنا ہوگا۔ اس کے لیے انتخاب کے عمل میں پیچیدہ مسائل کے حل اور دور اندیشی کو ترجیح دینی ہوگی۔ یونین پبلک سروس کمیشن کے 100 سال کے سفر کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر مودی نے کہا کہ کمیشن کی ساکھ بدلتی نسلوں، حکومتوں، ٹیکنالوجی اور نصاب کے باوجود برقرار رہی ہے۔ انہوں نے آزادی کے بعد ملک کے انتظامی ڈھانچے کو مضبوط کرنے میں سردار ولبھ بھائی پٹیل کی شراکت کو یاد کیا۔ اس موقع پر ایک یادگاری ڈاک ٹکٹ، خصوصی سکہ اور 100 اہم مقدمات کا مجموعہ جاری کیا گیا۔ وزیر اعظم نے یونین پبلک سروس کمیشن اور ریاستی کمیشنوں کے درمیان بہتر ہم آہنگی، بین الاقوامی معیار کے مطالعے اور تکنیکی مہارت کو بڑھانے پر بھی زور دیا۔ انہوں نے 'مشن کرم یوگی' کے تحت بنائے گئے 'آئی گاٹ پلیٹ فارم' کے استعمال پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ 1952 میں سول سروس میں خواتین امیدواروں کا تناسب تین فیصد تھا، جو اب 30 فیصد سے زیادہ ہو گیا ہے۔

بقیہ نمبر 10

(بی این ایس) کی دفعات 204، (2)319، (2)336 اور (2)340 کے تحت جرائم طے ہوئے۔ جرائم شاخ نے بتایا کہ تفتیش مکمل ہو چکی ہے اور معاملہ ثابت مانا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی عدالتی فیصلے کے لیے عدالت میں فرد جرم پیش کر دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 11

صحت یابی، مزید قوت اور اچھی صحت کے لیے دعا بھی کی۔ ملک میں زبانیں، روایات، کھانے اور لباس مختلف ہیں لیکن ان تمام اختلافات کے باوجود بھارت لوگوں کے دلوں میں دھڑکتا ہے۔

بقیہ نمبر 12

لینڈنگ کی۔ ایئر لائن نے کہا کہ واقعے کی وجوہات ابھی معلوم نہیں اور تحقیقات جاری رہنے کے دوران "قبل از وقت قیاس آرائیوں" سے گریز کیا جائے۔ یوا سے ای کی جنرل سول ایوی ایشن اتھارٹی نے کہا کہ پرواز کو "ایک سکیورٹی واقعے کا سامنا ہوا جس پر قابو پا لیا گیا۔" اسرائیلی حکام کے مطابق دوران پرواز معاون پائلٹ نے ہندوستانی شہری کپتان سمیت عملے پر حملہ کیا اور کاک پٹ میں انہیں چاقو مارا۔ اس کے بعد طیارہ 30 سیکنڈ سے بھی کم وقت میں تقریباً 14 ہزار فٹ نیچے آ گیا، تاہم مسافروں اور عملے نے مداخلت کی۔ مسافروں اور عملے کے ارکان نے کاک پٹ میں داخل ہو کر معاون پائلٹ پر قابو پا لیا، جبکہ فلائی دبئی کے دو دیگر پائلٹ، جو اسی پرواز میں مسافروں کے طور پر سفر کر رہے تھے، نے طیارے کا کنٹرول دوبارہ حاصل کرنے میں مدد کی، جس کے بعد اسے تبوک میں بحفاظت اتارا گیا۔ بعد میں مسافر متبادل فلائی دبئی طیارے کے ذریعے تل ابیب پہنچے۔ واقعے کے 10 گھنٹے سے زائد وقت بعد وہ اپنی منزل پر پہنچ سکے۔ اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے کہا کہ اسرائیلی حملے کے پس پردہ محرکات کا پتہ لگانے کی کوشش کرے گا، جس میں یہ بھی معلوم کیا جائے گا کہ آیا معاون پائلٹ کے کوئی ساتھی تھے یا ایران اس میں ملوث تھا۔ نیتن یاہو نے فوکس نیوز کو انٹرویو میں کہا، "ہم اس حملہ آور کے معاملے کی تہہ تک پہنچیں گے۔ یہ بھی معلوم کریں گے کہ آیا اس کے کوئی ساتھی تھے اور آیا ایران اس کے پیچھے تھا۔ میرے خیال میں ہمیں بہت جلد اس کا پتہ چل جائے گا۔"

بقیہ نمبر 13

کہ کپتان بھاردواج شمال مغربی سعودی عرب کے شہر تبوک کے ایک اسپتال میں داخل ہیں اور ان کا علاج چل رہا ہے۔ ان کی صحت کے بارے میں مکمل معلومات ابھی نہیں آئی ہیں، لیکن بتایا جا رہا ہے کہ ان کی حالت مستحکم ہے اور انہیں طبی امداد دی جا رہی ہے۔ سفارت خانے نے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ وہ جلد از جلد اپنی چوٹوں سے صحت یاب ہو جائیں گے۔ ہم ان کے اہل خانہ کے رابطے میں ہیں اور انہیں یقین دلاتے ہیں کہ ہم سعودی حکام کے ساتھ ان کی صحت پر نظر رکھتے رہیں گے اور ان کی ہر ممکن مدد کریں گے۔

باقیات: صفحہ دوم سے آگے

101

ڈھانچہ تیار کرنے پر غور کیا گیا۔ یہ اقدام قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے تحت اعلیٰ تعلیم کی بدلتی ہوئی ضروریات کے مطابق اٹھایا جا رہا ہے۔ چیف سیکریٹری نے اجلاس میں کہا کہ دنیا تیزی سے تبدیل ہو رہی ہے اور تکنیکی جدت مسلسل طرز زندگی، کام کے طریقوں اور انسانی حالات کو متاثر کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی جہاں بعض روایتی ملازمتوں کی جگہ لے رہی ہے، وہیں یہ نئے اور پیچیدہ چیلنجز بھی پیدا کر رہی ہے جن سے نمٹنے کے لیے کثیر الجہتی علم اور مہارتوں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مستقبل ان افراد کا ہوگا جو مسلسل اپنے علم میں اضافہ کرتے، مختلف شعبوں میں مہارت حاصل کرتے اور ادارہ جاتی و پیشہ ورانہ حدود سے بالاتر ہو کر کام کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں گے۔ ان کے مطابق ایسی صلاحیتیں انفرادی طور پر پیدا نہیں کی جا سکتیں بلکہ اس کے لیے اداروں کے درمیان زیادہ سے زیادہ رابطے اور تعاون کی ضرورت ہے۔ چیف سیکریٹری نے کہا کہ علمی ورسٹی کے قیام کا تصور مختلف اداروں کی صلاحیتوں کو یکجا کر کے مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ نسل کی تیاری کے لیے ایک موثر ادارہ جاتی طریقہ کار فراہم کر سکتا ہے، جس کے ذریعے طلبہ کو علم کے مختلف شعبوں تک رسائی حاصل ہوگی۔ انہوں نے بالخصوص کانفرنس سے پیٹنٹ تک کے سفر پر زور دیتے ہوئے تحقیق، جدت اور ٹیکنالوجی کی منتقلی کے لیے واضح لائحہ عمل تیار کرنے کی ہدایت دی۔

102

چھوڑے۔ انہوں نے کہا کہ صوفیائے کرام کی تعلیمات آج کے دور میں بھی ہمارے لیے مشعل راہ ہیں۔ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء کا پیغام محبت، انسانیت اور باہمی احترام پر مبنی ہے، جس کی آج پہلے سے کہیں زیادہ ضرورت ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ان کی تعلیمات کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بناتے ہوئے معاشرے میں امن، بھائی چارے اور رواداری کو فروغ دیں۔ ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے اس مقدس موقع پر دعا کی کہ اللہ تعالیٰ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء کے صدقے جموں وکشمیر سمیت پورے برصغیر میں امن و سکون، خوشحالی اور بھائی چارہ قائم فرمائے اور عالم انسانیت کو ہر قسم کی مصیبت، نفرت اور نااتفاقی سے نجات عطا فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ اس ولی کامل کو برصغیر کے عوام محبوب الٰہی سے پکارتے ہیں۔

103

کے بارے میں عوامی بیداری پیدا کرنا تھا۔ ڈاکٹر اندرابی نے سماجی کارکنان اعجاز احمد چیئرمین، ایڈووکیٹ صغیر، ڈاکٹر شاہد افضل، ابرار بابا، عامر شوکت شاہ اور ان کی ٹیم کی جانب سے ایسے عوامی خدمت کے پروگرام منعقد کرنے کی کاوشوں کو سراہا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر اندرابی نے منتظمین، رضاکاروں اور خون عطیہ کرنے والوں کی اس عظیم انسانی مقصد کے لیے بے مثال خدمات کو سراہا۔ انہوں نے کہا، "خون کا عطیہ زندگی بچانے کی ایک اہم کاوش ہے۔ ہمیں نوجوانوں کو اس کے فوائد اور ضرورت کے بارے میں آگاہ کرنے کی ضرورت ہے۔" ڈاکٹر اندرابی نے کہا کہ رضاکارانہ خون کا عطیہ انسانیت کی بے لوث خدمت ہے اور عوام بالخصوص نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ آگے بڑھ کر ایسے اقدامات میں حصہ لیں۔

104

نریندر مودی حکومت نے عوام پر مرکوز طرز حکمرانی، سماجی تحفظ اور فلاحی فوائد کی آخری مرحلے تک فراہمی کو اپنی ترقیاتی حکمت عملی کا مرکز بنایا ہے۔ ست شرما نے کہا کہ حکومت لوگوں سے یہ توقع نہیں رکھتی کہ وہ دفاتر تک محدود رہیں اور مختلف اسکیموں کی تلاش میں بھٹکتے رہیں، بلکہ "سیوا سیتو" جیسی پہل کے ذریعے معلومات، سہولت اور خدمات کو عوام کے قریب پہنچایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی خدمت ہمارا عہد اور عوامی فلاح ہماری ترجیح ہے۔ کیمپ کے دوران آیوشمان بھارت کارڈ، آبھا کارڈ، ڈومیسائل سرٹیفکیٹ، راشن کارڈ میں ناموں کے اندراج یا اخراج، آیوشمان وے وندنا کارڈ، آدھار سے متعلق خدمات اور دیگر سہولیات فراہم کی گئیں۔

105

کے صوبائی صدر مشتاق میر نے پارٹی ہیڈکوارٹر پر امت ناگ، بڈگام اور گاندربل کے نومنتخب 43 بلاک صدور کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں شرکاء نے اپنی آراء اور تجاویز پیش کیں جبکہ یوتھ ونگ کی سرگرمیوں، آئندہ پروگراموں اور ونگ کو مزید فعال و منظم بنانے کیلئے لائحہ عمل پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ مشتاق میر نے کہا کہ 2015 سے 2024 کے اواخر تک جموں وکشمیر کے نوجوانوں کو پشت بہ دیوار کرنے اور ان کو مواقع سے محروم رکھنے میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی گئی۔ نوجوانوں کیلئے روزگار اور ترقی کے راستے محدود کئے گئے، جبکہ غیر مقامی امیدواروں کیلئے سرکاری ملازمتوں اور تعلیمی اداروں میں داخلوں کے مواقع پیدا کئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ بڑی تعداد میں نوجوانوں کے کیریئر مختلف مقدمات، گرفتاریوں اور ایف آئی آرز میں نام شامل کئے جانے سے متاثر ہوئے، جس کے اثرات آج بھی محسوس کئے جا رہے ہیں۔

106

سبکدوشی کے بعد خوشگوار، صحت مند اور اطمینان بخش زندگی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

107

کے مطابق ستیہ، اہنسا، سودیشی، سوچھتا اور سرودیا کا پیغام آج بھی انسانیت کی رہنمائی کر رہا ہے۔ ستیش شرما نے عوام بالخصوص نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ گاندھی جی کی زندگی اور خدمات سے تحریک حاصل کرتے ہوئے ان کے اصولوں کو اپنی روزمرہ زندگی میں عملی شکل دیں۔ انہوں نے کہا کہ صاف صفائی، سماجی ذمہ داری، ہمدردی اور اپنے ساتھی شہریوں کے احترام پر مبنی رویہ ایک ترقی پسند اور ہم آہنگ معاشرے کی تعمیر کے لیے ضروری ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ صفائی اور شہری ذمہ داری کو اجتماعی تحریک بنائیں اور صاف ستھرے اور صحت مند معاشروں کے قیام میں اپنا کردار ادا کریں۔

108

باہمی انضمام، ادارہ جاتی تیاری اور شہریوں میں بیداری کے حوالے سے موثر آگاہی پیدا کریں۔ انہوں نے عوامی شمولیت پر مبنی منصوبہ بندی کو فروغ دینے اور مقامی ترقیاتی ترجیحات کی نشاندہی میں سہولت فراہم کرنے پر بھی زور دیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کولگام وکار احمد گیری، اسسٹنٹ کمشنر ریونیو ریاض احمد شاہ، اسسٹنٹ کمشنر ڈیولپمنٹ بلال احمد کا مگر، چیف پلاننگ آفیسر سہیل ملک، ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر، چیف ایجوکیشن آفیسر، ایگزیکٹو انجینئر، بلاک ڈیولپمنٹ افسران، اسسٹنٹ لیبر کمشنر کے علاوہ محکمہ دیہی ترقی کے دیگر متعلقہ افسران و اہلکار موجود تھے۔

109

پیغام امن و انسان دوستی کو عام کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس بابرکت موقع پر دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اولیائے کرام کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے، معاشرے میں امن و بھائی چارہ قائم رکھنے اور انسانیت کی خدمت کا جذبہ عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ اس عرس مبارک کی برکت سے ملک و ملت میں امن، خوشحالی اور خیر و برکت عطا فرمائے۔

110

ننھے حافظ قرآن اور چھٹی جماعت کے طالب علم کی تلاوت سے ہوا جس کے بعد اقبال پبلک ہائی اسکول صورہ کے بچوں نے ایک ملی نغمہ پیش کیا۔ تقریب پر خطبہ استقبالیہ پیش کرتے ہوئے اسکول کے سیکریٹری جاوید مانگی نے کہا کہ آج کے اس بین اسکولی مقابلے کا انعقاد اس جذبے کے ساتھ کیا جا رہا ہے کہ نہ صرف اقبال اسکول کے بلکہ دیگر سرکاری اور پرائیویٹ اسکولوں میں زیر تعلیم بچے اور بچیاں علامہ اقبال کی حیات سے سبق لیں اور ان کی شاعری، فلسفہ اور حکمت کو سمجھیں اور اس سے مستفید ہو جائیں۔ انہوں نے مقابلے میں شریک اسکولوں کے منتظمین اور اساتذہ و طلاب کا شکریہ ادا کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔ پروگرام کے پہلے سیشن میں مضمون نویسی کا ایک مقابلہ ہوا جس کے لیے بچوں کو اقبالیات کے حوالے سے پانچ عنوانات دیے گئے تھے۔ مقابلے میں آر۔ پی۔ اسکول ملہ باغ کی رابعہ عرفات نے پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ اوز گارڈن اسکول بوٹہ کدل کی زوہا بنت منظور اور اقبال پبلک ہائی اسکول صورہ کی ہیبہ مظفر نے بالترتیب دوسری اور تیسری پوزیشنیں حاصل کیں۔ دوسرے سیشن میں منعقد ہوئے اقبال کوئز میں بھی آر۔ پی۔ اسکول ملہ باغ کی رابعہ عرفات نے پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ اقبال پبلک ہائی اسکول صورہ کی طالبہ نورین خدیجہ دوسری پوزیشن حاصل کرنے میں کامیاب رہی۔ اس مقابلے میں تیسری پوزیشن اسٹینڈرڈ پبلک اسکول گھاسی یار کے عمیر علی نے حاصل کی۔ کوئز پروگرام میں کوئز ماسٹر کے فرائض کشمیر یونیورسٹی میں شعبہ فارسی کی ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر حافظ شہوار نے انجام دیے جبکہ کوئز پروگرام معروف ماہر اقبالیات ڈاکٹر سید مجید اندرابی کی نگرانی اور سربراہی میں انجام دیا گیا۔ مضمون نویسی کی مقابلے کے لئے پرچوں کی جانچ کا کام ایک سہ نفری پینل نے نبھایا جس کی سربراہی ڈاکٹر جوہر قدوسی کر رہے تھے۔ اس پینل میں شہباز ہاکباری اور عبدالسلام کوثری بھی شامل تھے۔ مہمان خصوصی اور دیگر معزز مہمانوں کی ہاتھوں جیتنے والے بچوں میں ٹرافیاں، میڈل اور اسناد تقسیم کئے گئے۔ ان مقابلوں میں حصہ لینے والے بچوں میں حافظ مدہان شبیر، الاہبہ ایجوکیشنل انسٹیٹیوٹ، محمد اسماعیل اور خوشبو جان ہائر ہائی اسکول نوہٹہ، دانش جاوید اور میرین جان گرین ووڈز اسکول، شہور سجاد فاطمی جز نظیرا گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول کوٹھی باغ، ایمان منظور اور اسرار الحق گرلز مڈل اسکول کوٹھی باغ، صاحبہ جان اور فوقیہ عدین گرین ویلی ایجوکیشنل انسٹیٹیوٹ، عظمیٰ زینب اور عجمی بنت منظور ایوڈ گارڈن اسکول، مدثر احمد اور ایان عبداللہ کریسنٹ پبلک اسکول، ایان احمد بٹ اسلامیہ ہائر سیکنڈری اسکول راجوری کدل، صالحہ مظفر اور عظمیٰ احد گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول صورہ، عذیر علی اور الہام فاطمہ اسٹینڈرڈ پبلک اسکول گھاسی یار، ارم جان اور زیبا امتیاز گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول نواکدل، رابعہ عرفات آر پی اسکول ملک باغ، ساحق شبیر اور عبداللہ ہائر سیکنڈری اسکول ڈوڈی بل، نورین خدیجہ اور انیس مظفر اقبال پبلک ہائی اسکول صورہ، کنیز زہرا سرفیہ گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول رعنا واری شامل ہیں۔ اس موقع پر اقبال پبلک ہائی اسکول صورہ کے کئی اساتذہ اور بچوں کو مختلف شعبوں میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ایوارڈ دیے گئے۔ اپنی تقریر میں مہمان خصوصی پروفیسر احتشام نے اقبال پبلک ہائی اسکول صورہ کی انتظامیہ کو ایسا جاندار پروگرام منعقد کرانے پر مبارکباد دی۔ تقریب پر نظامت کے فرائض فوقیہ فاروق نے انجام دیے جبکہ ڈاکٹر مشتاق احمد گنائی نے شکرانہ پیش کیا۔ دریں اثنا اقبال پبلک ہائی اسکول کی پرنسپل تبسم جان نے مقابلے میں شامل ہونے والے سبھی بچوں کو مبارک باد دی۔ انہوں نے پوزیشنیں حاصل کرنے والوں کے لئے اپنی نیک خواہشات اور تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔ اقبال پبلک اسکول نے رحیم رضاکارانہ تنظیم کے روح رواں ڈاکٹر معروف شاہ، صدر عادل احمد، سیکریٹری حارث احمد، ریحان صاحب اور دیگر ذمہ داروں کا آج کے انٹر اسکول پروگرام میں دست تعاون بڑھانے پر شکریہ ادا کیا ہے۔

111

کرتا رہا ہے اور آج کی دنیا میں بھی اس کی اہمیت برقرار ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا، "گاندھی جی نے دنیا کو سچائی، عدم تشدد اور ہمدردی کی طاقت دکھائی۔ ان کی زندگی اور نظریات آج بھی ہمیں امن، باہمی ہم آہنگی، مساوات اور انسانی وقار کے لئے کام کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔" انہوں نے کہا کہ گاندھی جی کا ہندوستان کے بارے میں تصور اتحاد، رواداری اور سب کے احترام پر مبنی تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان کی تعلیمات ایک پرامن اور جامع معاشرے کی تعمیر کے لئے آج بھی رہنمائی فراہم کرتی ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ مہاتما گاندھی کی زندگی سے تحریک حاصل کریں اور امن، ہم آہنگی اور سماجی یکجہتی کی اقدار کے لئے اپنے عزم کی تجدید کریں۔

112

کے مطابق بنیادی ڈھانچہ، پاور گرڈ سے انضمام، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ، ہنر کی ترقی اور روزگار پیدا کرنا شامل ہے۔ سٹریٹجک انفراسٹرکچر روڈ میپ کے تحت پالیسی میں 900 پبلک چارجنگ سائٹس کے قیام کی تجویز ہے جن میں شہری گرڈز اور ہائی وے کوریڈورز پر 140 فاسٹ چارجنگ ہب بھی شامل ہیں۔ پالیسی میں ای وی کے لئے تیار پارکنگ کی بھی فراہمی شامل ہے جس میں عمارتوں کے بائی لاز کے مطابق پارکنگ کی 20 فیصد گنجائش ای وی کے لئے تیار ہوگی۔ پالیسی میں جموں وکشمیر کے مخصوص موسمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے "سب زیرو ٹمپریچر ویلیڈیشن پروٹوکول" متعارف کیا گیا ہے جس کے تحت الیکٹرک گاڑیوں (ای ویز) کی سرمائی کارکردگی کی جانچ بالخصوص برفباری اور نقطہ انجماد سے کم درجہ حرارت میں کی جائے گی۔ یہ فریم ورک ای وی چارجنگ ڈیمانڈ کو پاور سسٹم کے ساتھ منظم طریقے سے مربوط کرنے کی کوشش بھی کرتا ہے۔ پالیسی میں ای وی کو اپنانے کی حوصلہ افزائی کے لئے ای وی قرضوں پر 36 ماہ تک 3 تا 5 فیصد سود میں رعایت فراہم کی گئی ہے جس کا مقصد اہل مستفیدین کے لئے ای وی ملکیت کی لاگت کم کرنا ہے۔ اس میں پرانی گاڑیاں سکریپ کرنے سے جڑی مراعات بھی شامل ہیں جن کے لئے پرانی گاڑیوں کی جگہ صاف اور جدید الیکٹرک گاڑیاں لینے کے لئے سالانہ 50 کروڑ روپے کا بجٹ مختص کیا گیا ہے۔ پالیسی میں پہلے 15,800 اہل اپنانے والوں کے لئے ابتدائی اپنانے والوں کی اضافی مراعات بھی رکھی گئی ہیں۔ ان میں پہلی 300 ای بسوں کے لئے 15 لاکھ روپے، پہلی 1,500 ذاتی کاروں کے لئے 1 لاکھ روپے اور پہلی 10,000 دو پہیہ گاڑیوں کے لئے 5,000 روپے شامل ہیں جو پالیسی میں مقررہ اہلیت اور شرائط سے مشروط ہیں۔ اس پالیسی میں گاڑیوں کے بیڑے کو مرحلہ وار برقی نظام پر منتقل کرنے، چارجنگ نیٹ ورکس کو وسعت دینے، نجی شعبے کی زیادہ شرکت اور ابھرتے ہوئے ای وی ایکو سسٹم کی معاونت کے لئے ہنرمند افرادی قوت کی تیاری کا بھی تصور پیش کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے وزیر ٹرانسپورٹ ستیش شرما اور محکمہ ٹرانسپورٹ کو جے اینڈ کے الیکٹرک وہیکل پالیسی 2026 کے نوٹیفکیشن پر مبارک باد دی۔ انہوں نے کہا کہ یہ پالیسی جموں وکشمیر کے مخصوص جغرافیائی خطے اور سرد موسم کے حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے کلین ٹرانسپورٹ کو آگے بڑھانے کے لئے ایک منظم فریم ورک فراہم کرتی ہے۔ یہ نوٹیفکیشن عمر عبداللہ کی قیادت میں حکومت کی چھ سالہ حکمت عملی کے باضابطہ نفاذ کی علامت ہے جو کلینر موبلٹی کی طرف منتقلی، معاون انفراسٹرکچر کو مضبوط بنانے اور الیکٹرک موبلٹی سیکٹر میں نئے مواقع پیدا کرنے پر مبنی ہے۔

سپورٹس ٹائمز

Sports Times

جے اینڈ کے کے گیند بازوں نے ریسٹ آف انڈیا کو مشکلات میں ڈالا

سری نگر، یکم اکتوبر (یو این آئی) رنجی ٹرافی چیمپئن جموں و کشمیر نے ایرانی کپ میں شاندار آغاز کرتے ہوئے پہلے ہی دن مضبوط ریسٹ آف انڈیا کی ٹیم کو ۲۳۷ رنز پر روک دیا۔ سری نگر کے شیر کشمیر اسٹیڈیم کی مشکل پچ پر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے جے اینڈ کے کے گیند بازوں، خاص طور پر سنیل کمار اور لون ناصر مظفر نے تین تین وکٹیں لے کر زیادہ تر وقت ریسٹ آف انڈیا کے بلے بازوں کو دباؤ میں رکھا۔ تاہم سمرن روی چندرن کی اہم نصف سنچری نے ریسٹ آف انڈیا کو ۲۰۰ رنز کے پار پہنچایا۔ یہ اننگز اس لیے بھی اہم رہی کہ ایک وقت ٹیم کا اسکور دو وکٹ پر صرف ۲۱ رنز تھا۔ جے اینڈ کے اپنی ٹیم کے اہم تیز گیند باز عاقب نبی کے بغیر کھیل رہی ہے، جو ویسٹ انڈیز کے خلاف جاری دن ڈے میریز کے لیے ہندوستانی ٹیم کے ساتھ ہیں۔ اس کی کے باوجود نئی گیند سے عمر میر اور سنیل کمار نے ریسٹ آف انڈیا کے بلے بازوں کو کھل کر کھیلنے کا موقع نہیں دیا۔ سنیل نے اننگز کے چوتھے اوور میں سات سنگوان کو آؤٹ کیا، جبکہ ناصر لون نے زیادہ رنز بنانے والے سدیپ کمار گھرامی کو پویلین بھیجا۔ اس کے بعد ٹھمر موہن اور سرفراز خان نے تیسری وکٹ کے لیے ۶۷ رنز کی شراکت کرکے ریسٹ آف انڈیا کی اننگز کو سنبھالا۔ سرفراز نے ہوا میں شاٹس کھیلنے سے گریز کیا اور بیک فٹ پر کھیلتے ہوئے رنز بنائے، جس میں تیز گیند بازوں کی شارٹ گیندوں پر کھیلے گئے اپر کٹ بھی شامل تھے۔ ٹھمر موہن نے بھی اچھی بلے بازی کرتے ہوئے نو چوکے اور ایک چھکا لگایا، لیکن ایک بڑا ڈرائیو کھیلنے کی کوشش میں ناصر لون کی گیند پر اپنا ڈرے بیٹھے اور وکٹ کیپر کنہیا وادھاون نے کیچ لے لیا۔ ریسٹ آف انڈیا کے کپتان رشبھ پنت پانچویں نمبر پر بلے بازی کے لیے آئے۔ انہوں نے تیز گیند بازوں کے خلاف ریورس اسکوپ کھیلنے کی کچھ کوششیں کیں، لیکن زیادہ تر وقت محتاط رہے۔ اس کے بعد سرفراز خان عامر نذیر کی گیند پر وکٹ کے پیچھے کیچ آؤٹ ہو گئے اور ۴۵ رنز بنا کر پویلین لوٹ گئے۔ اگلے ہی اوور میں نذیر نے پنت کو کور کی سمت سیدھا شاٹ کھیلنے پر مجبور کیا اور وہ بھی آؤٹ ہو گئے۔ اس طرح دو وکٹ پر ۱۰۸ رنز سے ریسٹ آف انڈیا کا اسکور تیزی سے سات وکٹ پر ۱۵۵ رنز ہو گیا۔

واشنگٹن سندر ٹی 20- سیریز سے باہر

ممبئی، یکم اکتوبر (یو این آئی) ویسٹ انڈیز کے خلاف پانچ میچوں کی ٹی 20- سیریز کے لیے ہندوستانی ٹیم میں واشنگٹن سندر کی جگہ تنوش دیر کو شامل کیا گیا ہے۔ جاپان میں ایشیائی کھیلوں میں حصہ لے رہے واشنگٹن کو نیوزی لینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز کی تیاری کے پیش نظر ویسٹ انڈیز سیریز سے باہر کیا گیا ہے۔ رنجی ٹرافی سیزن 11 اکتوبر سے شروع ہوگا اور سلیکٹرز چاہتے ہیں کہ واشنگٹن میں 19 نومبر سے شروع ہونے والی دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز سے قبل واشنگٹن کو کچھ ریڈ بال کرکٹ کھیلنے کا موقع ملے۔ تنوش دیر نے حال ہی میں ترواننت پورم میں ون ڈے ڈیبیو کیا تھا، لیکن ابھی تک ٹی 20- انٹرنیشنل نہیں کھیلا ہے۔ انہوں نے 61 ٹی 20- میچوں میں 156.25 کے اسٹرائیک ریٹ سے 1222 رنز بنائے ہیں اور آٹھ وکٹیں حاصل کی ہیں۔ آئی پی ایل 2026 میں انہوں نے ممبئی انڈینز کے لیے تمام 14 میچ کھیلے اور 147.22 کے اسٹرائیک ریٹ سے 318 رنز بنائے، جن میں دو نصف سنچریاں شامل ہیں۔ وہیں، اتا، سلیکٹرز نے نیوچیری کرگھ میں ہونے والے تیسرے ون ڈے سے قبل تیز گیند باز انشل کمبوج کو بھی ٹیم میں شامل کیا ہے۔

پاور پلے کے بعد ہم پر دباؤ نہیں تھا: گل

گوہاٹی، یکم اکتوبر (یو این آئی) ہندوستانی کپتان شبھمن گل نے ویسٹ انڈیز کے خلاف دوسرے ون ڈے میں ۳۰۰ سے زائد رنز کے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے ابتدائی طور پر کچھ دباؤ محسوس ہونے کی بات تسلیم کی، لیکن کہا کہ پاور پلے کے بعد یہ دباؤ ختم ہو گیا تھا۔ میچ کے بعد براڈکاسٹروں سے بات کرتے ہوئے گل نے کہا، "اننگز کے نصف مرحلے پر اسکور بورڈ پر ۳۰۰ رنز تھے اور ہم پر تھوڑا دباؤ تھا۔ وکٹ کتنی بھی اچھی ہو اور میدان کتنا بھی چھوٹا ہو، ۳۰۰ رنز کا تعاقب کبھی آسان نہیں ہوتا۔ انہوں نے پوری آزادی کے ساتھ بلے بازی کی اور بہت اچھی بیٹنگ کی۔ ایک وقت ایسا لگ رہا تھا کہ وہ ۳۲۰-۳۳۰ رنز تک بھی پہنچ سکتے ہیں۔ اننگز کے آخری حصے میں میچ کو واپس کھینچا اور انہیں مزید ۲۵-۳۰ رنز بنانے سے روکنا ہمارے لیے بونس تھا۔" انہوں نے کہا، "روہت شرما اور میرے درمیان پاور پلے میں یہ ہدف تھا کہ اگر ہم بغیر کوئی وکٹ گنوائے تقریباً ۷۵-۸۰ رنز بنا لیتے ہیں تو یہ اچھی شروعات ہوگی۔ ہمیں اندازہ تھا کہ نئی گیند کچھ مدد کر سکتی ہے، لیکن ایک بار گیند پرانی ہو جائے تو وکٹ بلے بازی کے لیے کافی بہتر ہو جائے گی۔" روہت اور گل نے پاور پلے میں بغیر کوئی وکٹ گنوائے ۹۴ رنز بنائے اور ہندوستان ریکارڈ ہدف کے تعاقب میں تیزی سے آگے بڑھا۔ گل نے کہا، "میدان کا ایک حصہ بہت چھوٹا تھا، اس لیے ہم نے سوچا کہ جب بھی تیز گیند باز آئیں گے، ہم اس جانب کو نشانہ بنائیں گے۔ تقریباً ۴۰ اوورز کے آس پاس ہم نے سوچا کہ اگر ہم ۲۰۰-۲۱۰ رنز کے قریب ہیں تو ہم اچھی پوزیشن میں ہوں گے۔ لیکن ہم اس وقت تقریباً ۲۳۰-۲۴۰ سے ۲۵۰ رنز تک پہنچ چکے تھے۔ مجھے لگتا ہے کہ پاور پلے کے بعد دباؤ دراصل ہم پر نہیں بلکہ ان پر زیادہ تھا۔ ہم نے اپنی اننگز کے نصف مرحلے تک کوئی وکٹ نہیں گنوائی تھی۔ اس لیے یہ ہمارے لیے شاندار بونس تھا۔" روہت اور گل نے پہلی وکٹ کے لیے ۱۵۵ رنز کی شراکت داری کی، جس میں روہت نے ۸۸ گیندوں پر ۱۰۱ رنز بنائے۔ میچ کے بعد روہت نے کہا، "ہم بس مسلسل بلے بازی کرتے رہنا چاہتے تھے۔ سچ کہوں تو ہم اسکور بورڈ کے بارے میں زیادہ نہیں سوچ رہے تھے۔ ہم صرف گیند کی میرٹ کے مطابق کھیلنے کی کوشش کر رہے تھے۔ جب آپ ۳۰۷ جیسے ہدف کا تعاقب کر رہے ہوتے ہیں تو آپ کو بڑی شراکت داریاں بنانا ہوتی ہیں۔ ہم نے وہی کیا۔ دوسری طرف گل شاندار تھے اور پوری اننگز کے دوران ان کی بلے بازی پر بہت اچھا کنٹرول تھا۔"

نیتیش سیواچ نے انتظار ختم کیا

گیلو، یکم اکتوبر (یو این آئی) نیتیش سیواچ نے جمعرات کو مردوں کے 97 کلوگرام زمرے میں چاندی کا تمغہ جیت کر ایشیائی کھیلوں کی گریکو رومن کشتی میں ہندوستانی کاسنسٹ کے لیے 64 سال کا انتظار ختم کر دیا اور ملک کی تاریخ میں ایک نیا باب رقم کیا۔ آج یہاں کھیلے گئے طلائی تمغے کے مقابلے میں سیواچ کو جاپان کے یوری ماٹاڈ نے شکست دے کر طلائی تمغہ جیتا، جبکہ سیواچ دوسرے مقام پر رہے اور انہیں چاندی کے تمغے پر اکتفا کرنا پڑا۔ یہ اس کھیل میں ہندوستان کا تاریخی تمغہ ہے، جہاں ملک نے اس سے قبل صرف چار کانسی کے تمغے جیتے تھے۔

ہریدوار الماس کو 36 رنز سے شکست

دہرادون، یکم اکتوبر (یو این آئی) اتراکھنڈ پریمیئر لیگ 2026 کے فائنل میں دہرادون واریئرز نے ہریدوار الماس کو 36 رنز سے شکست دے کر سیزن 3 کا خطاب جیت لیا۔ دہرادون نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے کپتان کنال چندیلا کے 51 گیندوں پر 90 رنز اور محمد حسن ملک کے 64 رنز کی بدولت 20 اوور میں 7 وکٹ پر 197 رنز بنائے۔ جواب میں ہریدوار الماس کی ٹیم 19.4 اوور میں 161 رنز پر آل آؤٹ ہو گئی۔ دہرادون کی جانب سے آدتیہ راوت نے 19 رنز دے کر چار وکٹیں حاصل کیں، جبکہ ہریدوار کے شاشوت ڈنگوال نے 31 گیندوں پر 59 رنز کی اننگز کھیلی۔

اسکواش ٹیموں نے کانسی کے تمغے جیتے

آئیچی-ناگویا (جاپان)، یکم اکتوبر (یو این آئی) ہندوستانی اسکواش کی خواتین اور مردوں کی ٹیموں نے ایشیائی کھیلوں میں کانسی کے تمغے حاصل کیے۔ خواتین کی ٹیم کو سیمی فائنل میں ہانگ کانگ اور مردوں کی ٹیم کو ملائیشیا کے ہاتھوں 2-1 سے شکست ہوئی۔ خواتین کے مقابلے میں انہت سنگھ کو چان سین یوک نے 2-3 سے شکست دی، جبکہ تنوی کھنہ نے لی کا یی کو 1-3 سے ہرا کر مقابلہ برابر کیا۔ فیصلہ کن میچ میں جوشنا چناپا کو ٹو تسے لوک کے ہاتھوں 0-3 سے شکست ہوئی۔ مردوں کے مقابلے میں ابھے سنگھ کو این جی ان یو نے 0-3 سے ہرایا، وہیں چودھری نے سیم یاؤ کو 0-3 سے شکست دے کر مقابلہ برابر کیا۔ تاہم فیصلہ کن میچ میں ویلاوَن سینتھل کمار کو اشیئن راج چندرن نے 1-3 سے شکست دے دی۔ سیمی فائنل میں ملائیشیا کے ہاتھوں 1-2 سے شکست کے بعد ہندوستان نے مردوں کے ٹیم ایونٹ میں کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔ ابھے سنگھ کو این جی ان یو سے 0-3 (11-8، 11-8، 11-8) سے شکست کا سامنا کرنا پڑا، جس کے بعد ویر چوٹرانی نے سیم یاؤ کو 0-3 (11-4، 11-8، 11-3) سے شکست دے کر مقابلہ برابر کر دیا۔ اس کے بعد فیصلہ کن میچ میں ویلاوَن سینتھل کمار کو اشیئن راج چندرن کے ہاتھوں 3-1 (10-12، 11-6، 11-8، 11-9) سے شکست ہوئی، جس کے ساتھ ہندوستان کی مہم ختم ہو گئی۔ خواتین نے 62 کلوگرام زمرے کے کانسی کے تمغے کے مقابلے میں ہندوستان کی ماسی ابھاوت کو منگولیا کی آنشیجن ٹوگوکو کے ہاتھوں 5-2 سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ ماسی پہلے پیریڈ میں 2-0 سے ہاریں۔ اس کے بعد دوسرے پیریڈ میں بھی 3-2 کے معمولی فرق سے شکست کا سامنا کرنا پڑا، جس کے نتیجے میں وہ پوڈیم پر جگہ بنانے سے محروم رہ گئیں۔

الیگزینڈرا ایلا سنگلز میں کانسی کے تمغے پر اکتفا

آئیچی-ناگویا (جاپان)، یکم اکتوبر (یو این آئی) ایشیائی کھیلوں میں فلپائن کی ٹینس کھلاڑی الیگزینڈرا ایلا کو جمعرات کو خواتین کے سنگلز کے سیمی فائنل میں شکست کے بعد کانسی کے تمغے پر اکتفا کرنا پڑا۔ آج یہاں کھیلے گئے ٹینس مقابلے کے سیمی فائنل میں چین کی وانگ ژیو نے ایک سیٹ سے پیچھے ہونے کے بعد شاندار واپسی کرتے ہوئے ڈھائی گھنٹے تک جاری رہنے والے سخت مقابلے میں فلپائن کی ایلا کو ۳-۶، ۶-۴، ۶-۳ سے شکست دی۔ میچ کے بعد عالمی نمبر ۱۸ ایلا نے وانگ کے بارے میں کہا، "مجھے لگتا ہے کہ وہ مسلسل اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہی تھیں۔ میرے خیال میں میچ کے دوران میری کارکردگی میں کچھ اتار چڑھاؤ آیا اور اس بارے میں مجھے اپنی ٹیم سے بات کرکے اسے سمجھنا ہوگا۔ ہر کھلاڑی مسلسل کورٹ پر اپنی حکمت عملی اور اپنے لیے موزوں چیزیں تلاش کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ لیکن مجھے لگتا ہے کہ آج انہوں نے بہت اچھا کھیل پیش کیا۔ مجھے نہیں لگتا کہ مجھے کسی بات کا افسوس ہے۔"

ہندوستان سیمی فائنل میں، تمغہ پکا

ناگویا، یکم اکتوبر (یو این آئی) ایشیائی کھیلوں میں سیپک ٹاکرا کے مردوں کے کوآڈرینٹ ایونٹ میں ہندوستان نے کم از کم کانسی کا تمغہ پکا کر لیا ہے۔ ہندوستان نے جمعرات کو میانمار کو ۲-۱ سے شکست دے کر گروپ مرحلے میں ناقابل شکست رہتے ہوئے سیمی فائنل میں جگہ بنائی۔ ہندوستانی ٹیم نے پہلا گیم ۱۰-۱۵ سے گنوایا، لیکن واپسی کرتے ہوئے دوسرا گیم ۱۵-۱۳ سے جیتا اور فیصلہ کن گیم میں ۱۵-۸ سے کامیابی حاصل کی۔ اس سے قبل ہندوستان نے لاؤس اور ویتنام کو شکست دی تھی۔ ہر گروپ کی ٹاپ دو ٹیمیں سیمی فائنل میں پہنچتی ہیں اور سیمی فائنل میں شکست کھانے والی دونوں ٹیموں کو کانسی کا تمغہ ملتا ہے۔ ہندوستان اس کامیابی کے ساتھ ایشیائی کھیلوں کے سیپک ٹاکرا میں اپنا دوسرا تمغہ یقینی بنا چکا ہے۔ اس سے قبل ہندوستان نے ۲۰۱۸ کے ایشیائی کھیلوں میں کانسی کا تمغہ جیتا تھا۔

ہاکی اور کرکٹ میں شاندار کارکردگی

آئیچی-ناگویا، یکم اکتوبر (یو این آئی) ایشیائی کھیل 2026 میں ہندوستان کے لیے ایک اور یادگار دن رہا، جس میں ملک نے دو چاندی اور چار کانسی سمیت چھ تمغے جیتے۔ نیتیش کمار نے گریکو رومن کشتی کے فائنل میں پہنچ کر 64 سال کا انتظار ختم کیا اور چاندی کا تمغہ جیتا، جبکہ ہندوستانی مردوں کی کرکٹ اور ہاکی ٹیموں نے شاندار جیت کے ساتھ فائنل میں جگہ بنائی۔ سیلنگ میں منو فرانسس اور پرنس نوبل کورینتل نے مردوں کے اسکیف ایونٹ میں چاندی کا تمغہ جیتا، جبکہ خواتین کے اسکیف میں ہرشیتا تومر اور شیتل ورما نے کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔ کیپاؤٹا جیراندازی میں گیتش منی رتنم نے ووشو مردوں کے انفرادی ایونٹ میں کانسی کا تمغہ جیتا، جو ان کا ان کھیلوں میں دوسرا تمغہ ہے۔ اسکواش میں ہندوستان کی خواتین اور مردوں کی ٹیموں نے بھی کانسی کے تمغے حاصل کیے۔ خواتین کی ٹیم کو سیمی فائنل میں ہانگ کانگ کے ہاتھوں اور مردوں کی ٹیم کو ملائیشیا کے ہاتھوں شکست ہوئی۔ کرکٹ میں ہندوستان نے سری لنکا کو 124 رنز سے شکست دے کر فائنل میں جگہ بنائی، جہاں اس کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔ ہاکی کے سیمی فائنل میں ہندوستان نے پاکستان کو 3-4 سے شکست دی، جس میں ابھیشیک نے آخری لمحات میں فیصلہ کن گول کیا۔

آئی سی سی نے یکم اکتوبر سے قوانین میں تبدیلی کی

دبئی، یکم اکتوبر (یو این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ٹیسٹ، ون ڈے اور ٹی-۲۰ کرکٹ کی کھیلنے کی شرائط میں کئی تبدیلیاں کی ہیں، جن میں وقت ضائع کرنے، گیند کی خصوصیات، فیلڈنگ اور مختلف قاعدوں سے متعلق قوانین شامل ہیں۔ یہ تبدیلیاں یکم اکتوبر یا اس کے بعد شروع ہونے والی بین الاقوامی سیریز پر لاگو ہوں گی، جبکہ جاری سیریز پرانے قوانین کے تحت جاری رہیں گی۔ یہ تبدیلیاں یکم اکتوبر یا اس کے بعد شروع ہونے والی بین الاقوامی سیریز پر لاگو ہوں گی، جبکہ جاری سیریز سابقہ قوانین کے تحت ہی کھیلی جائیں گی۔ آئی سی سی کی مردوں کی کرکٹ کمیٹی کے چیئرمین سورو گانگولی نے کہا کہ ان تبدیلیوں کا مقصد قوانین کو جدید کرکٹ کے مطابق بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھیل کے ضوابط میں کچھ اہم تبدیلیاں کی گئی ہیں، جن میں کرکٹ کی گیندوں سے متعلق وضاحت، فیلڈنگ کے بعض پہلوؤں میں مزید وضاحت اور کھیل کی رفتار بہتر بنانے کے اقدامات شامل ہیں۔ ہندوستان کے سابق کپتان نے کہا کہ ان تبدیلیوں پر احتیاط سے غور کیا گیا ہے تاکہ کھیل کے ضوابط جدید کرکٹ کی ضروریات کے مطابق رہیں اور کھیل کی سالمیت اور تسلسل بھی برقرار رہے۔ سے قوانین کے مطابق مقررہ وقت کے اندر گیند کا سامنا کرنے کے لیے تیار نہ ہونے والے بلے باز کو پہلی خلاف ورزی پر وارننگ اور دوسری خلاف ورزی پر آخری وارننگ دی جائے گی۔ تیسری اور اس کے بعد ہر خلاف ورزی پر فیلڈنگ کرنے والی ٹیم کو پانچ پنالٹی رنز ملیں گے۔ بار بار خلاف ورزی کرنے پر ضابطہ اخلاق کے تحت بھی کارروائی ہو سکتی ہے۔ نئے ضوابط میں گیند کے سائز اور وزن سے متعلق بھی تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ آئی سی سی نے مردوں، خواتین اور جونیئر کرکٹ کی گیندوں کے لیے الگ الگ سائز اور وزن مقرر کیے ہیں۔ اس سے پہلے خواتین اور جونیئر کرکٹ میں اکثر ایک ہی گیند استعمال کی جاتی تھی، جس میں محدود حد تک فرق کی اجازت تھی۔ اوور تھرو کی تعریف بھی واضح کی گئی ہے۔ اوور تھرو سے مراد رن روکنے یا رن آؤٹ کی کوشش کے دوران گیند کو وکٹوں کی جانب پھینکنا ہے، جبکہ غلط فیلڈنگ کو اوور تھرو نہیں سمجھا جائے گا۔ امپائرز کو یہ فیصلہ کرنے میں بھی زیادہ اختیار ہوگا کہ گیند کا کھیل میں رہنا کب ختم سمجھا جائے۔ اب یہ ضروری نہیں ہوگا کہ گیند لازماً گیند باز یا وکٹ کیپر کے ہاتھ میں ہو۔ رن آؤٹ یا اسٹمپنگ کے دوران گیند پکڑنے والے فیلڈر کے لیے گیند پر مکمل کنٹرول ضروری ہوگا۔ صرف گیند کو ہاتھ سے چھونا، جس سے وکٹیں ٹوٹ جائیں، کافی نہیں ہوگا۔ اگر دونوں ٹیمیں میچ سے قبل رضامند ہوں تو آزمائشی طور پر ڈے ٹیسٹ میں گلابی گیند استعمال کی جا سکتی ہے، خاص طور پر خراب روشنی کے باعث کھیل میں ہونے والی رکاوٹوں کو کم کرنے کے لیے۔

ورلڈ کپ جیتنے کی خوشی ایک بار پھر محسوس کرنا چاہتا ہوں: روہت

نئی دہلی، یکم اکتوبر (یو ایس)۔ ٹیم انڈیا کے اوپنر روہت شرما کی نظریں ۲۰۲۷ میں ہونے والے آئی سی سی مردوں کے کرکٹ ورلڈ کپ پر مرکوز ہیں۔ ٹورنامنٹ کے شیڈول کا اعلان آج رات ۸:۳۰ بجے جیو ہاٹ اسٹار اور اسٹار اسپورٹس نیٹ ورک پر کیا جائے گا۔ جیو اسٹار سے گفتگو میں روہت نے کپتان شبھمن گل، ۲۰۲۷ ورلڈ کپ کی تیاریوں اور ہندوستان کے لیے ایک اور ورلڈ کپ جیتنے کی اپنی خواہش پر بات کی۔ شبھمن گل کی کپتانی کے بارے میں روہت نے کہا کہ گل کا کرکٹنگ دماغ شاندار ہے اور بطور کپتان ابھی ان کی کارکردگی کا جائزہ لینا جلد بازی ہوگی۔ انہوں نے کہا، "شبھمن گل کا کرکٹنگ دماغ شاندار ہے، اس میں کوئی شک نہیں۔ وہ تقریباً ایک سال سے کپتانی کر رہے ہیں، اس لیے اتنی جلدی بطور کپتان ان کا جائزہ لینا مناسب نہیں ہوگا۔ لیکن میں نے انہیں جتنا دیکھا ہے، وہ متاثر کن رہے ہیں۔ وہ جو چاہتے ہیں، اسے لے کر بہت واضح ہیں۔ کپتان کے لیے یہ سب سے اہم چیز ہے۔ اگر کپتان واضح ہو تو اس کے ارد گرد کے کھلاڑی بھی واضح رہیں گے۔ شبھمن کے ساتھ مجھے یہی نظر آتا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ اسے کیا چاہیے اور صحیح سمت میں آگے بڑھ رہا ہے۔ یقیناً کسی بھی کپتان کو کھلاڑیوں اور معاون اسٹاف کی حمایت کی ضرورت ہوتی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ میں جس بھی طرح اس کی مدد کر سکتا ہوں، کروں گا۔" روہت نے گل کو مسلسل حمایت دینے کی بات بھی کہی۔ انہوں نے کہا، "شبھمن کپتان ہے، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ میں اس سے دور رہوں یا اس سے کم بات کروں۔ جب سے اس نے ڈیبیو کیا ہے، ہم ایک ہی سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ ایسا ہی ہونا چاہیے اور کسی بھی وجہ سے اس میں تبدیلی نہیں آنی چاہیے۔ اسے ٹیم کے اعتماد کی ضرورت ہے اور یہ معلوم ہونا چاہیے کہ سب ایک ساتھ آگے بڑھ رہے ہیں۔ ہمارا کام اس کی حمایت کرنا اور ٹیم کو آگے لے جانا ہے۔" ۲۰۲۷ ون ڈے ورلڈ کپ جیتنے کی اہمیت پر روہت نے کہا، "آئندہ ون ڈے ورلڈ کپ جیتنا شاندار ہوگا، میں بس اتنا ہی کہوں گا۔ میں ابھی اسے کسی مکمل سائیکل یا ایسی کسی چیز کے طور پر نہیں دیکھنا چاہتا۔ ہندوستان کے لیے ورلڈ کپ جیتنا ایک خاص احساس ہے۔ ٹی-۲۰ فارمیٹ میں میں اس کا دو بار تجربہ کر چکا ہوں۔ ۲۰۰۷ میں میں صرف ۲۰ سال کا نوجوان تھا۔ یقیناً یہ بڑا ٹورنامنٹ ہے اور پہلے ہی سال ورلڈ کپ جیتنا شاندار تھا۔ پھر ہم نے ۲۰۱۳ میں چیمپئنز ٹرافی جیتی اور اس کے بعد تقریباً ۱۱ سال کا طویل دور آیا، جب ہم کوئی آئی سی سی خطاب نہیں جیت سکے۔ اس لیے جب ہم نے ۲۰۲۴ میں ٹی-۲۰ ورلڈ کپ جیتا تو احساس ہوا کہ یہ کتنا اہم تھا۔ وہ احساس آج بھی بڑی حد تک میرے اندر موجود ہے۔ "میں جانتا ہوں کہ ورلڈ کپ جیتنا کیسا محسوس ہوتا ہے۔ اس لیے میں وہ احساس دوبارہ چاہتا ہوں۔ ہم نے اس دوران جو خوشی محسوس کی، اسے الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ اس کی برابری نہیں کی جا سکتی۔ اس لیے میرے لیے وہ ورلڈ کپ جیتنا بہت اہم ہے، کیونکہ میں اس احساس کو دوبارہ محسوس کرنا چاہتا ہوں۔" آئندہ ۲۰۲۷ ورلڈ کپ کی تیاری اور موجودہ وقت پر توجہ مرکوز رکھنے کے بارے میں روہت نے کہا، "میں چاہتا ہوں کہ ۲۰۲۷ تک خود کو کافی حد تک قابل رکھوں۔

انڈیا نے ٹی20- میں عالمی ریکارڈ قائم کیا

آئچی-ناگویا، یکم اکتوبر (یو ایس)۔ ایشیائی کھیلوں کے کرکٹ ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں سری لنکا کو ۱۳۳ رن سے شکست دینے کے ساتھ ہندوستانی ٹیم نے مردوں کے ٹی-۲۰ بین الاقوامی کرکٹ میں ۱۰۰ یا اس سے زیادہ رن کے فرق سے جیت کا عالمی ریکارڈ اپنے نام کر لیا۔ اس فرق سے یہ ہندوستان کی ۱۱ویں جیت ہے۔ ہندوستان کی جیت میں ایشان کشن کی ۸۰ رن کی ناٹ آؤٹ اننگز کے بعد اکشر پٹیل، جسپریت بمراہ اور ابھیشیک شرما کی شاندار گیند بازی نے اہم کردار رہا۔ مشکل پچ پر ہندوستان کے ۱۶۹ رن کے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے سری لنکا کی پوری ٹیم ۹.۵ اوورز میں صرف ۳۵ رن پر سمٹ گئی۔ ہندوستان کی ۱۳۳ رن کی جیت مردوں کے ٹی-۲۰ بین الاقوامی ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل یا فائنل میں جیت کے سب سے بڑے فرق کا نیا ریکارڈ بھی ہے۔ اس سے قبل یہ ریکارڈ بھی ہندوستان کے نام تھا، جب اس نے احمد آباد میں ۲۰۲۶ ٹی-۲۰ ورلڈ کپ کے فائنل میں نیوزی لینڈ کو ۹۶ رن سے شکست دی تھی۔ سری لنکا کا ۳۵ رن کا اسکور کسی ٹیسٹ کھیلنے والے ملک کے خلاف ٹی-۲۰ بین الاقوامی میچ میں پوری ٹیم کے آو<?>ٹ ہونے کے بعد مشترکہ طور پر سب سے کم اسکور ہے۔ اس سے قبل ویسٹ انڈیز نے ۲۰۱۹ میں ہاسٹنگز میں انگلینڈ کے خلاف ۳۵ رن بنائے تھے۔ سری لنکا کی اننگز میں پانچ بلے باز اپنا کھاتہ بھی نہیں کھول سکے۔ ایک اننگز میں سب سے زیادہ صفر پر آو<?>ٹ ہونے کے معاملے میں یہ مشترکہ طور پر دوسرا بڑا عدد ہے۔ اس معاملے میں زمبابوے کے نام ۲۰۱۰ میں ویسٹ انڈیز کے خلاف چھ بلے بازوں کے صفر پر آو<?>ٹ ہونے کا ریکارڈ ہے۔ سری لنکا کی یہ ٹی-۲۰ بین الاقوامی کرکٹ میں دوسری سب سے بڑی شکست ہے۔ اس کی سب سے بڑی شکست ۲۰۱۹ میں آسٹریلیا کے خلاف ۱۳۴ رن کی تھی۔

انیش بھانوالا ساتویں مقام پر رہے

ناگویا، یکم اکتوبر (یو ایس)۔ ہندوستان کے انیش بھانوالا نے جمعرات کو ایچی پریفیکچرل شوٹنگ گیلری میں مردوں کی ۲۵ میٹر ریپڈ فائر پسٹل مقابلے کے فائنل میں ساتواں مقام حاصل کیا۔ اس کے ساتھ ہی ایشیائی کھیلوں میں ہندوستان کی شوٹنگ مہم ۱۵ تمغوں کے ساتھ ختم ہو گئی۔ ہندوستانی نشانہ بازوں نے مقابلے میں تین طلائی، آٹھ چاندی اور چار کانسی سمیت مجموعی طور پر ۱۵ تمغے جیتے۔ انیش ۱۱ پوائنٹس کے اسکور پر دیگر نشانہ بازوں کے ساتھ برابر تھے، لیکن کوالیفیکیشن میں کم رینکنگ کی وجہ سے کاو<?>نٹ بیک کی بنیاد پر انہیں مقابلے سے باہر ہونا پڑا اور انہوں نے ساتویں مقام پر اپنی مہم ختم کی۔ انیش نے کوالیفیکیشن میں ۵۷۹-۱۷ ایکس کا اسکور کرتے ہوئے نویں مقام حاصل کیا تھا، لیکن اس کے باوجود فائنل میں جگہ بنانے میں کامیاب رہے۔ جنوبی کوریا کے تین نشانہ باز ٹاپ آٹھ میں شامل تھے، تاہم ایک ملک کے زیادہ سے زیادہ دو نشانہ باز ہی فائنل میں پہنچ سکتے تھے۔ اس ضابطے کی وجہ سے انیش کو آٹھویں اور آخری کوالیفائنگ مقام پر فائنل میں داخلہ ملا۔ ایچی-ناگویا ایشیائی کھیلوں میں ہندوستانی پسٹل نشانہ بازوں کی کارکردگی نسبتاً مایوس کن رہی اور انہوں نے ہندوستان کے مجموعی ۱۵ تمغوں میں سے صرف دو تمغے حاصل کیے۔ ہندوستان نے خواتین کے ۱۰ میٹر ایئر پسٹل میں چاندی اور مکسڈ ٹیم ۱۰ میٹر ایئر پسٹل میں طلائی تمغہ جیتا۔ دریں اثنا ہندوستان نے اسپیک ٹاکرا کے مردوں کے کوآڈرینٹ زمرے کے سیمی فائنل میں جگہ بنا کر اپنا تمغہ یقینی کر لیا ہے۔ ہندوستان نے گروپ مرحلے میں اپنی مہم ناقابل شکست رہتے ہوئے ختم کی اور میانمار کے خلاف سنسنی خیز مقابلے میں ۲-۱ سے واپسی کرتے ہوئے کامیابی حاصل کی۔ ہندوستان کو ابتدائی سیٹ میں ۱۰-۱۵ سے شکست ہوئی، لیکن ٹیم نے اگلے دونوں سیٹ ۱۵-۱۳ اور ۱۵-۷ سے جیت کر گروپ اے میں سرفہرست مقام حاصل کر لیا۔ اس سے قبل ہندوستان نے لاو<?>س، چیک ریپبلک اور ویتنام کے خلاف بھی کامیابی حاصل کی تھی۔ کیوسلاوم میں ہندوستان کی شیکھا چوہان نے خواتین کے کاتھ سنگلز فائنل میں ساتواں مقام حاصل کیا۔

من دیپ کو ہاکی انڈیا نے مبارکباد دی

کاکامی گھارا، یکم اکتوبر (یو ایس)۔ بھارتی مردوں کی ہاکی ٹیم کے اسٹار فارورڈ من دیپ سنگھ نے جمعرات کو ایک اہم اعزاز حاصل کرتے ہوئے 300 سینئر بین الاقوامی میچ مکمل کر لیے۔ انہوں نے یہ سنگ میل جاپان کے کاکامی گھارا میں پاکستان کے خلاف ایشین گیمز 2026 کے سیمی فائنل مقابلے کے دوران حاصل کیا۔ 31 سالہ من دیپ نے 2013 میں 18 سال کی عمر میں بھارتی سینئر ٹیم کے لیے ڈیبیو کیا تھا۔ ہاکی انڈیا لیگ میں سینئر فارورڈ کی حیثیت سے ان کی شاندار کارکردگی کے بعد انہیں قومی ٹیم میں جگہ ملی تھی۔ اس کے بعد انہوں نے کئی اہم بین الاقوامی ٹورنامنٹس میں بھارت کی نمائندگی کی اور ٹیم کی کامیابیوں میں اہم کردار ادا کیا۔ ان کے بین الاقوامی کیریئر کا ابتدائی اہم سنگ میل 2016 میں آیا، جب وہ جونیئر ورلڈ کپ جیتنے والی بھارتی ٹیم کا حصہ تھے۔ اس کے بعد ان کا کیریئر اولمپکس، ایشین گیمز، کامن ویلتھ گیمز اور دیگر اہم عالمی و براعظمی مقابلوں میں متعدد تمغوں سے سجتا گیا۔ من دیپ ٹوکیو 2020 اور پیرس 2024 اولمپکس میں مسلسل کانسی کے تمغے جیتنے والی بھارتی ٹیم کا حصہ رہے۔ ایشین گیمز میں انہوں نے 2023 میں ہانگژو میں طلائی تمغہ جیتنے والی ٹیم میں اہم کردار ادا کیا، جبکہ 2018 میں جکارتہ ایشین گیمز میں کانسی کا تمغہ جیتنے والی ٹیم کا بھی حصہ رہے۔ ان کے تمغوں کے ذخیرے میں برمنگھم 2022 کامن ویلتھ گیمز کا چاندی کا تمغہ اور 2016 اور 2018 چیمپئنز ٹرافی کے چاندی کے تمغے بھی شامل ہیں۔ براعظمی مقابلوں میں انہوں نے 2025 ایشیا کپ میں طلائی اور 2013 میں چاندی کا تمغہ جیتا۔

راولپورہ میں اسپورٹس ڈے کا انعقاد

سرینگر، یکم اکتوبر: سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: پی ایم شری گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری اسکول راولپورہ میں اسپورٹس ڈے جوش و خروش، رنگا رنگ سرگرمیوں اور کھیلوں کے بھرپور جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ اسکول کے اسپورٹس ڈیپارٹمنٹ نے ادارے کے فٹ انڈیا کلب کے اشتراک سے اس پروگرام کا انعقاد کیا، جس میں طلبہ اور عملے نے شرکت کر کے جسمانی فٹنس، ٹیم ورک اور صحت مند طرز زندگی کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ تقریب کے دوران مختلف دلچسپ کھیلوں اور سرگرمیوں کا اہتمام کیا گیا، جن میں ہاپ اسکاچ، رسہ کشی، تیز دوڑ، الٹی سمت میں چلنے اور میوزیکل چیئرز کے مقابلے شامل تھے۔ طلبہ اور عملے نے بھرپور جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیا، جس سے پورا ماحول خوشگوار اور سرگرم رہا۔ ان سرگرمیوں نے شرکاء میں نظم و ضبط، مستقل مزاجی، باہمی تعاون، ٹیم اسپرٹ اور ایک دوسرے کے احترام جیسے مثبت اوصاف کو فروغ دیا۔ اس موقع پر اسکول کی پرنسپل شفیقہ احمد نے اختتام سے خطاب کرتے ہوئے طلبہ پر زور دیا کہ وہ صحت مند اور فعال طرز زندگی اپنائیں۔ انہوں نے کہا کہ باقاعدہ جسمانی سرگرمیاں، کھیلوں میں شرکت اور صحت مند عادات جسمانی صحت، ذہنی مضبوطی اور ہمہ جہت نشوونما کے لیے نہایت اہم ہیں۔ پرنسپل نے طلبہ کو تعلیم اور کھیلوں کے درمیان مناسب توازن برقرار رکھنے کی تلقین کرتے ہوئے کہا کہ حقیقی کامیابی صحت مند جسم اور مضبوط ذہن کی پرورش میں مضمر ہے۔ اسپورٹس ڈے کے انعقاد نے اسکول کے اس عزم کو مزید اجاگر کیا کہ طلبہ کی جسمانی، ذہنی اور تعلیمی ترقی کے لیے کھیلوں اور فٹنس کو فروغ دیا جائے۔ طلبہ اور عملے کی پرجوش شرکت نے اس دن کو ایک یادگار موقع بنا دیا۔

ڈوڈہ میں بزرگ شہریوں کا عالمی دن منایا گیا

ڈوڈہ، یکم اکتوبر: سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: ڈپٹی کمشنر کی ہدایات اور ڈسٹرکٹ سوشل ویلفیئر آفیسر کی مجموعی نگرانی میں محکمہ سماجی بہبود ڈوڈہ کی جانب سے جمعرات کو ضلع صدر مقام سمیت تمام تحصیلوں میں بزرگ شہریوں کا عالمی دن ۲۰۲۶ منایا گیا۔ اس موقع پر بزرگ شہریوں کی فلاح و بہبود، عزت و وقار اور بہتر زندگی کے لیے مختلف سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا۔ اس پروگرام کا مقصد معاشرے میں بزرگ افراد کی گراں قدر خدمات کو تسلیم کرنے کے ساتھ ان کے حقوق، صحت اور سماجی بہبود کے حوالے سے عوامی بیداری پیدا کرنا تھا۔ تقریبات کے دوران بزرگ شہریوں میں شالیں تقسیم کی گئیں، جبکہ ان کی تفریح اور ذہنی سرگرمیوں کے لیے کیرم اور شطرنج کے مقابلوں کا اہتمام بھی کیا گیا۔ اس کے علاوہ معمر افراد کے لیے مفت طبی معائنے کی سہولت فراہم کی گئی اور طبی امداد کے ضرورت مند افراد میں مفت ادویات تقسیم کی گئیں۔ ضلع کی چاروں تحصیلوں میں منعقدہ ان سرگرمیوں میں ۵۰۰ سے زائد بزرگ شہریوں نے پرجوش شرکت کی۔ ان پروگراموں کے ذریعے معمر افراد کو ایک دوسرے کے ساتھ میل جول بڑھانے، تفریحی سرگرمیوں میں حصہ لینے اور بنیادی طبی سہولیات سے استفادہ کرنے کا موقع فراہم ہوا۔ محکمہ سماجی بہبود نے بزرگ شہریوں کے عالمی دن ۲۰۲۶ کو ضلع بھر میں ایک بامقصد اور یادگار موقع بنانے میں تعاون کرنے والے تمام افسران، طبی عملے اور دیگر متعلقہ افراد کی شرکت اور خدمات کو سراہا۔

اے ڈی سی سوپور کا خوشحال اسٹیڈیم کا دورہ

بارہمولہ، یکم اکتوبر: سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوپور ڈاکٹر ایس اے رینا نے جمعرات کو خوشحال اسٹیڈیم سوپور کا دورہ کر کے نوجوان کھلاڑیوں سے ملاقات کی اور وہاں جاری کھیلوں کی سرگرمیوں اور دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران اے ڈی سی نے اسٹیڈیم کے احاطے میں چند پاپلر کے درخت لگائے جانے کا مشاہدہ کیا اور کہا کہ اس جگہ کو بچے کھیلوں کے مقابلوں کے دوران پارکنگ کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے درختوں کی اس شجرکاری کو محکمہ تجاوزات سے تعبیر کرتے ہوئے اسپورٹس آفیسر کو معاملے کی جانچ کرنے اور ضروری کارروائی کرنے کی ہدایت دی۔ ڈاکٹر رینا نے اسپورٹس آفیسر کے دفتر میں عملے کی حاضری بھی چیک کی اور کھیلوں سے متعلق سرگرمیوں کے کام کاج کا جائزہ لیا۔ اننت ناگ اور پلوامہ سے تعلق رکھنے والے کھلاڑیوں کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے اے ڈی سی نے ان کے جوش، لگن اور کھیلوں کے جذبے کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ نوجوان کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہے، تاکہ انہیں بہتر سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے کردار سازی، صحت مند طرز زندگی کے فروغ اور منشیات کی لت سمیت سماجی برائیوں سے نوجوانوں کو دور رکھنے میں کھیلوں کی اہمیت پر زور دیا۔ اس کے ساتھ ہی کھلاڑیوں کو اپنی تعلیم پر بھرپور توجہ دینے اور تعلیمی سرگرمیوں و کھیلوں کے درمیان مناسب توازن برقرار رکھنے کا مشورہ دیا۔ کھلاڑیوں نے حوصلہ افزائی کرنے اور خوشحال اسٹیڈیم میں کھیلوں کی سہولیات کی ترقی میں دلچسپی لینے پر اے ڈی سی کا شکریہ ادا کیا۔

پہلگام میں انڈر19- گرلز یوٹی سطح کبڈی ٹورنامنٹ کا آغاز

پہلگام، یکم اکتوبر: سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: ڈائریکٹوریٹ آف یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس، جموں و کشمیر کے زیر اہتمام اور ڈسٹرکٹ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس آفیسر اننت ناگ کی میزبانی میں بین ضلعی یوٹی سطح انڈر-۱۹ گرلز کبڈی ٹورنامنٹ کا آغاز جمعرات کو سیاحتی مقام پہلگام میں ہوا۔ چیمپئن شپ میں جموں و کشمیر کے مختلف اضلاع کی ۱۶ ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں، جس سے نوجوان کھلاڑیوں کو یوٹی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے اور مسابقتی تجربہ حاصل کرنے کا موقع فراہم ہو رہا ہے۔ افتتاحی تقریب میں تحصیلدار پہلگام، ڈسٹرکٹ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس آفیسر اننت ناگ ظہور احمد وانی اور محکمہ کے دیگر افسران موجود تھے۔ افتتاح کے بعد ٹورنامنٹ کے ابتدائی مقابلے بھی کھیلے گئے۔ میزبان ضلع کی جانب سے چیمپئن شپ کے ہموار، محفوظ اور منظم انعقاد کے لیے تمام ضروری انتظامات مکمل کیے گئے ہیں۔ کھلاڑیوں کی حفاظت اور پیشہ ورانہ انداز میں مقابلوں کے انعقاد پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ اسی سلسلے میں ایک اہم حفاظتی اقدام کے تحت مقابلے مٹی کے میدانوں کے بجائے معیاری ربڑ کی کبڈی میٹس پر منعقد کیے جا رہے ہیں، تاکہ کھلاڑیوں کو محفوظ کھیلنے کی سطح فراہم کرنے کے ساتھ چوٹ لگنے کے خطرات کو کم کیا جا سکے۔ ٹورنامنٹ کے لیے مختلف اضلاع سے تصدیق شدہ تکنیکی آفیشلز کو بھی تعینات کیا گیا ہے، تاکہ مقابلوں کو کھیل کے مقررہ قواعد و ضوابط کے مطابق غیر جانبدارانہ اور پیشہ ورانہ انداز میں منعقد کیا جا سکے۔ ڈائریکٹوریٹ آف یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس کی جانب سے مقرر کردہ سلیکٹرز بھی انتخابی عمل کی انجام دہی کے لیے مقام پر موجود ہیں۔ کبڈی کی جسمانی نوعیت اور کھیل کے دوران ممکنہ چوٹوں کے پیش نظر محکمہ صحت کے تعاون سے طبی سہولیات اور ابتدائی طبی امداد کے خصوصی انتظامات بھی کیے گئے ہیں۔

مقامی سپورٹس کی خبریں شائع کرنے کے لئے رابطہ کریں

شہر و گام میں ہونے تمام لوکل سپورٹس کو فروغ اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے اخبار "سرینگر ٹائمز" کھیل کے تئیں دلچسپی رکھنے والوں کے لئے سپورٹس صفحہ پر ایک مخصوص کالم فراہم کر رکھا ہے۔ جس میں آپ اپنے علاقے کی کھیل کی سرگرمیاں تصویروں کے ساتھ اخبار میں شائع کرنے کے لئے ادارے کی ای میل ایڈریس پر تحریری طور مکمل کی تفصیلات ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی کے نام دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر ارسال کر سکتے ہیں۔

نوٹ: (۱) جس کے لئے آپ کو معاوضہ دینے کی ضرورت نہیں ہوگی اور وادی کی طرف سے وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے مفت شائع ہوتا ہے۔

(۲) سپورٹس صفحہ کے صفحہ پر شائع ہونے والی مقامی خبروں کے علاوہ مقامی ٹورنامنٹس کی خبریں جو شائع ہوتی ہے یہ تمام اشتہارات اور وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور ترغیب دینے کے ساتھ شائع کرتا ہے اور وادی میں منعقد ہونے والے ٹورنامنٹس میں حصہ لینے والے کھلاڑیوں کو وہی کچھ کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ (ادارہ)

مکمل پتہ:
ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی
دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر-190001

email: saahil.srinagartimes@gmail.com
0194-2456781 مزید جانکاری کے لئے اس فون نمبر پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں

Printed and Published by: **SAHIL YOUSUF**, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: **BASHIR AHMAD BASHIR**, Executive Editor, **S.M. YOUSUF**, Editor: **SHADAB BASHIR**, Managing Advertising: **SEEMAAB BASHIR**, Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781 E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781